طبی دنیا میں تہلکہ مچا دینے والا

بےنظیر مجموعہ

# تحفۂ مقبول

جلد اوّل

حکیم محمد 03007444904

مرتب و مؤلف


پیر مقبول عالم پانی پتی


پی ڈی ایف تیار کردہ


حکیم محمد ارشد شاہین لاہور

0323-4422244

جملہ حقوق بحق مؤلف محفوظ ہیں

طبی دنیا میں تہلکہ مچا دینے والا

بے نظیر مجموعہ

# تحفہ مقبول

## جلد اوّل

مرتبہ و مؤلفہ

**پیر مقبول عالم**

پانی پتی

پرنسپل مہاراجہ آیورویدک اینڈ یونانی طبیہ کالج

پسرور

طبع اوّل

تعداد ۱۰۰۰

بلا جلد قیمت دو روپیہ آٹھ آنہ صرف مجلد تین روپیہ

(مطبوعہ حجازی پریس لاہور)

پی ڈی ایف تیار کردہ : حکیم ایم ارشد شاہین لاہور کینٹ 03234422244

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# نذرِ عقیدت

خاکسار کی یہ فطرتاً خواہش ہے کہ بلکہ اپنی زندگی کا بیشتر ین حصہ ! فن طبابت کی خدمت میں صرف کروں میری اس زبردست ! خواہش اور ارادے نے مجھے آجتک بیقرار رکھا ہے میں یہ بتادینا چاہتا ہوں کہ اِس فن موصوف کی خدمت کا سہرٹ مجھ خاکسار میں کسقدر موجود ہے۔ بندہ نے اپنی کمال عرق ریزی اور کاوش کے بعد شائقین طب اور حکیموں اور وید صاحبان کی سہولت مطب اور راہنمائی کیواسطے ایک کتاب موسوم بہ تحفۂ مقبول تصنیف کی ہے۔ مطالعہ کرنیوالے حضرات کو معلوم ہو جائیگا کہ طبی دُنیا میں آجتک ایسی تصنیف کبھی شائع نہیں ہوئی ہیں یہ طبی پیشکش بطور نذرانے کے عالیجناب ڈاکٹر ! و حکیم مولوی عبدالحکیم جی صابری طبیب حاذق و لقمان الملک رجسٹرڈ۔ ایچ۔ ایل۔ ایم۔ ایس۔ ساکن دھگانہ تحصیل شاہدرہ کے پیش کرتا ہوں۔ کہ وہ بعد مطالعہ اِس سے فائدہ اُٹھا کر پبلک کو اِس مکمل راہنما سے آگاہ کر کے دُعائے خیر لیویں۔

"گر قبول افتد زہے عز و شرف"

خاکسار

پانی پتی مہاراجہ ایورویدک اینڈ یونانی طبی کانفرنس سید مقبول عالم شاہ صدر

پسرور

۷۸۶ تحفۂ مقبول جلد اوّل ۷۸۶

# حالات زندگی

(فخرِ خاندان اطبائے یونان حکیم کرامت علی لقمان الملک مانک)

تاریخ پیدائش یکم جنوری ۱۸۸۶ء آپ کے والد محترم چیچڑانوالہ میں ہیڈ ماسٹر تھے۔ ابتدائی تعلیم کے ایام میں مڈل پاس کرنے کے بعد خصوصاً علم طب کی تحصیل کا شوق پیدا ہوا ۱۹۰۶ء پسرور سکول میں ملازمت کا موقعہ ملا۔ ان دنوں میں آپ نے شاگردی کا فخر حاصل کیا ہے۔ حکیم مولوی خادم علی پسروری۔ ڈاکٹر صاحب تفضل حسین و مسٹر تاراچند و حکیم نادر شاہ و پنڈت ابناشی رام وغیرہ کے فیض و برکات طبی سے بہرہ اندوز ہوتے رہتے۔ ازاں بعد ۱۹۱۲ء میں قلعہ صوبا سنگھ میں عہدہ ہیڈ ماسٹری پر متقرر ہوئے وہاں سے حکیم مولوی فضل کریم کے برکات فن طب سے مستفیض ہوئے۔ ان کے زیر سر پرستی عملی کام مطب شروع کر دیا۔ خانگی ضروریات کے باعث آپ کا حسنِ اتفاق میو ہسپتال میں ہوا عرصہ چھ ماہ تک سرجری کے کام میں بھی واقفیت حاصل کی۔ ۱۹۲۱ء سے مانک تحصیل نارووال میں ہیڈ ماسٹر ہیں۔ اور عرصہ ۱۸ سال سے فن طب کی خدمات مفت سرانجام دے رہے ہیں۔ قریباً قریباً ۹۵ فیصدی مریض صحت

یاب ہوتے رہتے ہیں۔ اثنائے کارکردگی کے تجربات سے دو مجرب نسخے تیر بہدف اور بے خطا ثابت ہوئے۔ حسب الخواہش پیر مقبول عالم پانی پتی پرنسپل مہاراجہ آیورویدک اینڈ یونانی طبیہ کالج پسرور کو بغیر بخل کے برائے اشاعت تحفہ مقبول پیش کش کرتا ہوں۔ گر قبول افتد زہے عزو شرف۔

## نسخہ برائے بخار صفراوی

کونین ۲ ماشہ ست لیموں ۳ ماشہ کافور بھیم سینی ۱۰ رماشہ پھٹکری سفید بریاں ۳ ماشہ سوڈا بائی کارب ا ماشہ الائچی سبز ۳ ماشہ ست گلو اصلی ۳ ماشہ طباشیر نقرہ ۳ ماشہ کشتہ ہڑتال گئودنتی ۳ ماشہ گولیاں چنے کے برابر بنادیں صمغ عربی کے لعاب سے ترکیب استعمال۔ اسبغول ۲ تولہ۔ بہدانہ ۶ ماشہ پاؤ بھر پانی میں بھگو کر مصری حسب ضرورت ڈالکر ایک گولی صبح اور ایک شام استعمال کریں۔

## مرہم برائے داد و چنبل و شور سر جسکو چھاجو کہتے ہیں

بیریم سلفائڈ عمدہ ۲.۰ تولہ آب خالص ۵ تولہ میں حل کریں۔ پانچ چھ منٹ کے بعد زرد رنگ کا پانی اوپر سے نتار لیں۔ اس پانی میں آٹھ تولہ روغن سرسوں سیاہ میں کھرل کریں۔ مرہم تیار ہے۔ ترکیب استعمال۔ داد اور چنبل کو رگڑ کر لگادیں۔ چھاجو وغیرہ پر لگادیں۔ بفضل تعالٰے اکسیر ثابت ہوگا۔ اگر دوائی تیز ہو تو بقدر ضرورت تیل اور اضافہ کرلیں۔

# حالات زندگی

(جناب ڈاکٹر حکیم مولوی عبد الحکیم لقمان الملک دیگانہ ضلع شیخوپورہ)

پیدائش سمہ ۱۹۲۴ یوہ میں ہوئی۔ آپ فرزند مولوی حکیم بدر الدین بھٹی صابری کے ہیں۔ اس وقت آپ کی عمر کا اندازہ ۴۱ سال کا لگایا گیا ہے بچپن سے لے کر ۱۸ - ۱۹ برس تک تعلیم عربی فارسی طبی چیدہ چیدہ درسگاہوں سے حاصل کرتے رہے آپ کے دو قابلِ فخر استاد تھے۔ ایک حکیم محمد بخش صاحب دوسرے حکیم مولوی نور الدین صاحب آپ عرصہ ۲۴ سال سے کام مطب کر رہے ہیں اور ہزار ہا خدا کی خلقت کو آپ کے دست کرم سے شفایابی ہو رہی ہے اور آپ نے ایک نسخہ نایاب زمانہ جناب پیر مقبول عالم پرنسپل طبیہ کالج پسرور برائے اشاعت تحفہ مقبول عطا کیا ہے۔ جو ۹۹ فیصدی مجرب ہے۔

(۱) **نسخہ برائے مار گزیدہ** (۲) جاڑیہ (۳) ڈھکندر (۴) ناسور کہنہ (۵) موتی جھرہ (۶) حمی ربع (۷) حمی بلغمی (۸) درد عرق النساء (۹) درد خاصرہ (۱۰) درد مفاصل (۱۱) وجع اور رگ (۱۲) برائے تحلیلے یعنی برف سے مارے ہوئے کیلئے تیر بہدف ہے۔ صد ہا مریضوں پر حکیم صاحب موصوف نے تجربہ کیا ہے اس نسخہ درِ نایاب کو بصد مشکل اظہار کیا۔

**نسخہ مبارک یہ ہے:۔** حلزون یعنی سنکھ پاؤ پختہ لے کر دو بوتل شراب میں اکیس مرتبہ بجھا دیں۔ بندہ نے کئی مرتبہ یہ عمل کیا ہوا ہے۔ اور برگ نیم بقدر ۲ سیر پختہ لیکر کوٹ لیں۔ اسکے تہ بالا حلزون مشوی رکھکر بیس سیر پختہ اوپلوں کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر آب باتھو پانچ تولہ میں کھرل کریں۔ پھر آب کنوار پانچ تولہ میں کھرل کریں۔ پھر شیر بکری اچھا ایک تولہ میں کھرل کریں۔ حتےکہ پہلے کی طرح آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔

تبدیل بدرقہ جات سے امراض مذکورہ میں دے دیں۔

**ترکیب استعمال:۔** مارگزیدہ کو گندم بریاں ۲ ماشہ سفوف بنا کر کشتہ نادوس مذکور چار رتی ڈال کر یہ ایک خوراک ہمراہ شیر ۱۰ تولہ روغن زرد ۱۰ تولہ بغیر مٹھاس کے منہ میں پڑیا ڈالکر اوپر سے جھول پلائیں اور لحاف اڑائیں بلکہ منہ پر اچھی طرح گرم کپڑا ڈالدیں۔ ۳ منٹ کے بعد عرق بسیار پیدا ہوکر تمام زہر ہر بن مو سے نکل کر تندرست ہو جائیگا۔ اگر مارگزیدہ بیہوشی کی حالت میں ہو۔ تو اسکے دونو نتھنوں میں فلفل سفید باریک پیس کر نفوخ کر دیں اور اندر کشتہ دیویں۔ ہوش میں آکر صحت یاب ہو گا ضرورت پڑے تو ۲ گھنٹہ کے بعد ادویات استعمال کرائیں۔ جس مریض کو پسینہ نہ آوے گا تو ہلاک ہو جائے گا۔ جاڑیہ میں ایک رتی ہمراہ بالائی یا مکھن ہر روز ۲ ماہ تک استعمال کرنے سے دور ہو ہوجاتا ہے۔ جھاڑیہ سے مراد ناصور یا باچھ ہے۔ جو درد دانت کے بعد

ہوتا ہے۔ امراض نمبر ۳ سے گیارہ تک ہمراہ سفوف کوزہ مصری دد رتی کشتہ ۲ رتی پانی سے استعمال کریں۔

برف میں دبے ہوئے کو یعنی جسکو زیادہ سردی لگ گئی ہو۔ زعفران ۲ رتی عرق گلاب چار تولہ میں حل کر کے سردی کے مارے ہوئے بیہوش کے منہ میں ڈال کر ۲ رتی کشتہ اوپر سے چمچہ چمچہ عرق پلائیں۔

# ڈاکٹر رتن سنگھ بیدی

(ایل۔ ایم۔ ایس۔ ایچ ڈیرہ بابا نانک)

## ہر قسم کے کہنہ بخاروں کیلئے سوائے دق

جو کہ ڈاکٹر صاحب موصوف کی ۱۸ سالہ پریکٹس میں مجرب ثابت ہوا۔

# نسخہ مبارک

| | | | |
|---|---|---|---|
| درچینیا انڈیکا | ۵ بوند | نیرم نوس | ۵ گرین |
| نیٹرم سلف | ۵ گرین | یوکلپٹس آئل | ۱ بوند |

صرف ایک خوراک ہے۔ ایسی چار خوراک دن میں ہر تین گھنٹے کے بعد استعمال کریں۔ بخار خواہ چڑھا ہوا ہو۔ خواہ باری کا ہو۔ میعادی ہو۔ یا سادہ بخار ہو۔

# مجربات حکیم محمد اسحاق

## ہلووال

**برائے صرع** گلقند نیم آثار پختہ خوشبہ اسطوخودوس حسب طریقہ معجون بنائیں۔ خوراک ۲ تولہ صبح اور ۲ تولہ شام ہمراہ عرقِ سونف ۱۰ تولہ کھلائیں

**دیگر:** ۔ برگ سنا ۱۰ تولہ ترید موصوف ایک تولہ عاقرقرحا ۳ تولہ عود صلیب ۳ تولہ اسطوخودوس ۳ تولہ ایلوہ ۳ تولہ مصطگی ۲ تولہ زنجبیل ۲ تولہ ہینگ ۲ تولہ کافور بھیم سینی ایک سرخ شہد خالص ۲ حصہ معجون بنا لیں۔ خوراک ۱۰ رتولہ صبح اور ۱۰ رتولہ شام پرہیز غسل و جماع و لبنیات و بقولات وغیرہ

**دق اطفال** تخم الائچی خورد ایک تولہ فلفل ۴۰ ر ماشہ عود صلیب ۲ ماشہ برنج زیرہ سفید ۲ ماشہ زہر مہرہ خطائی ۲ ماشہ پوست سنگ دانہ مرغ ۲ ماشہ اندر جو مقشر ۲ ماشہ صندلین ۲۔ ۲ ماشہ تحبیہ پیل ۲ ماشہ سہاگہ بریاں ۲ ماشہ زرورد ۲ ماشہ گلسرخ ۲ ماشہ زعفران ۴ سرخ حب بقدرِ دانہ مونگ مدبر باآب کیلا و روح کیوڑہ

نسخہ برائے خنازیر موش کا پوست آتلر کر پانچ تولہ برگ نیم خشک سے بقدر نخود گولیاں بنالیں ہمراہ گھی پانچ ماہ استعمال کریں۔ ترشی سے پرہیز

# حالاتِ زندگی

جناب حکیم برکت علی کامل طب جراحت تلونڈی بھنڈراں مسیح الہند

ابتدائی حالات آپ نے انٹرنس پاس کر کے پچاس روپیہ ماہوار کی ملازمت اختیار کی آپ کے والد بزرگوار حکیم اللہ دتہ اسماعیل نے فن طب کی تعلیم کے واسطے طبیہ کالج دہلی میں داخل کر دیا۔ وہاں آپ نے عرصہ چار سال تک طبی تعلیم حاصل کی اور ایک سال زیر سرپرستی حکیم حافظ مسیح الملک عالیجناب حکیم محمد اجمل خاں مرحوم مغفور رئیس اعظم بانی طبیہ کالج دہلی کے مطب کا فیض حاصل کیا۔ پھر اپنے خاندانی پیشہ طبابت میں مصروف ہو گیا۔ اپنے والد صاحب کی زندگی میں ان کے ہمراہ عرصہ پندرہ سال تک برابر علاقہ کی خدمت کی۔ والد صاحب کے رحلت فرمانے کے بعد اب بھی بدستور مطب کر رہے ہیں۔ خداوند عالم کی مہربانی کے ساتھ آپ کے دست مبارک سے سینکڑوں مریض شفا حاصل کر چکے ہیں۔ دوران ایام تعلیم دینے میں بھی ان کا وجود طبی درسگاہوں کے واسطے باعثِ فخر تھا۔ اب بھی طبی خدمات سرانجام دینے کے لئے ہمہ تن مصروف رہتے ہیں۔ مگر دنیاوی کاروبار کے مشاغل میں گرفتار ہونے سے فرگی قربانی کرنے سے قاصر الہمت رہتے ہیں۔

آپ ہر سال کلاس میں پہلے اور دوسرے نمبر پر رہتے ۔ دوسرے سال وظیفہ امتیازی حاصل کیا ۔ اور انعام واکرام بھی دیا ۔ ذیل میں دو نسخہ جات آپ کے درج کئے جاتے ہیں ۔ اکسیر ہیں ۔

| | |
|---|---|
| **اکسیر چھپاکی** | پودینہ سبز ۱ تولہ گھوٹ کر بطور سردائی کے پلائیں ۔ |
| **اکسیر تپ ربع** | کونین سلفاس ۲ رتی کونین فرائی سلفاس ۲ رتی ڈائیلوٹ سلفیورک ایسڈ ۱۵ بوند میگنیشیا ۱ تولہ |

پانی ایک اونس سرکہ انگوری ایک تولہ یہ ایک خوراک ہے ۔ غذا دودھ چاول دال مونگ

# حالات زندگی

حکیم کریم بخش ولد حکیم فتح محمد سکنہ راؤ کے شاگرد رشید حکیم محمد اشرف سکنہ بھوڑی سے عرصہ بیس سال تک تعلیم تجربہ سیکھتے رہے ۔ پھر علاج کرنا شروع کیا ۔ عرصہ ۳۶ سال سے ان کی پریکٹس ہے ۔

**برائے درد شقیقہ** اسطخودوس ۱۰ ماشہ پوست ہلیلہ زرد ۱ تولہ فلفل سیاہ ۱۲ عدد کشنیز ۷ ماشہ یہ سب ادویات گھوٹ کر مصری کے شربت کے ساتھ تین دفعہ دیں ۔

**برائے لکنت زبان** کونین کچلہ مدبر ۔ کشتہ فولاد ہموزن لے کر لہم سرخ کے حب بنا دیں ۔ خوراک ایک صبح ہمراہ پانی

# حالات زندگی

مولوی حکیم حبیب اللہ صاحب مقام ڈہولن ڈاکخانہ جامکے چیمہ ضلع سیالکوٹ پیدائش۔ ۵ا جنوری ۱۸۹۴ئہ بچپن میں علم اردو فارسی اپنے والد صاحب سے پڑھتے رہے۔ پھر علم عربی کی تعلیم مدرستہ العلوم سیالکوٹ حضرت استاذی مولینا غلام حسن صاحب سے حاصل کی۔ اور ترجمہ قرآن کا اکثر حصہ حضرت مولینا مولوی محمد ابراہیم فاضل سیالکوٹی سے پڑھتے رہے مدرستہ العلوم میں تخمیناً چار سال تک پڑھتے رہے ہیں۔ اور اس عرصہ میں علم طب کے اسباق جناب حکیم خدا بخش سیالکوٹی سے پڑھا کرتے تھے۔ اور وہاں آپ کے مطب میں تجربہ بھی سیکھتے رہے۔ اورگاہے بگاہے حکیم مفتی محمد سلطان صاحب کشمیری سے بھی تعلیم حاصل کی۔ اب تخمیناً تینتیس ۳۳ سال سے اپنے مطب میں کام کر رہا ہوں۔ مجھے شروع سے ہی برادہ آہن یا لوہچون وغیرہ کے کشتہ کرنے کا شوق تھا۔ میں نے بیسوں طریقے خبث الحدید وغیرہ مدبر کرنے کے سیکھے۔ جن میں سے بعض آگ والے اور بغیر آگ صرف بوٹی کے پانی سے مدبر ہو جاتے تھے۔ لیکن میرا خیال تھا کہ کشتہ آسانی سے ہو۔

اور جتنے من ضرورت ہو بلا تکلف ہو جاوے۔ چنانچہ ایک دفعہ میلہ منڈی گلو شاہ پر ایک بوڑھے سیاح حکیم صاحب ملے۔ انہوں نے میرے دریافت کرنے پر مجھے ایک آسان طریقہ تدبیر کا بتایا۔ جو میں تحریر کرتا ہوں۔ اگرچہ انہوں نے اسکے اخفاء کا حکم فرمایا تھا۔ لیکن حدیث شریف میں آتا ہے۔ کہ خَیْرُ النَّاسِ مَنْ یَّنْفَعُ النَّاسَ ؐ لہذا خلق خدا کے فیض کے لئے تحفہ مقبول میں درج کراتا ہوں۔ صفتہ

## نسخہ اکسیر طریقہ تیاری فنجنوش

لوہچون ایک من پختہ نوشادر ۱۰ اسیر پختہ کو پیس کر لوہچون میں ملادیں۔ اور سرکہ کا چھڑکاؤ معمولی کر کے کسی گیلی جگہ میں چالیس روز دفن کر کے نکال لیں۔ یا کسی ہوادار کمرہ میں سرکہ کا چھڑکاؤ دیکر چھوڑ دیں۔ لیکن لوہچون کسی بڑے کنال میں ہو۔ یا کڑاہی میں ہو۔ جب اسطرح آپ کریں گے۔ لوہچون میں بجلی کی طاقت پیدا ہو کر بغیر آگ کے گرم ہو جائیگی۔ چند روز کے بعد جب سرد ہو جائے۔ کشتہ تیار ہو گا۔ اسی کا نام ہے لوہچون مدبر۔

## نسخہ فنجنوش اصلی کہنہ

پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بہیڑہ پوست آملہ فلفل سیاہ دارفلفل زنجبیل سعد شیطرج ہندی بابچھڑ ہر ایک دس جزو۔ تخم شبت تخم گندنا ہر ایک چار جزو خبث الحدید

مدبر ۲۰۰ صد جزد کستوری خالص بادام روغن حسبِ ضرورت تمام ادویات پیس کر شہد دو حصہ ملالیں۔ بعد ازیں روغن زرد یا بادام روغن میں چرب کریں۔ پھر کسی روغنی برتن میں تین ماہ تک محفوظ رکھیں بخشک ہونے پر باریک پیس کر سفوف بنالیں۔ اور مذکورہ بالا سفوف سے ایک سیر پختہ لیکر اس میں مندرجہ ذیل ادویہ کو باریک پیس کر اضافہ کریں ادویہ حسب ذیل ہیں۔ فلفل سیاہ ۲ تولہ دار فلفل ۲ تولہ زنجبیل ۲ تولہ ملالیں اسکے افعال وخواص درج ذیل ہیں۔

## ترکیب استعمال:۔

حکما صاحبان اس فنجنوش اصلی کہنہ تیار کرکے صبح نہار مہنہ ۳ ماشہ ادویہ گلقند یا مکھن سے نوش کریں۔ اوپر سے مٹھا یا تازی لسی روزانہ صبح استعمال کیا کریں۔

**خوراک**:۔ نان گندم مرغن۔ دودھ، لسّی۔ گھی۔ حلوا، سینویاں وغیرہ کی عام اجازت ہے۔

## پرہیز

نمک، مرچ سرخ، نمکدار اشیاء ہر قسم، جماع، غسل بآبِ سرد، طعام بوسیدہ وغیرہ سے قطعی پرہیز کریں۔

**افعال خواص** خون صالح پیدا کرتا ہے چہرہ کا رنگ سرخ کرتا ہے ضعفِ جگر کو دور کرتا ہے

# برائے احتباس طمث

ایام خاص میں جب عورتوں کو بوجہ بندش خون حیض درد شدت سے ہو اس وقت بوک خشک ^(۱ عدد) پیس کر قند سفید تین ماشہ میں ملادیں یہ ایک خوراک ہے۔ درد ایک ہی خوراک کھلانے سے انشاء اللہ رک جائے گا۔ اور خون حیض بھی جاری ہوگا۔ خواہ دودھ خواہ پانی گرم سے کھلا دیں۔ زیادہ سے زیادہ تین روز تک دیویں۔

# سرکہ انگوری

میوہ پانچ سیر پختہ پانی ۲۵ سیر پختہ ان دونوں کو بیس روز تک بھگوئیں۔ اور اکیسویں روز مندرجہ ذیل ادویہ کی جاگ لگادیں۔

نمک طعام پھٹکڑی سجی لوٹے کھار۔ کلونجی ہر ایک پانچ پانچ تولہ کاہی سرخ ۶ ماشہ سرکہ انگوری ۱ سیر پختہ ڈالیں اور چالیسویں روز مل چھان کر محفوظ رکھیں۔

نوٹ:۔ سرکہ روغنی ابرتن یا گھڑے کو بروزہ سے چکنا کر کے بنائیں

# حالات زندگی

(از جناب حکیم بدرالدین صاحب شمس الحکما گٹھالیاں)

تاریخ پیدائش ۔ا جنوری ۱۸۷۹ء ہے

**خاندانی حالات** :۔ میرے آباؤ اجداد کا پیشہ کاشت کاری ہے ۔ اور بندہ نے علم طب کی تعلیم مولوی صاحب مرحوم مولوی فضل کریم سند یافتہ دہلی سکنہ قلعہ صوبہ سنگھ سے حاصل کی ہے ۔

**ابتدائی حالات** :۔ مجھے بچپن سے ہی علم طب کا شوق تھا ۔ اور میں نے اسی شوق میں مولوی صاحب سے تعلیم حاصل کرنی شروع کی ۔ اور تھوڑے ہی عرصہ میں عقل خداداد کے ذریعہ سے اچھی مہارت حاصل کر لی ۔ اور دور دراز تک علاج کرنے کے لئے جانے لگا ۔

## نسخہ برائے ادرار حیض

املتاش مقشر ا تولہ تخم بالیوں ا تولہ کھوکھڑی کپاس ا تولہ مجیٹھ ا تولہ گڑ ۳ تولہ ۔ یہ ایک خوراک ہے ۔ ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش دیں ۔ جب نصف پانی رہ جائے اتار کر چھان لیں ۔ وقت صبح پئیں ۔ اسی طرح

ایک ہفتہ ایاّم ماہواری سے پیشتر استعمال کریں۔ جاری ہونے پر چھوڑ دیں
مندرجہ بالا نسخہ صبح کو اور معجون سنجاح مشکی شام کو بقدر ایک تولہ

# برائے جریان

اتولہ کشتہ قلعی جو برگ ببول میں کیا گیا ہو۔ ایک ماشہ افیون شیر بڑھ میں
اس کی گولی بقدر نخود بنالیں۔ خوراک ایک حب بوقت صبح دودھ سے

**برائے خارش**:۔ نیلہ تھوتھہ ا ماشہ چوان ہلدی ۶ ماشہ
مردہ سنگ ۶ ماشہ بابچی اتولہ پارہ اتولہ آملہ سار اتولہ
آملہ سار اور پارہ کو اصلاح کریں۔ اور جب اچھی طرح مائل بسیاہی
ہو جاوے۔ دوسری ادویات کو باریک کر کے اس میں ملالیویں۔ اور
روغن تارامیرا ۵ تولہ ملالیں۔ اور متواتر تین روز تک اس کی مالش
کریں۔ اور جب تک بدن سوکھ نہ جائے کپڑے نہ پہنے اور تین
دن تک غسل نہ کریں۔

**برائے بواسیر**:۔ سم الفار زرد اتولہ کو لے کر باریک پیس لیں
زردی بیضہ مرغ تین عدد لیکر ملالیں۔ خوب پھینٹیں۔ جب اچھی طرح
حل ہو جاوے۔ تو کڑاھی میں ڈال کر کوئلوں کی آنچ پر رکھیں۔ اور
آہنی تار سے ہلاتے جائیں۔ اور دھوئیں کی مخالف طرف بیٹھیں۔

تاکہ دھوئیں سے آنکھیں ایذا نہ پادیں) حرکت دیتے وقت جب روغن نکلنے لگے تو روغن سرسوں ۵ تولہ ملالیں۔ اور حرکت دیتے رہیں۔

**طریقہ استعمال**:۔ وقت شب دو قطرے مسّوں پر لگادیں۔ اور اس پر روئی رکھ کر لنگوٹا باندھ دیں۔ اور ایک قطرہ ایک چھٹانک حلوا میں رکھ کر کھالیا کریں۔

**دیگر**:۔ سم الفار سفید حسب ضرورت لیکر گدھی کے شیر میں بھگو دیں کہ تر رہے۔ آگ پر رکھیں کہ دو تین جوش آجاویں۔ تو آتار لیں۔ اور قریباً اسی طرح ایک دن پڑا رہنے دیں۔ پھر اس سے دودھ نتار کر اُسے سکھالیں۔ اور بعد ازاں پیس لیں۔ اور مسور کے دانہ کے برابر مسوں پر لگائیں۔ ہر رات ایک دفعہ لگائیں۔ اسیطرح ہر روز اور اوپر لنگوٹ بھنگ یا برگ مورد باندھیں۔

## برائے کرم وخارش مقعد

برگ نم ۵ تولہ رات کو آدھ سیر بختہ پانی میں بھگودیں۔ صبح کو آگ پر پکائیں۔ جب پانی نصف پاؤ رہ جائے اتار کر چھان لیں۔ اور ایک چھٹانک روغن سرسوں اسی پانی میں ڈالکر آگ پر رکھیں۔ جب پانی اڑ جاوے اتار لیں نیم گرم میں کافور گجراتی ایک تولہ لیکر پیس کر ڈال دیں۔ جب گل

جاوے۔ تو اتار کر شیشی میں بند کر لیں۔ وقت ضرورت کے انگل پر لگا کر مقعد کے اندر لگا دیں۔

# بقایا مجرّبات

از جناب حکیم کریم بخش صاحب مسیح الہند سکنہ راڈکے

**برائے صرع**:۔ کرم اونٹ ۶ عدد ٹڈا آک ۲ عدد گل جنتری سفید ۳ ماشہ عقرقرحا ۴ ماشہ کشمیری برگ ۳ ماشہ زعفران ۲ ماشہ استخوان سر انسان ۲ ماشہ روغن گوشفند ۴ ماشہ سب کو جداگانہ کوٹ چھان کر ملا لیں۔ صرع کے واسطے حکمی علاج ہے۔ نسوار بنا کر چالیس یوم دیں۔

**دیگر خوردنی**۔ عقرقرحا ۲ تولہ زعفران ۸ ماشہ عودصلیب ۸ ماشہ جمال گوٹہ مدبّر ایک ماشہ روغن بادام ۷۔۰ تولہ ہلیلہ سیاہ ۷۔۰ تولہ آملہ ۷۔۰ تولہ گلسرخ ۷۔۰ تولہ پوست ہلیلہ زرد ۷۔۰ مصری چند میں حسب دستور قوام بنا کر معجون بنائیں۔ چالیس یوم دہوپ میں رکھیں۔ پھر ۲ ماہ گندم میں رکھیں۔ بعدہٗ استعمال کریں۔ صرع کے لئے تریاق ہے۔ خوراک ۴ ماشہ ورق نقرہ میں تناول کریں۔

پرہیز:۔ گرم اور ترش اشیا اور جماع وغیرہ سے۔

# حکیم برکت علی

مسیح الہند ساکن رود افغان کے مجرّبات سے

آپ نے علم طب کی تعلیم حافظ محمد الدین بیجو والی سے باقاعدہ عرصہ سات سال تک حاصل کی۔ ان کی خدمت میں حاضر رہ کر فیضیاب ہوئے۔ عرصہ اٹھاراں برس سے مخلوقِ خدا کی خدمت کرتے ہیں۔ ازیں مریض کہ دوا یافتہ بہ قسمِ خدا شفا یافتہ ہیضہ وبائی کے واسطے برائے تحفہ مقبول پیش کرتا ہوں۔ قبول فرمائیں۔

**نسخہ مبارک** :۔ افیون ۱ ماشہ ہینگ ۲ ماشہ لونگ ۱ ماشہ الائچی بزر(دُ) ماشہ مرچ سرخ ۱ ماشہ ہمہ ادویات کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔ لعاب اسبغول سے گولیاں بقدر دانہ موٹھ تیار کریں۔ ہیضہ والے کو گولی ایک گھنٹہ کے بعد دیویں۔ تین گولیاں دینے سے انشاء اللہ شفا ہو گی۔

**برائے درد پسلی** :۔

(ازجناب محمد عالم بھیلو مار)

عقاب ۲ ماشہ گیگوار کا مقطر پانی ۶ ماشہ صرف ایک خوراک ہے۔ ہر گھنٹہ کے بعد ایسی ایک خوراک دیویں لیکن گیگوار کے پانی کو بقدرے گرم کر کے چھان لیں۔ بخار اور درد ساکن ہو جائے گا۔

# حکیم غلام نبی مشتاق

## موضع لہلیاں کے حالاتِ زندگی

آپ نے حکیم محمد الدین سراج سے علم طب کی تعلیم حاصل کی۔ اپنے گاؤں میں اسوقت کامیاب مطب کر رہے ہیں۔

**برائے احتباس طمث**:۔ پوست نیم اتولہ تخم گاجر ۲ اتولہ مجیٹھ اتولہ تخم خربوزہ اتولہ پرانا گڑ ۴ تولہ روغن زرد ۲ تولہ بطور جوشاندہ کے استعمال کریں۔ سات دن کے بعد تمام شکایات رفع ہو جائے گی۔

**امراض بچگان**:۔ تباشیر۔ الائچی خورد۔ سرد چینی یک یک تولہ تخم قل ٹوڈے ۱۰ عدد کشتہ سفید اتولہ گندی نسپال اتولہ سنگ جراح ۲ تولہ برگ موڑیوں اتولہ کچور اتولہ ماجو اتولہ شب تنکار ۶ ماشہ سندھو ۲ ماشہ مردہ سنگ اتولہ سفوف بناکر بچوں کو چٹکی کے طور پر استعمال کرائیں۔

**برائے بخار سارکیہ**:۔ بچوں کیواسطے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

بنفشہ ۳ ماشہ عناب ۲ عدد سونف ۳ ماشہ صندل سفید ۲ ماشہ حب الاس ۱۲ ماشہ پابرود ۲ ماشہ خطمی ۳ ماشہ مکو اڑھائی ماشہ منقہ ۲ دانہ خوب کلاں ۳ ماشہ حسب دستور جوشاکر پلادیں۔ پیاس کے وقت عرق بید مشک ۲ تولہ عرق گاؤزبان ۲ تولہ عرق بادیاں ۲ تولہ ملاکر پلادیں۔

# نسخہ مبارک

برائے آتشک مزمن کیلئے جسکے ذریعے وجود پر گلٹیاں سی نکل آتی ہیں۔

الائچی سبز الائچی کلاں زیرہ سیاہ گل سرخ رس کپور زیرہ سفید ہرایک کو یک یک تولہ لے کر لوہے کی کڑہی ڈال کر خوب ڈنڈے سے رگڑیں۔ گولیاں بقدر کوکن کے تیار کریں۔ حسب مقدار شہد سے حبوب تیار کریں۔

# حکیم محمد صادق

ساکن باقر پور کا اپنے مجربات سے عطیہ

**برائے بواسیر خونی و بادی:۔** رسونت ۲۰ تولہ شب یمانی بریاں انور تخم لکائن تولہ تخم نیم تولہ آب تازہ اڑھائی سیر پختہ میں ڈالدیں جب اس پانی مذکور میں حل ہو جاوے۔ تو پانی کو اوپر سے نتار کر ملیں۔ شب یمانی رسونت مصفا میں تخم لکائن تخم نیم میں کھرل کریں۔ گولیاں چنے کے برابر تیار کریں۔ ایک گولی آب تازہ سے صبح کو کھلادیں۔ **پرہیز:۔** ترشی نمک مرچ سرخ غذا نان گندم دال مونگ

# برائے یرقان صفراوی

کاسنی ۱۰ تولہ کشتہ چار سیر پانی میں جوش دیں۔ جب دو سیر رہ جاوے شکر ملا کر دس دس تولہ دو دو گھنٹے کے بعد پلائیں۔

نوٹ: کشتہ کو پہلے پانی سے خوب صاف کریں۔

# برائے پون یعنی سیلان الرحم سو فیصدی مجرب

مائیں ۲ تولہ مازو ۳ عدد کتھ ۲ تولہ نسپال ۲ تولہ کیکر کی پھلیاں ۳ تولہ سرمہ سیاہ ۱ تولہ کھانڈ ۱۰ تولہ ان سب اشیا کی سفوف تیار کریں۔

**مقدار خوراک:** ۴ ماشہ صبح ۴ ماشہ شام ہمراہ آب یا دودھ

**برائے ماسخورہ مجرب:** چونہ بغیر بجھا۔ زنگار۔ پھٹکڑی از ہر دو ہموزن پھٹکڑی کو علیحدہ پیس کر برگ مدار پر شیر مدار سے تر کر کے کپڑے میں لپیٹ آگ میں جلا دیں۔ جب جل جاوے۔ تو باقی ادویات میں ملا دیں۔ سرکہ میں گولیاں چنے کے برابر تیار کریں۔ دن میں تین مرتبہ ایک گولی دانتوں پر ملیں۔ اور سرکہ سے کلی کریں۔



# حالاتِ زندگی

حکیم محمد الدین مسیح الہند سراج: آپ نے بچپن میں عربی فارسی قابل استادوں سے پڑھ کر حکیم غلام اشرف بھوڑی سے طب کی تعلیم حاصل کی۔ ۱۹۱۳ء میں باقاعدہ مطب شروع کر دیا۔

**برائے مخلوق**:۔ شیر ذاغل ۲ مسکہ ۱۰ ماشہ شنگرف رومی ۲ ماشہ ہر سہ ادویات کو ایک جگہ ملا کر حشفہ چھوڑ کر طلا کریں۔ تاکہ بثور ظاہر ہو جائیں۔ تین دن میں یقیناً بثور نمودار ہونگے۔ بعد ازاں بثور نمایاں ہونے پر ان پر مسکہ لگا دیں۔ تاکہ بثور معدوم ہو جائیں۔ اسی طریق پر سہ بار کرنے سے انشاء اللہ بفضل خدا صحت حاصل ہو گی۔

## برائے ہیضہ نفخ شکم سوء القنیہ ضعف جگر و ورم استسقاء

برادہ آہن ۲۰ تولہ پوست ہلیلہ ۵ تولہ آملہ مقشر ۵ تولہ بلیلہ ۵ تولہ فلفل دراز ۵ تولہ فلفل گرد ۵ تولہ مجیٹھ ۵ تولہ اجوائن دیسی ۵ تولہ سونف دیسی ۵ تولہ آب خالص ۸ سیر میں بھگو کر اکیس ۲۱ یوم کھاد میں دفن کریں۔ بعدہ نکال کر پن چھان کر بوتلوں میں بند کر کے بحفاظت رکھیں۔ خوراک ۲ تولہ صبح ۲ تولہ دوپہر ۲ تولہ شام

**پرہیز**:۔ مرطوب اور ثقیل اشیاء سے:۔ غذا:۔ کریلا۔ گوشت ہمراہ چپاتی کے استعمال کریں

# برائے ادرار حیض مجرّب

انیسوں ۶ ماشہ کرفس ۶ ماشہ مجیٹھ ۹ ماشہ پوست نیم ۹ ماشہ پھلی املتاس قند سیاہ کہنہ ۲ تولہ گھی گائے ۱ تولہ ٹینڈرہ کپاس۔ ادویات رات یوم اس وزن پر صبح کے وقت پکا کر مل چھان کر پینے کے وقت گھی ڈال کر نوش کرایا جاوے۔

**پرھیز:۔** سرد اشیا سے لازمی ہے۔ فوائد۔ درد پیڑو۔ درد کمر احتباس طمث کیلئے مفید اور مجرّب ہے۔

# حکیم غلام محمد ولد گلاب سکنہ ماڑی کلاں ضلع شیخوپورہ

آپ کی عمر اسوقت ساٹھ ہے۔ اور تقریباً بندہ نے چالیس سے پریکٹس کرنی شروع کی ہے۔ اور حکیم غلام حسین سے علم طب حاصل کیا جو کہ طب میں بہت لائق اور تجربہ کار تھے۔

**برائے چھپاکی:۔** برگ پودینہ ۶ ماشہ مرچ سیاہ ۷ عدد نمک حسب ضرورت بطور سردائی ایک دن میں دو دفعہ پلائیں۔

# مقوی معدہ

پوست بیخ مدار - مرچ سیاہ - نمک تینوں ادویات مساوی وزن سے کر باریک کر کے چنے کے برابر گولیاں بنالیں - بعدہٗ غذا یا اوّل غذا دو گولیاں کھالیں -

**برائے درد گردہ:-** پودینہ ۱ تولہ مرچ سیاہ ۱ تولہ زیرہ سیاہ ۱ تولہ سونف دیسی ۱ تولہ باریک کر کے ہمراہ آب گرم مقام گردہ پر لیپ کریں بفضلِ خدا صحت ہوگی -

**برائے مراق واختناق الرحم ومالیخولیا:-** معجون نجاح خوراک ایک تولہ بوقت شب بعد از غذا ہمراہ آب گرم یا شیر گاؤ اختناق الرحم کو آب گرم کے ساتھ مراق و مالیخولیا والے کو ہمراہ شیر گاؤ نوش کرائی جاوے -




آپ نے علم طب کی تعلیم مولوی کرم الٰہی صاحب ساہو والا سے حاصل کی اور کچھ اپنے والد مرحوم سے حاصل کی اور اسوقت میری پریکٹس عرصہ پنتالیس سال سے ہے - میں تحفہ مقبول کے لئے چند مجربات پیش کرتا ہوں -

# برائے اختناق الرحم

کونین سلفاس ۳ ماشہ مشک کافور ۳ ماشہ جدوار ۳ ماشہ ہینگ ۳ ماشہ ان سب ادویہ کو باریک کر کے ہمراہ شہد دانہ موٹھ کے برابر گولیاں بنالیں۔ خوراک تین گولی ہمراہ آب شیریں صبح و شام نوش کریں۔

**برائے سرعت انزال:** رتا لکھانا ۲ تولہ مغز بادام ۲ تولہ چار مغز ۲ تولہ چھلکا اسبغول ۲ تولہ مصری کوزہ ۷ تولہ سب کو باریک کر کے ایک تولہ ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

**برائے ضعف جگر:** خبث الحدید ۱۰ تولہ مغاں ۳ تولہ سوہاگہ سفید ۳ تولہ سنڈھ ۳ تولہ نوشادر ۲ تولہ قند سیاہ ایک سیر پختہ منقہ ۲ سیر خام آب کنوار گندل ۱ سیر خام میں کھرل کریں۔ خوراک ۵ تولہ صبح و شام دیویں۔

**برائے درد شکم و باد گولہ و ہیضہ و خشک کھانسی و نفخ شکم**

پیاز ک اتولہ کالی مرچ اتولہ نمک سونچل اتولہ مغاں اتولہ سب ادویات کو باریک کر کے حب بقدر نخود بنا کر ہمراہ عرق سونف دیویں۔ جسم میں چھوٹا اور فوائد میں موٹا ہے۔

**نسوار برائے بینی:** ملونی خوب باریک کر کے نسوار کے طور پر استعمال کرائیں۔ بفضل خدا نیم گھنٹہ میں کر... بینی گرنے شروع ہو جائیں گے۔ یہ نسخہ آپ کے والد ماجد صاحب کے تجربہ میں بارہا آچکا تھا۔

# برائے ٹائیفائڈ

مجرب الست

عطیہ کردہ شمس الحکما بادا خوشحال سنگھ جاگیردار ڈیرہ بابا نانک صاحب

بیس سالہ مجرب ہے۔ ہر سال ہزاروں بچے مرض ٹڈیہ کے شکار ہوتے رہتے ہیں۔ ان طفل ناتواں کی خدمت کے لئے ظاہر کیا جاتا ہے۔ میرا بیس سالہ تجربہ ہے۔

**نسخہ مبارک**:۔ معدہ مرغ سفید دپوٹ مرغ کنکر دور کر کے بمعہ دانہ گڑ کے ایک عدد کو کوٹنا شروع کریں۔ جب مثل غبار ہو جائے۔ تو قند سیاہ پرانا ۵ ماشہ مرچ سیاہ ۷ عدد کھرل کریں۔ گولیاں نخود کے برابر تیار کریں۔

# برائے چنبل مجرب

از حکیم دیوان چند ولد لالہ ٹھاکرداس سکنہ نملے کے تحصیل نارووال میں تقریباً بارہ سال سے میں دوکان و مطب جاری رکھتا ہوں۔ میں اپنے ناظر مجربات تحفہ مقبول کے لئے دے رہا ہوں۔ حکما صاحبان آزما کر دعا خیر سے یاد فرما دیں۔

**نسخہ مبارک**:۔ مینگنی اونٹ ایک سیر پختہ گانٹھ چیل آدھ سیر۔ تخم لکائن ایک پاؤ گانٹھ شیشم نیم سیر تخم گندم ایک پاؤ گانٹھ بیری ترش ایک پاؤ استخواں سنگ پشت بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کریں۔ اور جائے چنبل پر لگا دیں۔

# شربت مصفّیٰ خون

بنفشہ ۲ تولہ عناب ۴ تولہ لسوڑیاں ۷۰ عدد صندل سفید یک تولہ
کاسنی ۱½ تولہ آلو بخارا ۴ تولہ املی ۴ تولہ گلسرخ ۱½ تولہ بسفائج ۳ تولہ
شاہترہ ۵ تولہ انجیر ولائتی ۸ عدد تمال پتر ۲ تولہ افتیموں ۲ تولہ پوست ہلیلہ زرد
۳ تولہ گاؤزبان ۴ تولہ عرق پاپڑہ ۲ سیر پختہ میں بھگو کر جوش دیویں۔ اور
مصری ۱½ سیر سپید ڈال کر شربت پکائیں۔ خوراک صبح و شام ۵ تولہ ہمراہ آب تازہ

# ضعف جگر یعنی بھُس

پوست ہلیلہ زرد ۳ تولہ پوست بلیلہ ۳ تولہ پوست آملہ برابر۔ برابر لے
کر برادہ آہن یا کشتہ خبث الحدید تین حصہ قند سیاہ کہنہ کل اشیا باریک
کر کے قند میں پانی ڈال کر آگ پر چڑھا دیں۔ جب قوام پک جاوے تو باقی
اشیا باریک شدہ ملا کر معجون بنالیں۔ زیادہ سے زیادہ ایک تولہ ہمراہ
مٹھا۔ غذا نان گندم بار دغن زرد۔ بغیر نمک۔



# حکیم محمد حسین کا لی صوبہ

میرے آباؤ اجداد کا پیشہ چلا آتا ہے۔ تقریباً تیس سال سے اپنے علاقہ میں فن حکمت سے شہرہ آفاق ہوں۔

## فالنج

گل ذاخل ایک سیر۔ روغن کنجد ایک پاؤ میں ملا کر نیم گرم مالش کریں۔

کشتہ تانبا ۲ رتی ہمراہ بالائی لہسن کی معجون سے ایک تولہ معجون

**ترکیب کشتہ تانبا**:۔ تانبا ایک تولہ ہڑتال ورقیہ میں رکھکر ۱۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔

**برائے استسقا**:۔ ہر قسم کے لئے شیر شتر کا مال جوبن تیار کریں اور فضلہ مال جوبن میں گندھک اور نشادر بقدر مناسب ملا کر سب اطراف پر لگا دیں۔ مال جوبن مصری ڈال کر پلا دیں۔

**ترکیب مال جوبن**:۔ اونٹ کا دودھ جب گرم ہو جائے۔ اس میں سرکہ ڈال کر پھاڑ لیں۔ فضلہ بدن پر ملیں۔

# برائے سوزاک

کباب چینی ایک تولہ الائچی خورد ۶ ماشہ قلمی شورہ ایک تولہ پھٹکری بریاں ایک تولہ زیرہ سفید ۶ ماشہ سفوف تیار کریں۔

**خوراک:** ۹ ماشہ ہمراہ لسی صبح کو ایک خوراک جتنی دفعہ پیشاب کرے۔ لسی پینے کی اتنی دفعہ ہدایت کریں۔ تین دن تک عمل میں لادیں۔ بروزہ خشک صاف ۲ تولہ الائچی خورد ایک تولہ طباشیر ایک تولہ مصری کوزہ ۲ تولہ سفوف بناکر بقدر ۶ ماشہ ہمراہ شربت خشخاس ۵ تولہ روغن صندل ۵ بوند استعمال کرادیں۔

**پچکاری برائے سوزاک:** پھٹکری بریاں ۶ ماشہ نیلا تھوتھہ ۶ ماشہ آب خالص پاؤ بھر میں ملا کر دن میں ۴ پانچ دن پچکاری کریں۔

# برائے دھدر چنبل

گوگرد۔ زرنیخ۔ سیماب۔ رسکپور چاروں ادویات کا سفوف تیار کر کے مکھن میں لیپ کریں۔

پی ڈی ایف تیار کردہ: حکیم محمد ارشد شاہین لاہور
+92-323-4422244

محمد حسین ولد کرم الدین جنجوعہ ساکن بھگیانوالہ تحصیل

# حالات زندگی

آپ نے اردو فارسی کی تعلیم حاصل کر کے علم طب کی تعلیم قبلہ محترم استاذ دین میاں محمد صادق صاحب ڈھونڈ کور سے فیضان طب حاصل کر کے مطب شروع کیا۔ تقریباً ساٹھ ہزار مریضاں کا علاج کرنے کا موقع حاصل ہوا۔

اشاعت برائے تحفہ مقبول پرنسپل مقبول عالم مہاراجہ آیور ویدک اینڈ طبیہ کالج پسرور کے ارشاد کے بموجب صدری رازوں کا انکشاف بخل شکنی کو توڑ کر نسخہ امراض بواسیر و مروڑہ کا دیتا ہوں۔ کہ خلق خدا کو فیض پہنچے۔ آمین

**برائے بواسیر و مروڑ:** کسٹرائیل ولائتی عمدہ ۱ تولہ عرق سونف ۱ تولہ عرق پودینہ ۱ تولہ۔ کھنڈ ۱ تولہ چاروں اجزا کو ملا کر صبح نوش کرادیں۔ ایک ہفتہ تک استعمال کرادیں:

**پرہیز:** تیل والی اشیاء سے غذا روٹی گندم نخود آب یا مونگ کی دال مرچ کم چاہیے۔

## برائے اپھرا مجرب

پلپل اوٹی سبز ۵ تولہ عسل خالص عمدہ ۱ تولہ مرچ سیاہ ۱ تولہ خوب طرح سے کوٹ کر جب ماش کے برابر تیار کریں۔ علی الصباح ایک گولی باسی پانی سے نوش کرادیں۔

**شافہ**:۔ کف دریا ا تولہ چار اجوائن ۴ تولہ نمک سونچر ا۔ تولہ بابڑنگ ۹ ماشہ لوٹے خار ا تولہ گھگر دیل ۶ ماشہ بادام ۲ تولہ منقیٰ ۲ تولہ شہد ۶ ماشہ باریک عمدہ طرح سے کر کے شافہ تیار ۶ ماشہ کریں رات کے وقت استعمال کرے۔

اگر مزاج بلغمی ہو۔ تو قند سیاہ پشاوری کا جوشاندہ بنا کر استعمال قبل حیض آنے سے پہلے دیویں۔ انشاء اللہ آرام ہو جائے گا۔ صفراوی سوداوی کیلئے ہر موقعہ پلانا مفید ہے۔

**ایضاً**:۔ پرسیاؤشاں۔ حب القرطم۔ بادیاں نیم کوفتہ۔ گاؤزبان۔ تخم خربوزہ ہر ایک ۶ چھ ماشہ گلقند تین تولہ جوش دے کر پلادیں۔ خون آنے سے پہلے ایک ہفتہ پلاتے رہیں۔

## نکسیر کا علاج

کافور ایک ٹکیا۔ آب لد گدھا ۶ ماشہ میں حل کر کے مریض کے ناک میں روئی پنبہ میں بھگو کر بتی دیویں۔ ایک دفعہ سے ہی انشاء اللہ آرام ہو جاوے گا۔

# علاج نامردی جو جریان سے ہو

**سفوف نسخہ:** ۶ ماشہ ریجنید ۔ بہمن ۶ ماشہ سرخ و سفید ۔ کمرکس ۶ ماشہ موصلی سنبل ۶ ماشہ ۔ موصلی سیاہ ۶ ماشہ موصلی سفید ۶ ماشہ سمندر سوکھ ۲ تولہ ثعلب مصری ۱ تولہ شقاقل ۶ ماشہ ستاور ۶ ماشہ سبوس اسبغول ۵ تولہ تخم لاجونتی ۱ تولہ اکبر اصغری ۱ ماشہ مصری کوزہ حسب مقدار سب کے برابر یعنی پوداں تولہ ۱/۴ خوراک بوقت ۷ بجے شام شیر مادہ گاؤ یا بکری یا آب تازہ سے

**نسخہ اکبر اصغری:** امرت دہارا میں جوہر نوشادر لے کر کھرل کر کے ملا دیں ۔

**کشتہ بنگ یعنی** از زیر بر قلعی مصفیٰ ۲ تولہ ایک ٹکڑا لے کر رنگ کیکر یعنی چھال جو ترکھان لوگ اتارتے ہیں ۔ عمدہ ۵ سیر پختہ باریک کتر کر کوٹیں ۔ قلعی مذکور عین درمیان کسی مٹی کی انگیٹھی میں رکھ کر اوپر سے آگ لگا دیں ۔ تین دن تک آگ چھال رہیگی سرد ہو گی ۔ محفوظ طرح سے اوپر سے راکھ ہٹا لیویں ۔ قلعی مذکور عمدہ سے سفید بادزن کشتہ شدہ نکلے گی ۔ علے الصباح ایک تنکہ یعنی ۱/۲ رتی مسکہ ایک چھٹانک سے کھلا دیں ۔

# ایضاً

شنگرف رومی اتولہ کو شیر مدار میں کھرل کر کے سکھا لیویں۔ عمدہ طرح سے سوکھ جانے پر برابر وزن افیون نیچے اوپر دے کر کوزہ میں گلحکمت کر کے آگ دو سیر پختہ پاچک کی دے کر سنبھال کر رکھیں۔ خوراک ایک چاول بھر صبح مسکہ چھٹانک بھر سے دیویں انشاء اللہ آرام ہو جائے گا۔

# حکیم عبدالمنان

(از حکیم عبدالمنان شمس الحکما ولد ڈاکٹر حکیم مولوی عبدالحکیم بھٹی صابری سکنہ دہنگانہ)

آپکی پیدائش ۱۰ جنوری ۱۹۰۶ء کو ہوئی۔ عربی فارسی اردو تعلیمات حاصل کر کے پھر علم طب اپنے والد ماجد صاحب سے حاصل کیا۔ اور بعد حصول علوم کے عرصہ پانچ چھ سال سے پریکٹس طبابت بڑی کامیابی کے ساتھ کرتا ہوں۔ بندگانِ خدا کو فایدہ عظیم حاصل ہوتا ہے۔ میں ایک بوٹی کے خواص تحفہ مقبول کے پیش کر رہا ہوں۔ اور ایک نسخہ برائے حرقان کے بوٹی کے خواص بینظیر ہیں۔ رتن جوت بوٹی ایک بہت منافع اپنے اندر رکھتی ہے یہ علاقہ پنجاب کے اضلاع میں چیدہ چیدہ

مواقع پر ماہ دسمبر سے لیکر ماہ مئی تک رہتی ہے۔ رنگ اسکا سرخی مائل ہوتا ہے۔ اور مشابہ سلوتک کے ہوتی ہے۔ اور جھنڈ کریر وغیرہ کے درختوں میں پائی جاتی ہے۔ زیادہ علاقہ وزیر آباد مرید کے اور علاقہ امرتسر اسٹیشن واہگہ سے دو میل شمالی جانب ملہ کے درختوں میں پائی جاتی ہے اور اسکے فوائد بے شمار ہیں۔ مگر میں اپنے تجربہ شدہ فوائد پیش کرتا ہوں۔ خفقان القلب اور توحش قلب کی یہ واحد دوا ہے۔ سوزش مثانہ و جریان وسوزش تالو وسوزش چشم کے لئے بیحد مفید ثابت ہوتی ہے۔ اسکو تازہ اکھاڑ کر بوزن چھ ماشہ چند مرچ سفید کے ہمراہ گھوٹ کر پلانے سے امراض جگر کے واسطے مفید ہوتی ہے۔ کئی بار جریان والے اصحاب کو ہمراہ تالمکھانہ ۶ ماشہ بوٹی ۶ ماشہ اور مصری کوزہ ۲ تولہ گھوٹ کر پلانے سے۔ اپندرال یوم میں مفید ہوئی ہے۔ سوزاک کے لئے یہ بدرعا ہے۔ اسطرح سے گھوٹ کر تنہا پلائی گئی۔ اور سوزاک اپنے گھر کو بھاگ گیا۔ سوزش مثانہ کے واسطے یہ واحد دوا ہے۔ جس عورت کو باہ زور کرے قوت ہوائی پر غالب نہ آسکے تو اسکو روز صبح بقدر بوزن چھ ماشہ ہمراہ نمک لاہوری بقدر ضرورت گھوٹ کر پلادیں۔

## اختناق الرحم کا مجرب علاج ہے

اور جس کو بخار صفراوی ہو۔ اسکے واسطے چھ ماشہ یہ بوٹی اور ۲ تولہ شربت

بزدری ایک رتی کشتہ ابرک سیاہ چند یوم دینے سے کلی صحت حاصل ہوتی ہے۔ ضعف جگر کا واحد علاج ہے۔ مگر ماہ بھادروں میں چھ ماشہ یہ بوٹی اور ایک رتی کشتہ فولاد کے ساتھ دینے سے چند یوم میں کلی آرام ہوجاتا ہے۔ اور توحش سوداکا قلع قمع کرتی ہے۔ یہ بوٹی تین ماہ تک پڑی رہے۔ تو خشک نہیں ہوتی۔ ذائقہ اسکا قدرے نمکین ہوتا ہے۔ اکثر یہ موضع وڈھرتی کے تحصیل وزیرآباد دریائے چناب کے بیٹہ میں پائی جاتی ہے۔

**برائے یرقان** :۔ یہ نسخہ یرقان کیلئے نہایت مفید ثابت ہوا ہے امونیا کلورائیڈ (نوشادر) پانچ رتی اور رایسڈ ہائیڈروکلورڈل۔ تیزآب نمک محصول) ۱۰ قطرہ پانی ایک اونس (ڈیڑھ تولہ ایسی تین خوراک روز پینے سے مفید ہوتی ہے۔ اور یرقان دس سال کا دور ہوجاتا ہے۔ غذا :۔ دودھ چاول اور کھچڑی مونگ صرف کھادیں۔

## حالاتِ زندگی

از حکیم سید امداد حسین شاہ عینو باجوہ تحصیل نارووال ضلع سیالکوٹ

آپ نے ۱۹۲۲ء میں مڈل پاس کیا۔ اور پھر میرے باباصاحب سید عبداللہ شاہ مرحوم نے مجھے طبیہ کالج لاہور میں داخل حکیم حاذق کلاس میں

کرایا۔ اور قریشی صاحب ہیڈ لکچرار کے سپرد کر دیا۔ دو سال کے کورس کے بعد آپ نے موضع عینہ باجوہ میں دوائی خانہ کھول کر کام شروع کیا ہوا ہے۔ حکمت ہمارے آباؤ اجداد سے پشت بپشت چلا آتا ہے۔

اب میں خلق خدا کی خدمت جسقدر ہو سکتی ہے کرتا ہوں۔ حسب ذیل نسخہ جات ہمارے دیر سے تجربہ شدہ ہیں۔ جو میں بغیر بغض وکینہ کے نظر کرتا ہوں۔ بعد استعمال دعا خیر فرمادیں۔

**تریاق نزلہ ہر قسم**:۔ تخم کاہو ۱۰ درم پوست خشخاس ۱۰ درم تخم خشخاس ۱۰ درم گل گاؤزبان ۶ درم تخم مدار ۱۱ اسطوخودوس ½ ۲ درم گلسرخ ½ ۲ درم بہیدانہ ۳ تولہ لسوڑیاں ۲۰ دانہ۔ ان سب کو ادویات کو جوش دے کر لعوق نکالیں۔ اور پھر اسمیں سفوف حسب ذیل شامل کریں۔ لعوق اتنا نکالیں جسمیں سفوف حل ہو کر معجون کی شکل بن جاوے۔

**سفوف مبارک**:۔ رب السوس ۲ تولہ نشاستہ ۲ تولہ صمغ عربی ۲ تولہ مغز کدو ۳ تولہ مغز بادام ۳ تولہ مغز خیار ۳ تولہ گوند کتیرا ایک تولہ تنکر مثقال التل سونف مقشر ۱ تولہ مصری کوزہ ۱۰ تولہ کشتہ مرجان ا تولہ

**خوراک**:۔ ۹ ماشہ صبح شام

**پرہیز**:۔ لسی و ترش اشیاء روغنی و گرم اشیاء سے قبض نہ ہونے دیں۔

# تریاق دردِ عصابہ

اسطخودوس ۶ ماشہ کشنیز خشک ۴ ماشہ کالی مرچ ۶ عدد پانی تازہ میں گھوٹ کر درد کے شروع ہونے سے ایک گھنٹہ پہلے بلا نمک و مصری نوش کریں۔ پہلے ایک تپا شہ کھالیں۔ تین دن کے استعمال سے درد غائب ہو جائیگا

غذا :۔ دال پھلکہ ؛ پرھیز :۔ ثقیل اشیاء و گرم سے

**تریاق ضررِ افیون** :۔ افیون کے زیادہ کھانے یا جس شخص نے افیون نہ کھائی ہو۔ اور پہلی دفعہ زیادہ کھائی ہو۔ بوجہ زیادتی افیون بیہوشی ہو گئی ہو۔ تو فوراً ایک ماشہ بنولہ کی گری پیس کر کھلادیں۔ بفضلِ خداوند کریم پندراں منٹ میں ہوش آجاوے گا۔

**نمک تمباکو** فوائد :۔ درد شکم۔ قولنج۔ کھانسی۔ ذات الجنب۔ تپ ہر قسم ذات الریہ۔ خوراک ایک رتی ذات الجنب و ذات الریہ ہمراہ شہد ا تولہ درد شکم و قولنج ہمراہ عرق بادیاں۔

تمباکو اصلی کی لکڑیوں کو جلا کر راکھ کرلیں۔ اور پھر ان کو ایک مٹکہ ڈال کر حل کردیں۔ صبح اس پانی کو نتھار کر ایک کڑاہی میں ڈال کر چولہے پر رکھیں اور نیچے جو سفید گھاڑا رہیگا یہی نمک ہے۔ اسکو حفاظت سے اتار کر کسی ڈاٹ دالی شیشی میں رکھیں۔ جہاں سیلاب کا اثر نہ ہو۔ سیلاب سے

اس کا اثر زائل ہو جاتا ہے۔

دماغ سے کیڑے نکلنے کا ملاس باس پتی کے چاول ا تولہ کو ۶ ماشہ مدار کے دودھ میں ترکر کے سایہ میں خشک کر لیں۔ پیسکر شیشی میں ڈال لیں۔ بوقت ضرورت ½ رتی ہلاس میں کیڑے فوراً باہر آویں گے۔ یا گوماں بوٹی کپاس اور مکئی کے کھیتوں میں عام ہوتی ہے اس کا چھاتہ سفید پھول دار گول سوراخ دار ہوتا ہے۔ اس کو جوش دیں بحفاظت بھاپ لیں۔ کیڑے فوراً باہر آجاویں گے۔

# خاندانی حالات

غوطہ فتح گڑھ

(از جناب حکیم عبدالرحمن کامل طبیب جراحت مستند طبیہ کالج دہلی)

آپ کی تاریخ پیدائش ۱۲ ستمبر ۱۹۰۷ء ہے۔

آپ کے آباؤ اجداد کا پیشہ درس تدریس چلا آتا ہے۔ مگر آپ کے والد صاحب کے زمانہ چونکہ گورنمنٹ سکولوں میں جاری ہو جانے کی وجہ سے وہ سلسلہ بند کر کے یا پشنا دستی کام یعنی معماری شروع کیا۔ اور لعد میں جلدی سے گورنمنٹ کے عمارتی کاموں کے ٹھیکیدار ہو گئے۔ اس پیشہ میں وہ نہایت اعلےٰ کامیاب رہے۔ مگر خاندانی عالمانہ شغل ہونے کی وجہ سے انہوں نے شروع سے ہی یہ خیال کر لیا۔ کہ میں اپنی اولاد کو فن طبابت

شروع کرایا جائے۔

**ابتدائی حالات:** شروع زمانہ میں میں نے اپنے گاؤں میں مڈل سکول پاس اور بعد میں مشن سکول نارووال میں داخل ہوگیا۔ مگر دو سال وہاں رہکر میں لاہور طبیہ کالج میں داخل ہوگیا۔ کیونکہ اس زمانہ میں طبیہ کالج کا تعلیمی زمانہ ۴ سال سے ۸ بجے تک تھا۔ اسلئے میں صبح کے وقت حکیم احمد علی خطیب مسجد وزیر خاں کے پاس جایا کرتا تھا۔ ۴ ماہ وہاں رہا مگر لاہور کی آب ہوا سے میری صحت بگڑ گئی۔ اسلئے وہاں سے چھوڑنا پڑا۔ اور ایک سال حکیم نظام الدین جنڈیالہ کلساں رہا۔ کیونکہ وہاں پر میرے والد صاحب ٹھیکیداری کا کام کرتے تھے۔ بعدہٗ ایک سال موضع دھرم کوٹ حکیم محمد حسن مستند طبیہ کالج کے پاس کفایہ منصوری عربی اور قانوچہ عربی دیکھا۔ بعدہٗ حکیم میاں کریم بخش صاحب کے پاس عرصہ ۲ سال رہا۔ پاس ان کے دستور العلاج اور طب اکبر دیکھا۔ بعدہٗ طبیہ کالج دہلی میں داخل ہوگیا۔ وہاں خدا کے فضل وکرم سے پہلے سال دوسرے نمبر پر آیا۔ اور دوسرے سال اوّل رہ کر وظیفہ حاصل کیا۔ اور تیسرے سال پھر دوسرے نمبر پر رہا اور چوتھے سال اوّل رہا۔ اور طبیہ کالج کا ریکارڈ خدا کے فضل وکرم سے اچھا رہا۔ تقریباً ۱۲ کے قریب سندات میرے پاس موجود ہیں۔ جو کہ کالج کی طرف سے امتیازی کہلاتی ہیں۔ امتیازی سند وہ کہلاتی ہیں جس میں سے لڑکا ۸۰ فیصدی سے زائد نمبر حاصل کرے۔ حسب ذیل مضمون

میں میں نے امتیازی سندات حاصل کی ہوئی ہیں۔ افادہ کبیر
منافع کبیر۔ مڈوائفری۔ ہائی جین۔ کلینیکس۔ سرجری۔ فارمیسی۔
طب قانونی۔ ملکیت وغیرہ۔ فارغ وتحصیل ہونے کے بعد میں کچھ عرصہ
بیمار ہونے کی وجہ سے ایک سال گھر رہا۔ اور عرصہ ۶ سال موضع اگو کے
تحصیل ڈسکہ میں نہایت شاندار مطب رہا۔ بہت سے مایوس مریضوں
کا علاج کیا۔ اللہ تعالےٰ نے کامیابی دی۔

## مجربات امراض بچیہ

برائے اسہال۔ بخار۔ کھانسی۔ بخار مطیفہ۔ دانت نکالنا ترکیب ثانی ۲ ماشہ ملٹھی
۱ ماشہ مروارید ناسفتہ ½ ماشہ زہر مہرہ خطائی ۲ ماشہ طباشیر کبودی ۱ ماشہ
ست گلو ۱۰ ماشہ پوست سماق ۲ ماشہ صندل سرخ و سفید ۱۰ ماشہ ۱۰ ماشہ
دانہ الائچی خورد ۲ ماشہ زیرہ سفید ۱۰ ماشہ زرشک ۲ ماشہ دارچینی ۱ ماشہ۔
مغز تخم خیارین ۱۰ ماشہ گلسرخ ۲ ماشہ ریوند چینی ۱۰ ماشہ پوست ہلیلہ زرد ۱ ماشہ
حب الاس ۱۰ ماشہ مغز کول ڈوڈہ ۱۰ ماشہ سب کو عرق گلاب میں کھرل کریں
جب تقریباً ۵ تولہ عرق جذب ہو جائے۔ دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنالیں۔

خوراک ایک گولی صبح ایک شام

**بچوں کے کان کے بیرونی زخم کیلئے:** مازو سبز۔ کتھ گلابی پھٹکری۔ مائی خورد۔ باریک کر کے کان پر چھڑکیں۔

**سفوف برائے ہر قسم قبض کشا۔** پوست ہلیلہ زرد ایک سیر نمک سیاہ ۳ پاؤ۔ نمک لاہوری ۳ پاؤ پختہ نمک گجراتی ۳ پاؤ پختہ نمک کوکنی ۳ پاؤ سنامکی ۱½ سیر پوست ہلیلہ ایک سیر آملہ خشک ایک سیر۔ ہلیلہ سیاہ ایک سیر سونف دیسی ایک سیر۔ اگر مصری میں برتنی ہو تو آب لیموں یا سرکہ انگوری میں قرص تیار کریں۔ خوراک ۶ ماشہ قبض کشا مقوی دماغ۔

**اکسیری برائے بخار:** کشتہ ہڑتال گودنتی ۵ تولہ پہلے برگ بانسہ ایک پاؤ۔ دوسرے بار آب گلو میں کھرل کر کے آنچ دلویں۔ تیسری خساندہ افتیمون ۵ تولہ میں کھرل کر کے آنچ دلویں۔ کشتہ ابرک ہمراہ شیر بہیڑہ

**نسخہ:** کشتہ ہڑتال گودنتی ۲ تولہ کشتہ ابرک ۲ تولہ ست گلو ۱۰ تولہ کونین تولہ پھٹکری بریاں ۱۰ تولہ دانہ الائچی خورد تولہ مشک کافور ۱ ماشہ طباشیر ۱۰ ماشہ پنیس تولہ کشتہ صدف مروارید ان سب ادویہ کو عرق بید مشک میں کھرل کر کے گولی بقدر چنے کے تیار کریں۔ خوراک ایک حب صبح شام دوپہر

جملہ امراض سوداوی۔ مقوی اعضا رئیس۔ مالیخولیا خفقان وغیرہ

**مفرح رحمانی:** کشتہ سونا ۱۰ ماشہ کشتہ چاندی ۴ ماشہ کشتہ فولاد تولہ کشتہ یاقوت ۳ ماشہ کشتہ عقیق ۳ ماشہ پانچ کشتہ جات کو ایک جگہ کر لیویں۔

اور کھرل میں ڈال دیویں۔ بعدۂ اسمیں مروارید ناسفتہ ۲ ماشہ حجر الیہود ۶ ماشہ حجر ارمنی ۶ ماشہ سنگ پشت ۶ ماشہ زہر مہرہ تولہ طباشیر تولہ زیرہ سیاہ ۱۰ ماشہ کو عرق بیدمشک پاؤ پختہ۔ عرق گلاب پاؤ پختہ۔ عرق بارنج بویہ ۲۰ تولہ۔ عرق پان ۱۰ تولہ میں سلایہ کریں۔ بعدہ مندرجہ ذیل ادویات کا خساندہ کرکے معجون تیار کریں۔

پوست ہلیلہ کابلی ۳ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ ۳ تولہ غاریقون ۱ تولہ۔ افیون ۳ تولہ۔ بادرنجبویہ ۳ تولہ گلسرخ ۳ تولہ بسفائج ۳ تولہ صندل سرخ وسفید ۲ دو تولہ۔ زرشک تریں ۳ تولہ ابریشم خام مقرض ۵ تولہ گل کرڈہل ۵ تولہ گل سیوتی ۳ تولہ کو رات کو آب آہن تاب آب نقرہ تاب ½ اسیر میں بھگو کر صبح کو جوشدیں اور شہد دو چند ادویہ گلو کوزڈی ایک چند ادویہ توام کریں۔ بعدہٗ مندرجہ بالا سلایہ شدہ ادویہ شامل کریں۔ خوراک ۲ ماشہ سے ۶ ماشہ تک

## دافع بخار
سوڈا سیلی ۳۰ گرین انٹی پائرین ۳۰ گرین :۔ سیرپ انشی آئی۔ ۲ ڈرام۔ ایکوا ۳ اونس بر تین خوراک ہے تین تین گھنٹہ کے بعد استعمال کریں۔

**برائے ہیضہ:۔** برانڈی ایک اونس۔ ٹنکچر ادیم ایک ڈرام اسکی بارہ خوراک تیار کریں۔ ہر آٹھ گھنٹہ کے بعد ایک خوراک دیویں۔

**پیاس کے لئے:۔** پوٹاسیم پرمیگنیٹ ۳ گرین عرق گلاب آدھ سیر میں حل کر کے رکھ لیویں۔ اور پلاتے رہیں۔

# حالات زندگی

(از حکیم فقیر محمد ولد کھیون قوم سوڈہی سکنہ جیون ہنڈر ضلع سیالکوٹ)

آپ نے علم طب کی تعلیم مولوی دین محمد صاحب کانی جعفرآباد سے حاصل کی عرصہ آٹھ دس سال تک موضع جیون ہنڈر عرصہ بیس سال سے مطلب کرتے ہیں آپ کا سو فیصدی کامیاب علاج ذات الجنب کا مجرب نسخہ ہے۔

**نسخہ**: شنگرف رومی ا تولہ بھیڑ کا دودھ آدھ سیر پختہ جس میں پانی نہ ملایا ہو۔ شنگرف کو پیس کر دودھ میں ڈال دیں۔ اور اسکو چولہے پر چڑھا دیں نیچے نرم آگ سے پکا دیں۔ اور ساتھ ہی ہلاتے جاویں۔ تاکہ نیچے نہ بیٹھ جاوے اور اسکا کھویہ سا بن جاوے گا۔ اسکو نکال کر گولیاں بقدر نخود بنالیں ایک گولی ہمراہ گرم پانی کے دو گھونٹ کے استعمال کریں۔ انشاء اللہ شفا ہوگی۔

# حالات زندگی

(از سید امیر حسین صاحب لقمان الملک چھانیاں تحصیل نارووال ضلع سیالکوٹ)

سنہ ۱۹۴۰ بکرمی جولائی ماہ رمضان شریف میں تولد ہوئے۔ ابتدائی میں اپنے والد

بزرگوار مرحوم مغفور سے قرآن شریف حدیث فقہ کی تعلیم حاصل کر کے پرائمری سکول دھتل میں داخل ہو کر ماہ مارچ ۱۸۹۶ء میں پاس ہوئے۔ اسی سال سنگترہ مڈل سکول میں داخل ہو کر ۱۸۹۹ء میں امتحان مڈل پاس کیا۔ ازاں بعد نائی سکول لیسرور میں داخل ہوئے۔ جونیر سپیشل پاس کیا۔ طبی تعلیم فاضل اجل ارسطوئے زمان لقمان دوران حضرت مولانا حکیم غلام اشرف ساکن بھوڈی۔ اور آپ شاہی طبیب اس علاقہ کے تصور کئے جاتے ہیں۔ قریباً ۲۵ سال سے مطب جاری ہے۔ ہزارہا خلق خدا اپنے علاقہ اور دور دراز سے لوگ شفایاب ہوئے۔ خصوصاً مستورات کا علاج نہائیت کامیاب رہا۔ من جملہ میرے مجربات خاندانی سے سفوف اکسیری اسم باسمہ نسخہ ہے۔ ہدیۂ انجمن بالخصوص حضرت حکیم محمد مقبول عالم صاحب پرنسپل طبیہ کالج لیسرورہ تحفہ مقبول کے لئے پیش ہے۔

## مبارک نسخہ

سم الفار سفید ۱ رتی کشتہ سفید ۲ رتی برگ گلسرخ مصفیٰ ۱ رتی چار گھنٹہ کھرل کریں۔ پھر کشتہ سفید ۱۰ رتی گلسرخ صاف ۱۰ رتی چار گھنٹہ کھرل کریں۔ پہلے سفوف باریک شدہ میں ملائیں۔ پھر کشتہ سفید ۵۰ رتی گلسرخ صاف ۵۰ رتی چار گھنٹہ کھرل کریں۔ نمبر (۱) نمبر (۲) و نمبر (۳) ملا کر چند روز کھرل کرتے رہیں۔ ادویات باریک ہونے پر اس میں ذیل کی اشیاء باریک پارچہ بیز کر کے ملائیں۔

زعفران موگرا - ۴ ماشہ لونگ ۲ - جاوتری ۲ - الائچی دانہ - بہمن سرخ ۲ بہمن سفید ۲ شقاقل ۲ - خولنجان ۲ - موچرس ۱ تولہ چرس ۲ ۳ ماشہ - مشک خالص ۶ رتی - عنبر الشہب ۲ رتی ورق طلاء ۳ رتی - نبات سفید ۲۴ ماشہ خوب باریک کرکے ملائیں - خوراک ۱ رتی ہمراہ بالائی یا مسکہ -

# حالات زندگی

(از جناب حکیم سیّد مفضل حسین صاحب شمس محلہ جہانیاں تحصیل ناروال ضلع سیالکوٹ)

آپ کی پیدائش ستمبر ۱۹۰۹ء میں جہانیاں میں ہوئی - علم طب کی کتب مروجہ میں نے اپنے والد حضرت حکیم سیّد امیر حسین صاحب لقمان الملک سے پڑھیں - عرصہ دس بارہ سال سے اپنے والدم بزرگوارم کے مطب میں کام کر رہا ہوں اپنے خاندانی مجربات سے برائے تحفۂ مقبول ذیل کا نسخہ ہدیہ پیش کرتا ہوں -

گر قبول افتد زہے عز و شرف

ہفت پشت سے ہمارے خاندان میں بچوں کا علاج کامیابی سے رہا ہے - چنانچہ بچوں کی مرض تنفس - ڈبہ - دمہ کیلئے یہ نسخہ اکسیر بے نظیر ہے -

**نسخہ مبارک :-** پودینہ خشک - چوک ترش - تربوی - پوست ہلیلہ زرد ہر چہار ہموزن کھرل کرکے شیشی میں محفوظ رکھیں - ۱ ماشہ عرق گلاب سے استعمال کرائیں پہلی پر چربی اور موم گل روغن باہم ملا کر مالش کریں - انشاء اللہ جلد آرام ہوگا -

# حالات زندگی

(از عالیجناب سید حکیم غلام الرسول صاحب ولد سید عنایت علیشاہ سکنہ ڈالووالی)

آپ قریباً ۱۳۸ سال کے ہونگے۔ آپ خاندان سادات بخاری سے ہیں۔ آپ کے اکثر طبیب نامور چلے آتے ہیں۔ آپ علم دنیات کی تحصیل کے علاوہ علم طب کا ذوق رکھتے تھے۔ اسلئے لاہور ۱۹۳۰ء حکیم عبدالرحمٰن صاحب بخاری جو کہ آپ کے چچا ہیں۔ ان سے تعلیم طب حاصل کی۔ اور انکے مطب میں کام کرتے رہے۔ اور ساتھ انکے دوائی خانہ میں آپ ادویات یعنی دواسازی کا کام بھی کرتے رہے۔

بعدہٗ ۱۹۳۲ء بروز اتوار طبیہ کالج انجمن حمایت اسلام متعلقہ پنجاب یونیورسٹی میں داخل ہوکر ۱۹۳۳ء میں تعلیمی سند حاصل کی۔ اور بعد ازاں آپ نے اپنا مطب شروع کردیا۔ اسلئے انکے چند مجربات برائے اشاعت تحفۂ مقبول میں درج کئے جاتے ہیں۔

## آپکے مجربات

**برائے سوزاک:۔** اندر جو شیریں ۱ تولہ۔ بوکھار ۱ تولہ۔ الائچی خورد ۱ تولہ شورہ قلمی ۱ تولہ۔ گیرو ۱ تولہ تمام ادویات کو کوٹ چھان کر دودھ کی لسی

میں جسکا وزن ۱/۲ ۲ سیر ہے ڈال کر پلادیں۔ دوسرے روز بہروزہ وزنی ۵ تولہ ایک سیر پانی میں پکادیں۔ جب پانی بالکل جلجادے بہروزہ خالی رہ جائے۔ تو اسکو کوٹ لیں۔ اور شاخ بیری تازہ کو سوکھا کر جسکا وزن بہروزہ کے برابر ہو کوٹ کر ملالیں۔ بانچ چھ یوم سوا تر مریض کو ہمراہ دودھ یا روغن کے استعمال کرائیں۔ انشاء اللہ سوزاک خواہ نیا ہو یا پرانا کافور کی مانند اڑ جاوے گا۔ غذا دوران استعمال میں صرف ماش کی دال ہو۔ پرہیز ترش اشیاء سے قابض اشیاء مثلاً گوشت وغیرہ۔

**برائے حمی نفاسیہ:** جبکہ کسی عورت کے ہاں بچہ پیدا ہو تو آپ کا خون پوری طرح خارج نہ ہو۔ تو اسکو جو بخار آتا ہے۔ حمی نفاسیہ کہتے ہیں۔ اس کے علاج کے لئے طبیب کو چاہئیے کہ پہلے نسخہ کا استعمال شروع کرے۔

**نسخہ:**۔ بنفشہ ۹ ماشہ تخم خربوزہ ۵ ماشہ بیخ بادیان ۵ ماشہ۔ بیخ کرفس ۵ ماشہ حاصل السوس ۵ ماشہ۔ بادیاں ۵ ماشہ سپستان ۵ عدد خیار شنبر ۱ تولہ مشکطرامشیع ۹ ماشہ گاؤزبان ۵ ماشہ۔ گلقند ۲ تولہ کیلو رجو شاندہ مریضہ کو ہر دو وقت ایک ہفتہ تک پلادیں۔ غذا صرف سادہ دینے رہا کریں۔ اگر پوری طرح فائدہ نہ سمجھیں تو ارگٹ آف کونین ایک ڈرام ٹنکچر اوپر ۵ قطرہ عرق سونف ۲ تولہ فی خوراک ایسی چار خوراک یومیہ دے سکتے ہیں۔ انشاء اللہ تین دن تک مریضہ اچھی ہو جائیگی۔ غذا کھچڑی وغیرہ۔ پرہیز ترش اشیاء سے۔

## برائے فالج و لقوہ

پوٹاشیم آیوڈائڈ دس گرین فی خوراک کے حساب سے چار خوراک دن میں دے سکتے ہیں۔ ان بیماریوں میں اکثر دفعہ میں نے مجرب پایا۔

**برائے ذیابیطس:۔** منڈی۔ اسیر پھکڑہ کا دو سیر عرق نکال کر ایک ماشہ سوہاگہ چونکہ عرق نانو مذکورہ الیہ دو خوراک دن میں دیں۔ پانچ چھ یوم صرف غذا شوربہ اخروٹ دیں۔ کشتہ فولاد ۴ رتی ہمراہ سکہ دمعجون زرعونی بھی ہمراہ دودھ دینا مفید ہے۔

## حکیم سید غلام رسول ڈالووالی

**برائے مسے:۔** رست لیموں کو لیکر مسّے کے اوپر رگڑیں۔ اور مسّے سے سفید رنگ کا پانی خارج ہوگا۔ جب وہ سوکھ جائے۔ تو روغن زرد سے دو دن چپڑیں تیسرے روز سے کھرنڈ اُتریگا۔ اور بعد میں کبھی وہاں مسہ نہ ہوگا۔ یہ میرے مجربات خصوصی میں سے ہے۔

**برائے داد:۔** روغن کنجد ۱ تولہ۔ موم سفید ۱ تولہ رنگ ادکسائڈ ۲ ڈرام روغن کو گرم کریں۔ اور موم بھی ہمراہ ڈال دیں۔ جب پگل جائے۔ تو اوپر سے رنگ ادکسائڈ

ڈال دیں۔ اور نیچے اتار کر کاربالک ایسڈ ڈال کر حل کر لیں۔ پھر مرہم داد تیار ہے۔ جب کبھی استعمال کی ضرورت ہو۔ تو مقام مرض کو نیم کے صابن یا کاربالک صابن سے دھو کر اوپر سے کھردرے کپڑے سے رگڑ کر مرہم طلاء کریں۔ انشاء اللہ تیسری چوتھی دفعہ کے استعمال سے آرام ہو جائے گا۔

**سفوف بواسیر خونی:** ۔ مغز تخم کرنجوہ پانچ تولہ کھنڈ پانچ تولہ دونوں ملا کر بوزن ۶ ماشہ ہر دو وقت ہمراہ دوغ استعمال کرنے سے آرام آ جائے گا۔

## حالات زندگی

آپ نے لاہور امرتسر دہلی دسہارنپور دینیات منطق معقول منقول حاصل کی طب کچھ حکیم نور الدین قادیان سے کچھ عرصہ مفتی سلیم اللہ لاہور سے پھر مرحوم ابوتراب محمد عبد الحق امرتسری سے حاصل کی۔ پھر دہلی طبیہ کالج حکیم عبدالمجید خان سے حاذق کی سند عربی لی ہے۔ بعد ازاں دھرم کوٹ عرصہ ۴۵ سال سے مطب قائم کیا۔ اور گرد و جوار سیالکوٹ وغیرہ مریضوں پر جاتا ہوں۔

**برائے قوت باہ و جریان:** ۔ مغز املی ۱ تولہ اندر جو شیریں ۱ تولہ تالمکھانہ ۱ تولہ موصلی سفید ۲ تولہ موصلی سرخ ۱ تولہ بہمن سفید ۱ تولہ بیج بند گراتی ۱ تولہ

طباشیر نقرہ ۱ تولہ۔ صمغ عربی ۱ تولہ۔ گوند کتیرہ ۱ تولہ۔ کشتہ قلعی ۱ تولہ۔
کشتہ عقیق ۱ تولہ۔ کشتہ صدف ۱ تولہ۔ چاول سونف ۵ تولہ تخم کشنیز ۳ تولہ
شیر گاؤ میش ۴ سیر۔ روغن زرد آدھ سیر بختہ ورق نقرہ ایک دفتری ورق
طلائی ۱۰ عدد تمام چیزیں کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔ بعد ازاں شیر گاؤ میش
کی ربڑی بنالیں۔ پھر اسمیں روغن زرد ملالیں۔ جب خوب اچھی طرح بھن
جاوے۔ ادویہ کوفتہ بختہ اس میں ڈالدیں۔ بعد ازاں کشتہ ڈالیں اور شکر تری
یعنی کھانڈ آدھ سیر کا قوام بنا کر ملالیں۔ خوراک ۲ تولہ صبح ہمراہ شیر گاؤ بختہ
اور سوتے وقت رات ۲ تولہ ہمراہ شیر گاؤ۔ پرہیز ترش اشیاء وغیرہ

## اکسیر درد گردہ سو فیصد مجرب

(از پنڈت گیان چند جی وید گدیراج دھرم کوٹ رندھاوا ضلع گورداسپور)

**تریاقِ ہیضہ:۔** کیمفر دبینی دس بوند ہر ایک دست کے بعد استعمال کریں
جہاں تک کہ بند نہ ہو جاویں۔

**اکسیر درد گردہ:۔** مرچ سرخ بڑھیا ۸ عدد۔ فلفل دراز ۸ عدد۔ لونگ ٹوپی والے
ان سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنادیں۔ اور ان سب ادویات سے چار گنا
پرانا گڑ تین سالہ لے کر ملادیں۔ اور گولی بقدر دانہ موٹھ کے تیار کریں۔

**طریقہ استعمال:۔** صبح و شام ایک گولی ہمراہ گرم پانی۔

# اکسیر برائے مدہوشیہ نسخہ مبارک

شدھ افیون ۳ ماشہ۔ طباشیر نقرہ ۳ ماشہ۔ مغز الائچی سبز ۳ ماشہ ورق نقرہ ۳ ماشہ ان سب کو ملا کر گولی بقدر ½ رتی تیار کریں۔

طریقہ استعمال:۔ ایک گولی صبح تازہ آب کے ہمراہ نوش کرائیں۔

نوٹ:۔ ایک دن میں صرف ایک گولی ہی استعمال کرا دیں۔

# حالات زندگی

(از جناب ڈاکٹر گیانچند ولد کالو مل کھتری ساکن بنیاں تحصیل نارووال ضلع سیالکوٹ)

آپ کی پیدائش چیت سمت ۱۹۴۳ کی ہے۔ تعلیم مڈل اردو انگریزی کی ہے عرصہ پندرہ سال سے موضع بھنیاں میں کام حکمت کر رہا ہوں۔ لالہ بھگوانداس سے تعلیم حاصل کی ہے۔ میں تحفہ مقبول کے لئے چند ایک صدری مجربات بغیر کسی بخل کے درج کرتا ہوں۔

# نسخہ دافع بخار ہو الشافی

پوست نیم پاؤ پختہ چھٹانک۔ پاؤ پختہ گلو سبز ہم وزن لیکر ان کا نمک بنا کر پانی دو سیر پختہ میں کوٹ کر اچھی طرح سے ابال لیویں۔ بعد میں اچھی طرح سے مل کر پانی کو نتار لیویں اور پھر آگ پر رکھ کر سکھا لیویں۔ اسمیں ایک تولہ پھٹکڑی سرخ پیس کر ڈال دیویں۔

اور نخود کے برابر گولیاں تیار کریں۔ عرق سونف اور گاؤ زبان کے ساتھ دن تین گولی استعمال کریں۔

## برائے کشتہ نامردی

ایک جُبٹ گری کا لیکر اسمیں تھوڑا سا سوراخ کر کے اسمیں پانچ تولہ شنگرف رومی ڈال کر بڑھ کے دودھ سے بھر دلویں۔ بعد میں سوراخ کو بند کر کے ہر روز دو سیر پختہ دودھ گائے یا بھینس میں پکائیں اکیس ۲۱ روز کے بعد اسکا منہ کھول کر اسمیں ایک تولہ زعفران اور ایک تولہ افیون ڈالکر منہ کو بند کر دلویں۔ اور ایک سیر پختہ گھی کڑاہی میں ڈال کر نیچے آگ جلائیں۔ جب گھی سرخ ہو جاوے۔ اسمیں جُبٹ کو رکھ دلویں جب پک جاوے ایک پاؤ پختہ شہد اصلی لے کر اس میں آہستہ سے ڈال دیں۔ ان تمام چیزوں کو آگ لگ جائیگی۔ جب جل کر راکھ ہو جاوے۔ تو اس سے شنگرف نکال لیویں۔ اور پیس کر شیشی میں ڈال لیویں۔ اور جو راکھ بچے اس میں روغن زرد ڈال کر مرہم تیار کر لیویں۔ یہ مرہم ہر ایک قسم کے پھوڑے دھینبل بلکہ آتشک کے زخم کے لئے مجرب ہے۔

**خوراک**:۔ کشتہ شنگرف ایک رتی مکھن یا بالائی میں نوش کریں

**پرہیز**:۔ تیل والی اشیاء دلال مرچ و ترشی و ہر ایک گرم اشیاء اور جماع وغیرہ سے پرہیز۔ انشاء اللہ بہت جلد شفا ہو گی۔

# حالات زندگی

(از جناب حکیم سردار خاں ولد غلام محمد قوم راجپوت موضع بھصنیاں تحصیل نارووال ضلع سیالکوٹ)

آپ کی پیدائش سنہ ۱۹۰۳ء ہے۔ اور مڈل پاس کرنے کے بعد آپ کو علم طب پڑھنے کا شوق پیدا ہوا۔ آپ حکیم محمد الدین سکنہ سراج مسیح الہند کی شاگردی میں عرصہ چار سال تک پڑھنے کا موقعہ حاصل ہوا۔ بعد ازاں اپنے گاؤں میں آکر مطب جاری کر دیا۔ آپ کے مجربات حسب ذیل ہیں۔

**سرمہ مقوی البصر:۔** خالص ورقیا ہڑتال ایک تولہ اور ایک سیر پختہ مولیاں کھنڈ باری بمعہ ڈنڈیاں کوٹ کر اس کا نغدہ بنالیں۔ ہڑتال نغدہ کے اوپر اور نیچے رکھ کر آگ دیں۔ صبح نکال کر اور ہڑتال ورقیا میں ایک پیسہ نانک شاہی رکھ کر آگ دیں۔ جب صبح نکالیں تو پھر سیاہ سرمہ یک چھٹانک لے کر باریک کر کے ایک کوزہ میں نصف ڈالکر اور بمعہ تانبا ہڑتال جو آگ سے نکالے ہیں۔ پھر دوبارہ آگ دیں۔ پھر نکال کر اہلا شیریں ۱۰ تولہ طوطیا سبز ۱ تولہ پیپر امنٹ ۹ ماشہ سب کو کھرل میں حل کریں۔ بہت باریک کر کے آب نیم میں کھرل کریں۔ بعد ازاں سنبھال کر رکھیں۔ جیا۔ پھولا۔ آنکھ دکھنی میں ہر مرض میں انشاء اللہ تعالےٰ جلد آرام ہو جائے گا۔

# نسخہ درد حیض مجرب

میتھرے ایک چھٹانک سوئے ایک چھٹانک دونوں ابال کر جب ایک چھٹانک پانی رہجاوے۔ تو پانی چھانکر اسمیں ۳ تولہ کائے کا گھی ڈالکر پلادیں دوسرے روز بنولے ۲ چھٹانک گری کھوپا ۲ چھٹانک چھوہارے ۶ عدد گڑ پرانا ۳ تولہ ان چیزوں کے تین حصے کرلیں۔ ایک حصہ میں ۲ چھٹانک پانی ڈال کر پکائیں۔ جب آدھ سیر بچنہ رہ جاوے۔ اتارلیں۔ زمین پر مت رکھیں پیہڑی پر رکھ کر سرد کریں۔ اس میں ۳ تولہ گائے کا گھی ڈال کر چھانکر پلادیں۔ تین دن متواتر پلائیں۔ روز تین لیپ کریں۔

**نسخہ مبارک لیپ:۔** زیرناف لیپ کریں۔ تیل میٹھا ۴ تولہ موم ماکھیو ا چھٹانک سوہجر نمک ۲ تولہ ان سب ادویات کو یک جگہ حل کر کے جو شاندہ چلانے کے بعد زیرناف لیپ کریں۔ لیپ متواتر تین کریں۔ بعد میں دودھ گھی اور کھنڈ میں کاہڑہ پکادیں۔ مجرب است

# نسخہ برائے درد وجع الفواد ورم معدہ

بیس سالہ تجربہ شدہ

از خاص کسے مجوزخود بیس سالہ تجربہ شدہ

(وید بھوشن حکیم ویداللہ شرم چند آدم درار ضلع سیالکوٹ)

نسخہ مبارک طباشیر ا تولہ۔ مصطگی رومی ا تولہ الائچی دانہ ا تولہ مگھ ۲ ماشہ صبر ۳ ماشہ جاذب کردہ سفوف تیار کریں۔ خوراک ا رتی گلقند میں سرد پانی کے ساتھ دن میں ۳ بار نوش فرمادیں

# خاندانی حکیم عبد الغنی زیدی الٰہ آبادی

(تعلیم یافتہ حکیم غلام اشرف صاحب رئیس الاطباء و مشائخ الاطبا مستند زمانہ بھوئی ملیاں)

## سفوف برائے دق ہزارہا دفعہ کا تجربہ کیا ہوا۔

طباشیر ۳ ماشہ۔ الائچی دانہ خورد ۳ ماشہ ست گلو ۲ ماشہ خوب کلاں ششتہ ۹ ماشہ مصری کوزہ ۱۰ تولہ سفوف بنا دیں۔ ہر روز صبح شام ۴ چار ماشہ ہمراہ عرق ذیل کے ساتھ

**عرق مبارک:۔** برگ نیلوفر ۱۰ تولہ گلسرخ ۲ تولہ گلو سبز یا ڈبختہ کاسنی ۵ تولہ افسنتین ۲ تولہ دار چینی ۲ تولہ قرنفل ½ تولہ برگ اڑوسہ ۱۰ تولہ آب کدو یا ڈبختہ آب تربوز یا ڈبختہ سونف ۵ تولہ شیر گاؤ ۳ سیر آب دریا ۲ سیر بطریق عرق نکالیں

## درد فم معدہ کا حکیم علاج مجرب

آگ کی خشک موٹی لکڑیاں جلا دیں۔ اور انکی خاکستر کو پانی میں بھگو کر نمک بنالیں ہر روز صبح و شام ایک رتی منقہ میں رکھ کر کھلا دیں۔

# حکیم ڈاکٹر محمد اسد اللہ خاں کوٹلی نھتو

برائے مخلوق نامردی قوت باہ کیلئے بینظیر تحفہ۔ آئیل کرڈٹن ۱۰ منم ٹنکچر آیوڈین ۲۰ منم مچھلی کا تیل ولائتی ۲ ڈرام ملالیں حشفہ و سیون چھوڑ کر مالش کریں اور پتا ارنڈ

# خاندانی حکیم محمد افضل
## نعمان الملک
سیان

آپ کی عمر تقریباً پچاس سال ہے۔ عربی فارسی کے کامل استاد طب کے فاضل طبیب عقاقیر کشتہ جات کے جید ماہر ہونے کے علاوہ جدید اصول فن سے بھی کافی دلچسپی رکھتے ہیں۔ عرصہ تیس سال سے کامیاب مطب کر رہے ہیں۔ عربی فارسی دینیات کے علاوہ طب کی درس و تدریس کے فرائض بھی سرانجام دیتے ہیں۔ آپ کے معمولات مطب بغرض اشاعت تحفۂ مقبول ارسال ہیں۔

## برائے قوت ہاضمہ

آملہ ۱۰ تولہ بادام روغن ۱۰ تولہ مصری کوزہ ۸ تولہ

**ترکیب**:۔ آملہ کو ۲۴ گھنٹہ ۲ سیر دودھ گاؤ میں بھگو کر صاف کرکے پھر پانی میں اسقدر جوش دیں۔ کہ وہ بالکل گل جاویں۔ بعد ازاں خوب صاف پیتل کی چھاننی میں خوب ملیں۔ یہاں تک کہ فالودہ کیطرح گٹھلی آملہ جدا ہو جاوے اور پوست آملہ نیچے برتن میں نکل آوے۔ اب آملہ میں بادام روغن مذکورہ بالا ملاکر خوب بریاں کریں۔ اور پھر شہد پاؤ پختہ اور مصری مذکورہ ملاکر قوام کرکے اس میں آملہ بریاں مذکور ڈال دیویں۔ اور تھوڑی آنچ دے کر نیچے اتار لیویں۔

پھر اسمیں یہ ادویات پیس کر ملا لیویں۔ نمک سنگ ۱/۲ ۳ ماشہ منقہ ۱/۲ ۳ ماشہ فلفل دراز ۱/۲ ۳ ماشہ پوست ہلیلہ ۶ ماشہ ستہا در ۶ ماشہ آرد ملٹھی ۵ ماشہ کشتہ فولاد انگریزی (فرانی کاربٹ) ۶ ماشہ خوراک ۶ ماشہ بوقت شب

## کرنگ (یعنی بچہ کا رحم میں خشک ہو جانا)

راکھ بھگواڑہ ایک چھٹانک۔ جوکہ سائے میں خشک کی گئی ہوں۔ ہر روز صبح ایک ماشہ ہمراہ آب سرد مریضہ کو کھلا دیں۔ انشاءاللہ بہت جلد بچہ دوبارہ زندگی حاصل کر کے پیدا ہوگا۔

## برائے سعال و تپ

شکر تیغال ۶ ماشہ ست گلو ۳ ماشہ آرد ۳ ماشہ تخم کاسنی ۳ ماشہ مغز تخم کدو ۳ ماشہ مغز تخم خیارین ۳ ماشہ آرد ملٹھی ۳ ماشہ کشتہ عقیق ۳ ماشہ کشتہ مرجان ۳ ماشہ تمام کو سفوف کر کے ہمراہ عرق مکور شربت بنفشہ دونو وقت دیویں خوراک ایک ماشہ سے ڈیڑھ ماشہ تک۔

## السیلان الرحم یعنی جریان

(از چوہدری خورشید احمد ساکنہ گھٹالیاں ضلع سیالکوٹ)

ثعلب مصری۔ شقاقل مصری۔ تالمکھانہ۔ پنجانگ کیکر کل ادویات ہموزن لیکر مصری ملالیں۔ خوراک ۳ ماشہ ہمراہ دودھ ہر روز

# حالات زندگی

(از جناب حکیم محمد حسین قریشی نعمان الملک روڈرس ضلع سیالکوٹ)

آپ کی عمر اسوقت تخمیناً ۵۵ سال کی ہے۔ میں نے علوم مشرقیہ کی ابتدائی کتب - - - - - - - - - - طب کی اپنے والد مکرم اور مولوی کرم الہی صاحب ساہو والہ سے پڑھیں پھر حکیم محمد سعید صاحب روڈرس سے علم طب کی تحصیل کی۔ اور تقریباً ۳۵ سال سے دواخانہ سعید عام کے نام سے مطب چلا رہا ہوں خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے ہزاروں قسم کے مریض شفایاب ہو چکے ہیں۔

# حکیم قاضی محمد نذیر قریشی شمس الحکماء

از جناب حکیم قاضی محمد نذیر شمس الحکماء قادیاں ولد حکیم محمد حسین صاحب قریشی

آپ کی عمر تقریباً ۳۸ سال کی ہے۔ میں نے علم طب کی تحصیل حکیم محمد سعید صاحب روڈرس کی زیر نگرانی کی۔ فارسی کی درسی کتب اپنے والد صاحب سے پڑھیں۔ اسکے بعد منشی فاضل اور مولوی فاضل کے امتحانات پاس کئے بعد میں میٹرک اور ایف۔ اے پاس کئے۔ میں لائلپور میں گیارہ سال کے قریب عربک ٹیچر رہا ہوں۔ اسکے بعد دو سال صدر انجمن احمدیہ قادیاں کے ماتحت تبلیغی فرائض سرانجام دیتا رہا۔ آجکل میں

قادیاں کے تعلیم الاسلام ہائی سکول میں ملازم ہوں۔ اور معلم دینیات و فارسی ہوں۔ میں نے کبھی مریضوں سے قیمت وصول نہیں کی۔ اور صرف علم طب اور خلق خدا کی خدمت کو عین سعادت سمجھتا ہوں۔ چند نسخہ جات درج ہیں۔

## حکیم قاضی محمد منیر ولد قاضی حکیم محمد حسین

آپ کی عمر اسوقت تقریباً ۲۶ برس ہے۔ میں نے علم طب کی تعلیم اپنے والد مکرم حکیم محمد حسین صاحب اور حکیم غلام نبی صاحب ردڑس سے کی ہے۔ اپنے وطن میں کامیاب طور پر مطب کرتے رہے ہیں خاندانی حکیم میرے والد صاحب اور دادا صاحب حکیم تھے۔ علاقہ میں خاندان کا خاص شہرہ ہے۔

## ڈاکٹر محمد بشیر احمد ولد قاضی حکیم محمد حسین

آپ میٹرک کی تعلیم کے حصول کے بعد میڈیکل سکول امرتسر میں تعلیم پاتے رہے اسکے بعد لاہور میں ہومیو پیتھک کے علم کی تحصیل باقاعدہ کالج میں تعلیم پاکر کی۔ اپنے والد صاحب مکرم سے یونانی علم طب کی تحصیل کی چند نسخہ جات مجرب درج ذیل ہیں۔

**بچوں کے سبز اسہال کیلئے:** مرکری ایک حصہ فرنچ چاک دو حصہ دونوں چیزوں کو اچھی طرح کھرل کریں۔ جب مرکری کے اجزا نابود ہو جاویں۔ تو

دو گرین فی خوراک دن میں چار دفعہ کھلائیں۔

## برائے ضعف جگر وغیرہ

از جناب قاضی محمد منیر صاحب کورد وال

تخم بادیاں ۲ تولہ بیخ بادیاں ۴ تولہ۔ کاسنی تخم ۲ تولہ۔ تخم کرفس ۹ ماشہ بیخ کرفس ۹ ماشہ تخم خربوزہ ۱۰ تولہ۔ نکو ۱۰ تولہ۔ تخم خیار ۱۰ تولہ تخم کشوث پوٹلی میں باندھ کر گل غافث ۹ ماشہ انجیر ولائتی پاؤ افتیمون ولائتی ۱۰ تولہ ریوند چینی ۱۰ تولہ گل سرخ ۵ تولہ بالچھڑ تولہ مویز منقے ۲۰ تولہ بیخ کبر ۱۰ تولہ آب انار شیریں پاؤ مصری ایک سیر شربت بنادیں۔

## عرق مبارک

تخم کاسنی پاؤ۔ الائچی کلاں پاؤ بادیاں پاؤ۔ پودینہ پاؤ۔ گوخشک ۵ تولہ گلسرخ ۱۰ تولہ۔ ملٹھی ۳ تولہ گاؤزبان ۱۰ تولہ۔ نکو ۱۰ تولہ عرق سیر کشید کریں شربت بالا ۵ تولہ اور عرق ۵ تولہ ملا کر صبح و شام پلادیں۔

## کھانسی کیلئے

از جناب ڈاکٹر بشیر احمد صاحب

کچلہ ایک تولہ نمک لاہوری ۵ تولہ ایک ہنڈیا میں تہ بتہ رکھکر آگ دیدیں۔ سرد ہونے پر باریک پیس کر منقہ میں ایک رتی

خوراک صبح و شام دیں۔ بوڑھوں کی کھانسی کو از حد مفید ہے۔

# نسخہ مقوی باہ

از جناب حکیم محمد حسین صاحب

تخم شلغم ا تولہ۔ زعفران ا تولہ ثعلب مصری تولہ بہمن سرخ تولہ۔ بہمن سفید تولہ۔ موصلی سیاہ تولہ۔ موصلی سفید تولہ۔ دار چینی تولہ۔ اجوائن دیسی تولہ اجوائن دل تولہ۔ اجوائن خراسانی تولہ۔ تودری تولہ۔ بیر بوٹی تولہ۔ تج تولہ۔ تالمکھانہ تولہ۔ خسک تولہ فلفل دراز تولہ۔ اندر جو شیریں تولہ۔ زنجبیل تولہ۔ عاقر قرحا تولہ۔ لونگ تولہ۔ ثمر مغیل تولہ۔ مصطگی تولہ۔ الائچی خورد تولہ۔ شقاقل تولہ۔ کتیرا تولہ۔ شنگرف تولہ۔ میٹھا تیلیہ تولہ۔ بھوالدہ بلاکل دو تولہ۔

**ترکیب**:۔ سوائے شنگرف کے سب ادویات کو کوٹ چھان کر وزن کریں۔ اور سب ادویات کو اکٹھا کریں۔ پھر ایک سیاہ مرغ ذبح کر کے پر و بال اکھاڑ کر خوب صاف کر کے پیٹ چاک کر کے سب ادویات مرغ کے پیٹ میں بھر دیں۔ اور درمیان سب ادویات کے شنگرف رکھ دیں۔ اور پیٹ کو سی دیں۔ تین سیر روغن زرد میں جریاں کریں۔ پھر اس کی ہڈیاں دور کر کے بعد گوشت کے سب ادویات کو کوٹ کر سفوف بنا دیں۔ اور ابتدا

۳ ماشہ تا ۶ ماشہ ہمراہ دودھ نیم گرم مصری ڈال کر صبح شام کھایا کریں۔
از حد مقوی باہ ہے۔ نامرد کو مرد بنانے والا ہے۔

# مقوّی باہ و ممسک

سم الفار ۶ ماشہ شنگرف تولہ۔ افیون تولہ۔ آب پیاز ایک پاؤ میں کھرل کر کے گولی بنا دیں۔ کیکر کا ڈنڈا سوا گز لمبا ۴ انچ موٹا لیکر درمیان سے اسکو کھود کر ادویہ مذکورہ اس میں رکھکر اوپر برادہ کیکر دیکر درمیان سیمنٹ کر دیں۔ اور اسکے دونو سروں پر آگ لگا دیں۔ جب درمیان سے ایک بالشت ڈنڈا رہ جاوے۔ آگ کو دور کر دیں۔ اور ادویہ اس میں سے نکال کر بقدر موٹھ گولیاں بنا دیں۔ ہمراہ نیم گرم بعد از غذا کھلا دیں۔

# مسہل مبارک

(قاضی محمد نذیر صاحب مولوی فاضل قادیاں محلہ دار العلوم)

حب الملوک مدبر تولہ۔ تربد کیمیا تولہ۔ سہاگہ تولہ۔ سنڈھ تولہ آب کنوار گندل گولیاں بقدر نخود بنا دیں۔ پانچ سات گولی تک کھلا سکتے ہیں۔ ہمراہ سرد پانی کے کھلا دیں۔

# حب برائے ملیریا بخار

کافور ایک گرین۔ کونین ۳ گرین۔ جد دار ۳ گرین یہ ایک گولی کا وزن ہے۔ اسی وزن سے گولیاں بناویں۔ اور وبا کے دنوں میں ان گولیوں کو حفظ ماتقدم کے طور پر ہر شخص کو استعمال کرانی چاہئیں۔ از حد مفید ہیں۔

# حب ریح البواسیر

گوگل ۲ تولہ۔ آرد بکائین ۵ تولہ۔ کچور ۹ ماشہ۔ انجیر ولائتی ۳ تولہ مویز منقے ۳ تولہ گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔ اور گولیاں صبح و شام ہمراہ عرق بادیاں نوش کراویں۔

# حالات زندگی

ازجناب حکیم سید حسین شاہ ولد محمد شاہ

گوگل بہنہ ۲۰ تولہ۔ سورنجاں شیریں ۱۰ تولہ۔ انجیر دیسی ۱۰ تولہ ہر سہ ادویات کو لوہے کی آہرن دو ہزار چوٹ لگائیں۔ ایک مرغ جوان نہ ہو۔ پیٹ چاک کرکے ادویہ مذکورہ پیس کر پیٹ میں

رکھ کر پانچ سیر دودھ گائے یا بھینس جبکہ خشک ہو جاوے۔ اور لیئں ہڈیاں مرغ نکال دیں۔ گولیاں بقدر ۶ ماشہ معجون ماشہ بنا کر ۲۰ تولہ گھی کے گھونٹ سے استعمال کریں۔

پرھیز:۔ لسی دودھ ترش اشیاء۔ بٹیر۔ مرغ۔ کبوتر چنے کا لعاب یا تھوم کی کھیڑی استعمال ۲ دن میں آٹھ خوراک گھنٹہ صبح و شام

# برائے پڑوال

رسونت پاؤ پختہ رس لیموں ۵ تولہ رگڑ کر گھڑے ملائیں بنا کر سرمچو تیار کریں۔ یا گنگا پانی پا دے پڑوال کیلئے مجرّب ہے۔

# برائے پھولا

نوشادر ۱ تولہ۔ شرین کا پانی ۱ تولہ شورہ ۱ تولہ۔ لیموں کا رس ۵ تولہ کوڑے گلہ کمست کر کے دھوپ میں رکھ چھوڑیں۔ رات کو اندر مکان صبح کو دھوپ پانچ یا چھ یوم کے بعد کوزے بدن مانند گوند جوہر نکلتا ہے۔ پانچ یوم تک نکلتا ہے۔ اس کو اچھی طرح سے شیشی میں ڈال لیں۔ اور یہ آنکھ میں ڈالیں۔ جرمان۔ ککڑ سنگی تولہ۔ برنگی ۱ تولہ۔ گلو منڈی تولہ لیکر حسب ضرورت شہد سے گولیاں بقدر تین ماشہ تیار کریں۔ ۷ یوم میں آرام ہو جاتا ہے۔ تیار کر کے قدرت الٰہی کا مشاہدہ کریں۔ انشاء اللہ بہت جلد آرام ہو جاوے گا۔

# حالات زندگی

(ازجناب حکیم مولوی محمد چراغدین شمس الحکمار ولد مولوی احمد دین لوڑہکی گورایا ضلع سیالکوٹ)

آپ کی عمر ۴۵ سال ہے۔ اور بچپن ہیں لوئر مڈل تعلیم پائی۔ بعد ازیں آپ نے اپنے والد ماجد سے تعلیم فارسی حاصل کی۔ علم شریعت وعلم طب بزرگوار سے حاصل کیا۔ پھر چچا فضل احمد دیہہ مذکور میں حکیم لاثانی تھے۔ فیضان علم طب بعدہٗ علمی تجربہ حکیم پراند تہ صاحب مستفید ہوا۔ سیالکوٹ جاکر مولوی صاحب غلام حسین نسخہ قوی سیکھا۔ حکیم قاضی فضل احمد سیالکوٹ زیر درس وہاں ہی مطب شروع کردیا۔ بعدہٗ ملتان جاکر علم شریعت حاصل کیا مشہور قاری شاہیں بادشاہی ان سے علم قرءت کا حاصل کیا۔ مولوی محکم دین علم شریعت لاہور محلہ نرولی والہ حکیم حافظ عبداللہ علم طب حاصل کیا۔ پھر مطب عرصہ پچیس سال سے دیہہ مذکور میں کامیاب کرتا ہوں۔ ہزاروں انسان میرے دست کرم سے شفایاب ہوتے ہیں۔

## برائے تپ بلغمی

ہڑتال ورقیہ ۱ تولہ۔ رس لیموں یعنی کاغذی ۳ ماشہ پھٹکری ملا سرسوں کی نم دلوئیں کوزہ رنگ کر کورہ اتنا ہو۔ کہ سرپال آجاوے۔ اسمیں رکھ کر کے ڈال کر رکھ

جسوقت سیک پڑھیگا۔ پھر جیساکہ گڑ کی پاش ہوتی ہے۔ جسوقت خشک ہو جاوے۔ ایک گھنٹہ میں تیار ہوگی۔ کوزے کا منہ کھلا رہے۔ سرخ رنگ کے تیل کے ساتھ چپڑیں عام گداز نہ ہو۔ خوراک ایک چاول ہا شیر گاؤ مسکہ گاؤ بلغمی تپ کو مفید ہے۔

# برائے حبس البول

پیشاب جاری کرنے کیلئے۔ انگوزہ ۲ ماشہ گڑ ۲ ماشہ لپیٹ کر مریض کو خصی کر تپ یا کناں میں گرم پانی آمیز کرائیں۔

# تپ کہنہ و حمی بلغمی و سوداوی

زرد چوب۔ دار ہلدی۔ کٹھ شیریں۔ بابڑنگ۔ گلو۔ فلفل گرد۔ فلفل دراز ناگر موتھ۔ بہادر موتھ۔ اندر جو۔ ہلیلہ کلاں شطرج۔ مہندی۔ برگ نیم لاہوری نمک ہر یک یک تولہ کوفتہ بختہ با بونہ سبز سہ روز کھرل کریں حب بقدر کنار دستی لبستہ در سایہ خشک نمودہ۔ نگاہ دارند ایک گولی ہمراہ آب ۱۱ یوم۔ برائے پرسوت بادی ہر روز حب ہفت روز ندارد شہد گڑ سے نہ کھادیں۔

# برائے خفقان صفراوی

مسکہ گاؤ صدر در آب شستہ مریض کے بال اتر دا کے ملیں۔

شربت بزوری پلادیں۔ نسخہ مبارک یہ ہے۔

کاسنی ۳ تولہ۔ بیخ کاسنی ۸ تولہ۔ سونف ۳ تولہ۔ بیخ سونف ۶ تولہ

مغز کدو ۲ تولہ۔ مغز تربوز ۲ تولہ۔ مغز کھیرہ ۲ تولہ۔ مغز خربوزہ

۲ تولہ۔ خرفہ ا تولہ۔ مصری ۳ پاؤ۔ شربت تیار ہے۔ خوراک

۳ تولہ صبح ۳ تولہ شام

# ادرار حیض

شب یمانی تولہ لے کر پیس روئی کی بتی کو پانی سے تر کر لیں۔ پھر گاڑھی بتی پر لگائیں۔ فرج عورت میں شافہ چڑھائیں۔ مگر ایام حیض ۳ یوم بوقت شب حیض جاری ہو گا۔ تین مرتبہ شافہ نکالتے وقت ۶ ماشہ آملہ دلوئیں۔

# مرہم برائے زخم خنازیر

سم گائے دسنگ۔ انگاسے پنڈوانی چوٹی حسب ضرورت جلا کر تل کے تیل میں حسب ضرورت مرہم تیار ہے۔ بوقت ضرورت لگاویں۔ مجرب ہے۔

# بواسیر خونی و بادی

کرنجوہ۔ بیخ عالمگری خوب باریک تولہ تولہ ایک ماشہ طباشیر شہد میں حل کر کے معجون تیار کریں۔ خوراک ۶ ماشہ بوقت فجر ہر روز سے

تولہ تک... بادی اور ترش اشیاء وغیرہ سے پرہیز۔
مغز ہر تولہ پانی میں گھونٹ کے حسب ضرورت، گرم کر کے لیپ کریں۔ قدرے دن میں تین چار دفعہ۔ ہفت روز میں ورم دور ہو جاوے گا۔

**برائے سل**:۔ کشنیز ۶ ماشہ۔ خشخاش ۱ تولہ باریک پیس کر نبات ۲ تولہ ڈال کر پانی سے گھونٹ ایک پیالہ پی کر ہر روز ایک ہفتہ نوش کرایا کریں۔ انشاء اللہ آرام ہو گا۔

# برائے قوّت باہ

افیون۔ زعفران۔ جوز بویہ۔ قرنفل۔ شنگرف۔ ہر ایک ہموزن لے کر گولیاں بقدر نخود شہد سے تیار کریں۔ بوقت ضرورت کھانے کے دو گھنٹہ بعد ایک گولی کھاویں۔ سات یوم کھاویں۔ بعد سات یوم کے دس۱۰ دن عورت کو خوش کرے گا۔ ۷ یوم عورت کے پاس نہ جاوے۔ اگر جاوے گا۔ تو نقصان اٹھاوے گا۔

**طلا**:۔ مغز فاخل پاؤ۔ کڑاہی میں ڈالیں۔ روغن کنجد ۱۰ تولہ ڈالیں۔ کڑاہی کے نیچے آگ روشن کریں۔ جبوقت ادویہ سرخ ہو جاوے۔ شیشی میں حفاظت سے رکھیں۔ ہر روز مالش کریں۔ اور برگ پان باندھیں۔ سات یوم طلا کریں۔ مجرب ہے کجی دور کرے گا۔ آلہ تناسل قوی کرے گا۔

# حالاتِ زندگی

(از جناب حکیم محمد حسین قریشی ولد حکیم صلاح الدین قریشی مرحوم سکنہ اکبر ضلع سیالکوٹ)

آپ کی عمر تخمیناً ۵۲ سال ہے۔ رواجی تعلیم ورنیکولر مڈل تک ہے۔ اس کے بعد اپنی خاندانی روایات کے مطابق طبی تعلیم اپنے والد بزرگوار سے جو اپنے علاقہ گرد و نواح میں ایک مشہور طبیب تھے مطب شروع کیا پھر گوجرانوالہ میں حکیم مولوی محمد الدین صاحب احمدی کی شاگرد رشید مولوی نور الدین صاحب خلیفہ المسیح قادیانی سے حاصل کی یا تجربہ اپنے والد بزرگوار کے ساتھ ہی عرصہ تقریباً ۲۵ سال سے مطب کیا ہوا ہے۔ نیازمند کا خاندان آبائی طبابت پیشہ سے تعلق رکھتا ہے۔ چنانچہ میرے تایا صاحب حکیم حسن الدین مرحوم مہاراجہ امر سنگھ صاحب جموں کے طبیب خاص تھے۔ پہلے وہ سرکاری حکیم پونڈہ میں رہ چکے تھے۔ اگرچہ سے بھی اکسیر اعظم کا مطالعہ کیا۔ چند مجربات جو میرے تجربہ میں چلے آئے ہیں۔ تحفہ مقبول میں درج کرتا ہوں۔

## نسخہ مبارک ماسخورہ ھو الشافی

دانتوں کی کئی مرضوں کے لئے از حد مفید جو بارہا تجربہ میں آچکا ہے۔

نیلہ تھوتھہ۔ پھٹکڑی سفید یا بھی۔ سپاری۔ مازو چاروں ہموزن پھٹکڑی کو توے پر بریاں کریں۔ اور باقی ہر سہ ادویات کو باریک پیکر

اپلوں میں دم بخت کر لیں۔ سب کو پیس کر محفوظ رکھیں۔ دانتوں کو سفید کرتا ہے۔ دانت درد کرتے ہوں۔ یا ہلتے ہوں۔ یا پانی ٹھنڈا لگتا ہو۔ مسوڑوں میں زخم ہوں۔ پیپ جاری ہو۔ اس کے استعمال سے تمام امراض متعلقہ کو نیست و نابود کر دیتا ہے۔

# مصفیٰ خون گولیاں

ہر قسم کا پھوڑا پھنسی۔ داد۔ چنبل۔ گنج۔ جراحت اور اگر مدا دحت کی جاوے۔ تو پائے اور آتشک کے لئے بھی بمنزلہ اکسیر ہیں۔ اور نہایت مفید و مجرب ہیں۔ یہ نسخہ ایک سنیاسی صاحب جو بہت عمر رسیدہ تھے ان سے ملا تھا۔ بارہا بار تجربہ میں آچکا ہے۔ رسونت۔ چاکسو۔ ہنڈ سی۔ برم ڈنڈی۔ تیل کنٹھی۔ نیلوفر۔ سرپھوکہ۔ صندل سفید۔ صندل سرخ۔ شاہترہ۔ برگ حنا۔ برگ نم۔ برگ الکائن۔ گل مساوی الوزن باریک پیسکر حب بقدر نخود تیار کریں۔ دو۔ دو یا تین تین کی مقدار لیں۔ ہر روز صبح شام شربت عناب یا عرق شاہترہ۔ یا صرف پانی سے ہی استعمال کیا کریں۔

# سُرمہ سلیمانی

یہ الہامی نسخہ حضرت سلیمان علیہ السلام پر نازل ہوا۔ آپ کے خزانہ میں مخفی تھا۔ آپ سے نوشیرواں کو پہنچا۔ نوشیرواں سے حضرت علی کرم اللہ

تک پہنچایا آپ سے اصحابہ کرام کے ذریعہ بزرگان تک رسائی ہوئی۔
سنگ بصری درم۔ سرمہ اصفہانی ۲ درم نمک اندرانی چوتھائی مثقال
زعفران سبز فراط۔ کافور احبہ۔ پوست ہلیلہ و پوست بلیلہ ۵ پانچ دانگ

## ترکیب تیاری۔

ہلیلہ و بلیلہ را در آب آں مقدار کہ
بھہ شد آں را۔ دبیداندند در آں ادویہ را۔ جوش دہند۔ تا آنکہ ربع آب
ناند۔ صاف کشتہ آں رتجیرقہ

## برائے تپ صفراوی

برگ نم۔ برگ نیلوفر۔ صندل سرخ۔ کشنیز خشک۔ آردکو ہموزن کو
باریک پیس کر خوراک ۴ رتی صبح ۴ رتی شام ہمراہ آب سردیا عناب شربت
کے دو تین روز میں تپ صفراوی کو کلی فائدہ بخشنے والی چیز ہے۔

## مقوی باہ جریان و سرعت انزال کیلئے اکسیر اعظم ہے

جو معمولی طب معمولی اطبا اس سے پہلے کئی دفعہ تیار کر کے بہت سے فوائد
حاصل کئے جا چکے ہیں۔ یہ بھی ایک راز کی چیز ہے۔ جو آج تک سے کتاب
میں درج نہیں ہوئی۔

**نسخہ مبارک یہ ہے:۔** ورق طلا ایک ماشہ مشک خالص ۲ ماشہ

ورق نقرہ ۳ ماشہ۔ زعفران کشمیری درجہ اوّل ۱ ماشہ۔ طباشیر ۵ ماشہ لکو الائچی دانہ خورد ۶ ماشہ۔ جائفل ۷ ماشہ۔ جلوتری ۸ ماشہ باریک کر کے تین دن تک بکری کے تازہ دودھ میں کھرل کریں۔ پھر تین دن تک عرق برگ پان میں کھرل کر کے حب نخود تیار کر رکھیں۔

# ترکیب استعمال قوّت باہ کیلئے

قوت باہ کے لئے ایک گولی رات کو ایک چھٹانک بالائی میں رکھ کر کھا لیں۔ اور بعد ایک . . . . . پاؤ دودھ گاؤ مصری ڈال کر پی لیں۔ جریان کے لئے ایک گولی رات کو ایک چھٹانک شہد کے ساتھ کھا کر ڈیڑھ پاؤ دودھ گاؤ مصری آمیختہ پی لیں۔ سرعت انزال یا امساک کیلئے ایک گولی ایک عدد پتہ پان میں رکھ کر کھالیں۔

# حالات زندگی

(از جناب حکیم اللہ دتہ شمس الحکماء ولد نبی بخش ہیجہ کے تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ)

آپ کے ابتدائی حالات عربی فارسی کی تعلیم مولوی غلام نبی علاقہ لائلپور سے حاصل کی طبی تعلیم حکیم مولا بخش علاقہ بارسے حاصل کی۔ کچھ عرصہ میاں گلاب پسرور میاں غلام اشرف فیضان علم طب حاصل کیا ۳۵ سال باقاعدہ مطب کرتا ہوں۔ . . . میں کتاب تحفہ مقبول کیلئے چند مجربات

صدر یہ پیش کرتا ہوں۔

# وجع المفاصل

مصبّر وبلدی ۲ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۱ تولہ۔ سورنجاں شیریں ۱ تولہ ان کو باریک پیس کر آب سبز مکو میں گولیاں بقدر نخود تیار کر رکھیں۔ ہمراہ عرق سولف قبض والے کو بارہ گولیاں رات کو سوتے وقت کھلاویں۔ اگر قبض نہ ہو تو چھ گولیاں یا کم و بیش برائے طبیب استعمال کریں طریقہ بالا

# برائے مالش روغن اکسیر درد ال

برگ آملہ ۵ تولہ۔ برگ دھتورہ پانچ تولہ۔ برگ سوہانجنہ ۵ تولہ۔ گنڈیاری کا پھل ۵ تولہ۔ گونچی سفید ۵ تولہ ان کو کوٹ کر ٹکیاں بنا دیں۔ دو چند ازاں تیل سرسوں سیاہ جلائیں۔ جب جل جاوے تو تیل محفوظ رکھیں۔ درد مقام پر مالش کریں۔ قدرے گرم کر کے غذا روٹی گندم نخود آب پانی۔ پرہیز۔ جماع ترش اشیاء و چاول لسّی وغیرہ سے کریں۔

# دورہ مرگی بیہوشی کو دور کرنے کیلئے

کلونجی ۶ ماشہ باریک پیس کر ۲ تولہ پانی اور اس میں ڈال شیشی میں ڈال دیں اور یہ دورہ کے وقت پر سنگھائیں۔ مجرب المجرب ہے۔

**سفوف انبہ:-** مغز جامن گٹھلی ۔ مغز انب گٹھلی دونوں باریک پیس کر ۵ ماشہ ہمراہ پانی کے ساتھ سنگرہنی پیچش والے کو بشرطیکہ سدی نہ ہو۔

# حب مسہل جمال

جمال ۲ تولہ ایک دن گوبر میں مدبر کریں۔ چھلکا اتار کر پتہ نکال لیں۔ مقشر شدہ کو دودھ بہت سا آب شامل کر چولہے پر پکا دیں۔ ایک پھر پوٹلی باندھ کر پکا دیں۔ اسکے ہموزن سقمونیا مقوی اور تربد۔ ہموزن عصارہ ریوند ہموزن) جلابہ ہموزن جمال گوٹہ مدبر ایک کورے پیالہ میں رگڑیں باریک ہونے پر اشیاء بالا سفوف تیار کریں - املی کے سایہ میں حب بقدر نخود تیار کریں۔ قوت والے مرد کے لئے ۵ یا تین استعمال برائے طبیب بچوں کو مونگ کے دانہ کے برابر۔ کسی قسم کی تکلیف نہ ہوگی۔ ہر طرح کے مادہ کو مفید ہے۔ آب سرد پلاتے رہیں۔

# حکیم چوہدری الف خاں

(موضع سکھانہ باجوہ ضلع سیالکوٹ)

شنگرف ا تولہ۔ شہد پاؤ۔ گھی پاؤ۔ بلادہ نصف سیر۔ اوّل بلادہ کو کچلکر کسی آہنی کڑاہی میں نصف نیچے اور نصف اوپر دے کر اوپر شہد اور گھی ڈال کر چولھے پر چڑھا کر نیچے آگ جلا دیں۔ جب کڑاہی میں آگ لگ جاوے

تونیے سے آگ نکال لیں۔ سرد ہونے پر شنگرف نکال کر پیس لیں۔

**خوراک:** ۔ ایک چاول سے دو چاول ہمراہ منقہ برائے امراض باردہ مثلاً وجع المفاصل و ذات الجنب ہمراہ مسکہ برائے قوت باہ۔

## حکیم حبیب اللہ شمس الحکماء

برادہ نقرہ۔ ہڑتال ورقیہ۔ پارہ۔ نوشادر ترکیب اوّل برادہ نقرہ کو خوب حل کریں بعد ازاں ہڑتال اور نوشادر ملا دیں۔ تین گھنٹہ تک کھرل کریں۔ کہ سیاہ ہو جاوے۔ بعد ازاں آتشی شیشی میں ڈال کر آگ کوڑہ میں رکھیں اور سلائی سے شیشی کا منہ بند نہ ہونے دیویں۔ کشتہ رنگ ملا ہوگا

**فوائد:** ۔ کھانسی۔ دمہ۔ ضیق۔ بخار۔ سل۔ دق۔ مقوی اعضاء رئیسہ۔ ضعف یا جریان۔ خوراک ۲ چاول سے چار چاول مناسب بدرقہ۔

## سیّد حکیم محمد صالح شمس الحکماء
چک اگو سیالکوٹ ضلع

**اکسیر نسیان**۔ دارچینی تولہ۔ کشتہ مرجان تولہ۔ طباشیر کبودی تولہ زیرہ سیاہ تولہ۔ سونف دیسی تولہ ایک جگہ کوٹ چھان کر ملا لیں۔

خوراک ۲ ماشہ ہمراہ عرق گلاب۔

# دیسی پٹار گول آنکھوں کے لئے مفید

انسوت پاؤ ۔ مصری ۲ چھٹانک ۔ مشک کافور ۲ تولہ ۔ انسوت عرق گلاب میں حل کر کے صاف کریں ۔ پھر دیگر اشیاء کو باریک پیس کر ملائیں دوا سہ جوش دے کر عرق گلاب میں بند کر کے استعمال میں لاویں

# دوا دیا جنبل

طوطیا سبز ۲ تولہ ۔ رتن جوت ۲ تولہ ۔ سرخ مرچ ۲ تولہ ۔ توا پر بند کر کے خاکستر بنا دیں ۔ تیل سرسوں حسب ضرورت ملا کر لگا دیں ۔ چار یا پانچ یوم میں جاتی رہتی گی ۔

# حالات زندگی

حکیم محمد شفیع شمس الحکماء ولد مولوی غلام قادر قریشی سکنہ ٹونیکے رنڈ ہوال ضلع گوجرانوالہ آپ کی عمر قریباً ۴۲ سال ہے ۔ آپ نے اردو فارسی کی تعلیم مولوی نظام الدین صاحب سکنہ موکھل سے پائی عرصہ چھ سال سے مطب کر رہا ہے ۔ سینکڑوں بیماروں کو میرے ہاتھ سے اللہ تعالےٰ نے شفا دی ہے ۔ میں اپنے صدری مجربات برائے تحفہ مقبول پیش

کرتا ہوں۔ امید ہے کہ میرے فنی بھائی آزما کر میری قلمی امداد کی داد دینگے۔

## نسخہ مبارک برائے جریان

گوند کتیرا پانچ تولہ۔ شیر برگد ۲۰ تولہ۔ سپاری دکنی ۵ تولہ۔ تالمکھانہ ۲۰ تولہ۔ موصلی سفید ۲ تولہ۔ ثعلب مصری ۲ تولہ۔ توری ۵ تولہ۔ شقاقل ۲ تولہ۔ داڑھ برگد ۵ تولہ۔ پھلی مغیل خام ۵ تولہ۔ ترکیب داڑھ برگد و پھلی مغیل خام کو ڈیڑھ سیر پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح اچھی طرح گھونٹ کر مل کر پانی علیحدہ کرلیں۔ اس میں بیس تولہ شیر برگد ملا کر بوتل بند کردیں۔ اور مندرجہ بالا ادویات علیحدہ علیحدہ سفوف بنادیں۔ اور یک جان کریں۔ بعدمیں مذکورہ پانی میں کھرل کرکے سایہ میں خشک کرکے سفوف بنادیں۔ خوراک ۶ ماشہ بوقت ضرورت قند سفید ملا کر ہمراہ شیر گاؤ میں دو دفعہ استعمال کریں۔ دو ہفتہ متواتر۔ پرہیز۔ سرخ مرچ۔ ترش اشیاء۔ اور تیل والی چیزیں۔

## هو الشافی برائے ماسخورہ هو الشافی

مٹھا تیلیا ۲ ماشہ۔ سرخ کاہی ۴ ماشہ۔ نیلا تھوتھا ۲ ماشہ۔ پھٹکڑی ۴ ماشہ باریک پیس کر دانتوں پر ملیں۔ اور لعاب بلع کرنے سے پرہیز رکھیں۔ جب تک اچھی طرح دوائی کا اثر نہ نکل جاوے۔

# حالات زندگی

از پنڈت لبنداس ڈینہ کھوش

پنڈت لبنداس ولد پنڈت گنگارام ۲۰ بیساکھ سمت ۱۹۲۹ کو قصبہ ناڑول پیدا ہوئے۔ اور اب سکونت مانک میں ہے۔ کیونکہ میرے والد صاحب پنڈت گنگارام صاحب حکیم مانک میں دوکان کرتے تھے۔ اسلئے میری سکونت بھی مانک میں ہوئی۔ اور اب تک میں مانک میں کام کرتا ہوں۔ اور فن طبابت اپنے والد صاحب سے سیکھا اور بعد میں سائیں بوٹے شاہ صاحب سنیاسی حکیم سکنہ خاندوال متصل کنجروڑ تحصیل شکر گڑھ سے شاگردی حاصل کی اور بڑے بڑے رموز حکمت سیکھے۔ اس کے بعد عرصہ تیس سال سے میرے تجربہ میں نسخے آرہے ہیں۔ سنگ یشب۔ ابرک سیاہ کے کشتے میرے تجربہ کے کشتہ جات ہیں۔ ترکیب حسب فرمائش درج کی جاتی ہے۔

**ترکیب**:۔ سنگ یشب کو ۱۸ مرتبہ عرق گلاب میں بجھا دیا کشتہ ہو جاوے گا۔ اس کی خوراک ۱/۲ ماشہ ہمراہ شربت بزوری اور عرق عنبر گاؤ زبان کے ساتھ استعمال کرا دیں۔ اور قدرت الہی کا مشاہدہ کریں۔

# کشتہ ابرک سیاہ

ابرک سیاہ ۵ تولہ کو شراب دیسی میں ۱۰۱ پیٹھ دیویں۔ کٹھالی مٹی کی بنا کر اس میں ابرک سفید کو گرم کر کے شراب میں بجھا دیں پھر ۱/۲ ۷ تولہ شورہ قلمی نصف اوپر رکھ کر ۱۶ سیر اوپلوں جنگلی کی اڑا ڈوبہ کھود کر جس میں ہوا نہ پڑے آگ دیویں۔ کشتہ ہو گا۔

تپ دق۔ ہر قسم کے بخار اور پرانے تپ کیلئے اکسیر ہے۔ اس میں طباشیر نقرہ ۱ تولہ الائچیاں سبز ۶ ماشہ مصری کوزہ ملا کر سفوف بنائیں بچوں کیلئے زاید عمر کیلئے ۳ ماشہ اور اسمیں ۱/۲ ۱ ماشہ سنگ شتپ شامل کریں اور ۶ ماشہ کشتہ ابرک ہمراہ شربت بزوری مرکب کے ساتھ صبح و شام

ابرک سیاہ کا کشتہ مذکورہ ترکیب سے بنا کر طباشیر تولہ الائچیاں سبز تولہ۔ ست گلو تولہ۔ مصری کوزہ تولہ ملا کر سات پوڑیہ سات یوم استعمال کریں۔ سنگ جراح دودھ چار سیر میں جوش دے کر پڑا جاوے۔ تو نکال کر گرم پانی سے دھو کر صاف کر کے کھرل کر لیویں اور ہر ایک پوڑیہ میں ۴ رتی ہر روز ملا لیا کریں۔

# عرق مبارک

چرائتہ ۷ تولے۔ کرائتہ ۷ تولے۔ کاسنی ۲۰ تولے۔ گلو سبز ۴ تولے ان

سب کا عرق ۴ بوتل نکال کر عرق ½ چھٹانک صبح کے وقت ہمراہ پوڑیہ کھلا دیں۔ اور شام کو ½ چھٹانک عرق دیویں۔ ۱۲ روز میں تپ ٹوٹ جاوے گا۔

**چٹنی مبارک**

منقہ ۳ تولہ۔ ملٹھی ۱ تولہ۔ املتاس کا گودہ ۴ تولہ۔ مصری سہ چھٹانک بادام روغن ۱ تولہ۔ بنفشہ ۱ تولہ ترکیب بنفشہ۔ منقہ۔ ملٹھی کو جوش دے کر صاف کر کے باقی ادویات ملا لیویں۔ اور ایک تولہ شام اور ایک تولہ صبح کھایا کریں۔ اس سے کھانسی دور ہو جاوے گی۔

# حالات زندگی

طبیب حاذق لقمان الملک

از جناب حکیم مسراج ولد رام تال قوم برہمن سکنہ سائرہ تحصیل نارووال ضلع سیالکوٹ

آپ نے اردو کی مختصر تعلیم حاصل کر کے فارسی کی تعلیم حاصل کی اور علم طب حکیم گلاب الدین شاہی حکیم لپسر درسے تین سال میں حاصل کیا۔ اور پھر جنوری ۱۹۲۶ء میں پنجاب ہومیوپیتھک میڈیکل کالج لاہور میں داخل ہوا۔ ۱۹۲۵/۴/۳ میں سند طبیب حاذق ۴۲۱ درجہ اول کی حاصل کی ہوئی ہے۔ اور میری عمر تقریباً ۴۲ سال ہے۔ اور عرصہ بیس سال سے کام طبابت کر رہا ہوں۔ ہزاروں خلق خدا خدا کے کرم سے عاجز کے ہاتھوں شفا ہو چکی ہے۔ میں تحفہ مقبول کیلئے جسکو پرنسپل صاحب بہادر مقبول عالم تالیف کر رہے ہیں۔

بطور نذرانہ چند صدری مجربات پیش کر رہا ہوں۔

# صدری مجربات

## (۱) علاج درد گردہ ۵ منٹ میں

جوکھار ۱ تولہ۔ نوٹا سجی ۱ تولہ۔ سوہاگہ خام ۱ تولہ۔ نوشادر خام ۱ تولہ۔ مرچ سیاہ ۱ تولہ۔ نمک سیندھا ۱ تولہ۔ نمک سفید ۱ تولہ۔ ہیرا ہینگ ۱ تولہ۔ قلمی شورہ ۱ تولہ باریک پیس کر سوکھا اصلی تند ولائتی سے لعوق بنادیں۔ خوراک ۳ ماشہ ہر پندرہ منٹ کے بعد۔ اوّل ہی خوراک خوراک میں آرام ہو۔ ورنہ تین خوراک میں یقینی آرام ہو جاوے گا آرام کے بعد ہر روز نہار کشتہ جوالیہود ۵ رتی استعمال کرتے رہا کریں۔ کشتہ جوالیہود کو کنوار گندل میں باریک کر کے گلحکمت کر کے ۷ سیر پاتھیوں کی آگ دیں۔

## (۲) ہیضہ

مدار ۵ تولہ۔ مرچ سیاہ ۲ تولہ۔ نمک سونچل ۲ تولہ ان سب کو باریک کر کے گولیاں بقدر بیر بنادیں۔ ہر دس منٹ بعد ہمراہ عرق سونف استعمال کریں۔

# نسوار برائے درد سر و بیہوشی

چاول چھونہ ۳ تولہ کو دودھ ملار میں ۵ تولہ بھگو دیں۔ اور سایہ میں خشک کریں۔ اور بوقت ضرورت بطور نسوار ارتی استعمال کریں۔ نہایت مجرب ہے۔

# برائے بخار ہر قسم و کھانسی

بنفشہ ۴ تولہ۔ گل سرخ ۴ تولہ۔ گاؤزبان ۴ تولہ۔ سوڑیاں ۴ تولہ۔ عناب ۴ تولہ۔ پرسیاؤشاں ۴ تولہ۔ چرائتہ ۲ تولہ۔ گلو سبز ۱۰ تولہ۔ برگ بانسہ ۱۰ تولہ۔ صندل سفید ۲ تولہ۔ گل نیلوفر ۴ تولہ۔ ملٹھی ۲ تولہ۔ خطمی ۳ تولہ۔ خبازی ۳ تولہ۔ الائچیاں سبز ۳ تولہ۔ تمال پتر ۳ تولہ۔ زیرہ سفید ۳ تولہ۔ زیرہ سیاہ ۳ تولہ۔ منقٰے ۲ تولہ۔ تخم کھیرہ ۵ تولہ۔ تخم خربوزہ ۵ تولہ۔ تخم تربوز ۵ تولہ تخم تراں ۵ تولہ۔ سونف ۵ تولہ۔ جڑ سونف ۵ تولہ۔ کاسنی ۲ تولہ۔ جڑ کاسنی ۲ تولہ۔ زوفہ ۲ تولہ۔ انجیراں ۴ تولہ۔ پوست ہلیلہ ۲ تولہ۔ پوست بلیلہ ۲ تولہ۔ صبح ۳ تولہ۔ شام ۳ تولہ۔ مقدار عرق ۸ بوتل تیار ہوتے ہے۔

# برائے دمہ و پھولا آنکھ

× ازجناب نظام الدین احمدی ڈیریانوالہ افغاناں ×

تماکو کڑوہ چار سیر پختہ لیکر راب کھانچی میں ملکر محفوظ کریں۔ بعد ازاں

ایک حقہ بڑا سا لیکر اور نڑی ٹوپی نئی لیکر ایک ہی پانی سے تمام تمباکو جلایا جاوے۔ پانی حقہ میں ڈالنا پڑے تو ڈالیں مگر پہلا پانی ضائع نہو جب تمام تمباکو ختم ہو جاوے۔ تو حقہ کو خشک کرلیں۔ حقہ سے تمام میل ایک کاغذ میں اتارلیں۔ اور نڑی کو پھاڑ کر میل نکال لیں۔ اور ٹوپی سے بھی ویسا ہی میل نکال کر اس تمام میل کو یکجا کر کے دو عدد پیالے گلی کورے لیکر ایک میں تمام راکھ ڈال کر دوسرا پیالہ اوپر جوڑ کر نرم نرم آنچ سے جوہر لیں۔ جو اوپر کے پیالہ میں سفید جوہر ہوگا۔ وہ اتار کر سنبھال رکھیں۔ ایک سلائی صبح ایک شام پھولہ پر استعمال کریں۔ خدا کے فضل سے پھولہ اتر جاویگا۔

سمائے عدری کے بلکہ تمام امراض چشم کے لئے مفید ہے۔ اور دوسرے پیالہ کی راکھ کو ایک تنکا ملائی دودھ میں پان مکھن میں دمہ والے کو ایک ہفتہ تک استعمال کرنے سے دمہ کی بیماری سے نجات حاصل ہوگی۔ یہ مجرب ہے۔ ایک رحیم بخش سنیاسی کا آزمودہ ہے۔

## برائے سیلان چشم

جس شخص کو آنکھ میں سیل پڑتا ہو۔ بڑا ہی بیتاب ہو۔ اور آنکھ پھٹ جانے کا اندیشہ ہو۔ تو اسکے لئے تجربہ ہے۔ کہ ایک دو منٹ میں فوراً آرام ہو۔ جمال گوٹہ کی گری کو ایک کوری ٹھیکری

پر لب سے گھس کر ایک کاغذ پر پٹڑی میں گرم کر کے کاغذی لگادیں۔ فوراً درد رفع ہو جائے گی۔ میرا تجربہ ہے۔

# حالاتِ زندگی

حکیم پالا رام ولد لوٹا شاہ قوم مہاجن سکنہ جی پور تحصیل نارووال ضلع سیالکوٹ

ابتدائی حالات۔ ۲۷ ر مگھر سمت ۱۹۱۹ بکرمی میں آپکا جنم ہوا۔

اردو فارسی کی تعلیم جن مکامات پر حاصل کی۔ حکمت کی تعلیم میاں حسین بخش ڈہولن عرصہ ۵۵ سال سے حکمت کرتے اور میاں گلاب حکیم لسپوری کی شاگردی کا فخر حاصل کیا۔ اور اب جی پور میں مفت علاج کرتے ہیں۔

# برائے دردگردہ

تخم ہیٹھ۔ روغن زرد چرب کر کے توے آہنی پر بریاں کر لیں۔ باریک کر لیں ۳ ماشہ سرد پانی کے نال استعمال کریں۔ ایک گھنٹہ دو گھنٹہ میں آرام ہوگا۔ مجرّب ہے۔

# کالی کھانسی

بیخ مدار ۳ تولہ۔ فلفل دراز ۱ تولہ باریک پیس کر ۱ تولہ بقدر نخود دانہ کے حبوب شیر خوار

بچے کو نصف گولی شیر مدار میں اور عام آدمی بعد ضرورت

# حالات زندگی

(حکیم سید شہباز علی زنجانی حکیم حاذق طبیہ کالج لاہور وید بھوشن سیان)

تاریخ پیدائش ۸/۷/۱۹۱۰ ۔ سکونت سیان تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ

ابتدائی درس مروجہ تعلیم ختم کرنے کے بعد ملازمت اختیار کی۔ طبی پیشہ خاندانی ہونے کی وجہ سے زمانہ موجودہ کے مختلف کے طبی نصاب منگوا کر پرائیویٹ مطالعہ کیا۔ اور اناٹومی اور فزیالوجی اور سرجری کے لئے بعض مستند ڈاکٹروں کے آگے زانوئے تلمذ طے کیا۔ جب اطمینان کامل ہوگیا۔ طبیہ کالج لاہور میں پرائیویٹ امتحان حکیم حاذق درجہ دوم حاصل کیا۔ اب ملازمت کے دوران میں باقاعدہ فنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ طبی یونانی کے علاوہ ہومیوپیتھک میں کامل دستگاہ رکھتے ہیں۔

## حب زنجانی

صبر سقوطری۔ اسگند ناگوری۔ ستاور۔ زنجبیل۔ سورنجاں شیریں۔ پوست ہلیلہ زرد ہموزن لیکر ہمراہ ٹیمپ درس گھیگوار میں حبوب

بقدر دانہ مٹر بنا دیں۔ خوراک دو حب ہمراہ بدرقہ مناسب۔
فوائد۔ درد کمر۔ درد تخ۔ عرق انساء۔ وجع الورک وغیرہ کے لئے۔ ترکیب اکسیر کامل ہے۔

# کشتہ مس

ہڑتال ورقیہ ایکتولہ۔ برادہ مس ۱ تولہ لیکر ہمراہ آب گل کنیر سفید ۲ تولہ کھرل کر کے ٹکیہ بنا دیں۔ آکاش بیل قریباً آدھ سیر کے نگدہ میں رکھ کر اوپر آدھ سیر پارچہ کہنہ لپیٹ کر آگ دیویں۔ کشتہ خونی رنگ کا برآمد ہوگا۔ خوراک یک خس
فوائد۔ جذام۔ آتشک۔ فالج۔ صرع۔ وجع بارد امراض کے لئے عطیہ الٰہی ہے۔

# معجون مقوی باہ

زردی بیضہ مرغ ۴۰ عدد۔ سیدہ ثعلب مصری ۱۸ تولہ۔ موصلی جائفل۔ قرنفل۔ دارچینی۔ پیلاسول۔ تج پھل۔ فلفل دراز۔ فلفل سیاہ ہر یک ۴ تولہ تخم کونچ لم ۱ تولہ کشتہ فولاد۔ کشتہ قلعی کشتہ سکہ۔ ہر یک ۴ تولہ اوّل خشک ادویات کو کھرل کریں۔

اور ۲/۱ حصہ مصری کے قوام میں اسقدر لگا دیں۔ کہ انڈوں کی بو
زائل ہو جاوے۔ پھر باقی ادویات ملا کر قوام درست کرلیویں
خوراک حسب برداشت ۱/۲ تولہ کی عام خوراک ہے۔
فوائد۔ حیرت انگیز مقوی باہ۔ معید شباب۔ صد سالہ ضعیفوں کو
عرصہ قلیل میں شباب عطا فرماتا ہے۔

# عرق حمیات

تخم کاسنی۔ تخم خیارین۔ مغز تخم کدو۔ مغز تخم تربوز۔ مغز تخم خربوزہ
تخم کاہو۔ ہر واحد ۱۰ تولہ گل نیلوفر۔ گل سرخ۔ برادہ صندل سفید
برادہ صندل سرخ ہر واحد چار تولے برگ گاؤزبان ہر واحد چھ تولے
تکو۔ تخم خطمی۔ تخم خبازی۔ اصل السوس۔ عناب۔ پوست بیخ کاسنی۔
تخم خرفہ ہر ایک پاؤ سیر۔ آب خالص پندرہ سیر میں بھگو کر حسب
دستور ۱۰ بوتل عرق کشید کریں۔ جب بوتل میں عرق گرے۔ اس
کے منہ پر مشک کافور۔ طباشیر۔ اور زہر مہرہ ملا کر ۳ ماشہ کی پوٹلی
لٹکائیں۔ خوراک ۵ سے ۸ تولہ تک روزانہ ملا دیا جاوے۔
فوائد۔ برائے تپ بالخصوص تپ دق کو نہائت مفید ہے

# حکیم سید محمد حیدر شاہ زنجانی

آپ کی پریکٹس کا عرصہ ۴۶ سال ہے۔ اس دوران میں میری قابلِ قدر فنی اور قومی خدمت مریضانِ جنوں غیر محدود تعداد کا علاج ہے۔ چنانچہ اندازاً پانچ صد سے زائد مریضانِ جنوں شفاخانہ حیدری سے شفایاب ہو چکے ہیں۔ علاوہ ازیں میں نے مرض مذکور کے علاج کے لئے ہر امیر و غریب کو دعوت دی ہے۔ وہ مفت علاج کرا سکتے ہیں۔

## اکسیر مقوّی باہ

تنکار ½ پاؤ پختہ لے کر برگ برگد تہ بہتہ رکھ کر کھلے منہ آگ دے لویں اسی طرح تین بار کریں۔ تنکار شگفتہ باحتیاط چن کر مستوف کریں۔ اس کے والو میں سم الفار ۲ تولہ رکھ کر گشتہ کر لیویں۔ آگ ۲ سیر گوگلوں کی کام دے گی۔ خوراک یک چاول

## خمیرہ صندل

برادہ صندل سفید ۶ تولہ۔ تمر ہندی ۲۰ تولہ۔ رب آنار ۲۶ تولہ۔

زعفران ۳ ماشہ ـ طباشیر ۳½ ماشہ قند سفید ایک سیر برادہ صندل کو مناسب مقدار آب خالص عرق گلاب میں بھگو کر علی الصبح گرم کریں۔ جب ½ سیر رہ جاوے تو نگاہ رکھیں۔ اسطرح املی کا رُب حاصل کریں ب جوشاندہ صندل۔ رب املی اور رُب انار میں قند ملا کر بطریق ہر دو عام خمیرہ تیار کر لیویں۔ اور دوران طیاری میں زعفران اور طباشیر مسحوق بھی ملا لیویں۔ اور بحفاظت رکھیں۔ خوراک ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک۔ مالیخولیا۔ مراقی۔ ضعف قلب اور اکثر گرم امراض کے لئے سودمند ہے۔

# حب ممسک

تخم جوز ماشہ تل سیاہ۔ افیون خام۔ سم الفار سفید ہموزن لیکر سنبر برگد بقدر ضرورت ملا کر لوہاروں کی آہرن پر سوا لاکھ چوٹ لگادیں۔ بقدر دانہ خشخاس کے حبوب بنادیں۔ خوراک ایک حب سے دو حب تک۔ امساک اور باہ کی آخری دوائی ہے۔

# روغن بہرہ پن

روغن بادام ۶ ماشہ۔ روغن تارپین ۳ ماشہ۔ مشک کافور ۱½ ماشہ باہم ملا کر دھوپ میں رکھیں۔ جب ادویات باہم مل کر روغن بن جاوے۔ تو گوش میں قطرہ قطرہ ٹپکادیں۔

فوائد: درد کان اور سماعت کیلیے ازحد مفید ہے۔

# شمس الحکماء حکیم سید محمد علی شاہ اختر

آپ کی عمر ۲۵ سال ولدیت محمد حیدر شاہ سکنہ سیان تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ۔ ابتدائی مروجہ درسی تعلیم ختم کر کے اپنے والد صاحب سے طب کی ابتدائی درسی کتب کا مطالعہ کر کے طبیہ بورڈ سے شمس الحکماء کی سند حاصل کی۔ اب باقاعدہ پریکٹس کر رہا ہے

## اکسیر الاوجاع

بچھناک مدبر ۶ ماشہ۔ اذراقی مدبر ۴ ماشہ۔ ست سلاجیت ۶ ماشہ شنگرف رومی ۶ ماشہ۔ افیون خالص ۱ ماشہ ہمہ را ہمراہ آب ادرک ایک چھٹانک میں کھرل کر کے حب بقدر دانہ مسور بنا دیں۔ خوراک ایک حب۔ فوائد۔ درد ہر قسم اور فالج لقوہ رعشہ۔ ضعف باہ سرسام وغیرہ کو گھٹنوں اور منٹوں میں فائدہ ہو جاتا ہے۔

## اکسیرین

کشتہ صدف صادق۔ کشتہ زہر مہرہ خطائی۔ کشتہ عقیق ہمہ را برابر

وزن حاصل کردہ۔ ہمراہ عرق صندل مسحوق کردہ۔ بہ نگرہ گل تلی آتش دہند۔ اکسیر ہی حاصل شود۔ جملہ گرم امراض کے مریضین بخصوص جریان احتلام۔ حبات ہر قسم۔ جنون۔ خفقان۔ استحاضہ وغیرہ کو نفع کامل مثل اکسیر صادق دہد۔

# حالات زندگی

ہمارے خاندان میں فن طب کی ابتدا رئیس الاطبا فخر حکمت لالہ دنی چند صاحب سے جن کے آباؤ اجداد عموماً اور آپکے والد بزرگوار صاحب خصوصاً عارف اور عابد و خدا پرست تھے۔ فن طب نہ صرف پیشہ ہی تھا۔ بلکہ اپنے علاقہ میں آپ نے خاص فوقیت حاصل کی ہوئی تھی۔ آپ کی موجودگی آپ کے بیٹے لالہ منشی رام صاحب نے حکیم گلاب رائے سے دلیپ رولیے اور حسین بخش حکیم و دیگر مختلف اساتذہ سے تعلیم حاصل کر کے اس فن کو خوب ترقی دی۔ اسکے بعد لالہ بدری ناتھ جی صاحب حکیم حاذق مستند طبیہ کالج لاہور کے ہیں اس فن کی ترقی کا خیال رکھتے ہوئے برلس ہوس دلیاں رجسٹرڈ کارخانہ تیل عطر۔ ادویات کی بنیاد ڈالی۔ اور اس میں آج مورخہ ۱۲ ستمبر ۱۹۳۹ء تک خاص شہرت حاصل کی ہے۔ لالہ بدری ناتھ صاحب

کی تشخیص باعلے پایۂ تکمیل تک عروج دستیاب کر چکی ہے۔
خواہش مند اصحاب صاحب موصوف کے دفتر کارخانہ میں حاضر خدمت ہو کر ہر ممکن خیالات کے متعلق فیض یاب ہوں۔
آپ کے چھوٹے بھائی جو آپ کی زیر گردگی اور زیر نگرانی جو عرصہ دس سال سے اپنے علاقہ میں اس فن کے متعلق اپنے کارخانہ کو چلا رہے ہیں۔ علاوہ ازیں گرد و نواح میں علاج معالجہ کرنے میں خاص کر عزت حاصل کی ہے۔ لالہ جی صاحب کے نام سے منسوب ہیں۔ مختلف کالجوں۔ آتالیقوں۔ و مختلف اراکین علاقہ گورنمنٹ مشاہیروں سے سندات سرٹیفکیٹ حاصل کر کے مستند ہو چکے ہیں۔ اور فن طب انکی خاص مہارت ہے۔

## برائے بخار ہر قسم مجرب المجرب

عطیہ کردہ لالہ منشی رام حکیم سکنہ لالہ

کونین ہاورڈ ۳ ماشہ۔ ست گلو خالص خانہ ساز ۹ ماشہ۔ ست لوبان اعلے ۳ ماشہ۔ طباشیر تولہ۔ کشتہ سنکھ ۲ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۹ ماشہ۔ ان سب ادویات کو علیحدہ علیحدہ کھرل کر کے آپس میں ملا لیویں۔ خوراک ۴ رتی بدرقہ مناسبہ

# تم ہمہ امراض لنشٹ روگ سینہ از المجرب مجرب

نوشادر ۷ تولہ ۔ گیری ۷ تولہ ۔ مرچ سیاہ ۷ تولہ ۔ کافور ۳ ماشہ ۔ ست پودینہ ۱۰ ماشہ ۔ ست اجوائن ۱۰ ماشہ ۔ ست لوبان ۱ ماشہ ست دار چینی ۲ ماشہ ان سب ادویات کو الگ الگ کھرل کر کے سب ادویات کو ملا لیویں ۔ خوراک ۱ رتی تا ۲ رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ

# برائے تپ مزمن و دیرینہ پر اسباب نایاب تر قسم

(از قلم فخر حکمت حکیم حاذق دو ائیل فنر لیشن لالہ رتن لال صاحب دہلی

بنفشہ ۳ تولہ ۔ چرائیتہ ۵ تولہ ۔ گلو ۲۰ تولہ ۔ افسنتین رومی ۲ تولے منجملہ چاروں ادویایہ کو ۲ سیر پانی میں جوش کریں ۔ اتنا جوش کریں کہ پانی تقریباً پاؤ بھر بطور عصارہ کے باقی رہ جاوے ۔ بعد ازاں ذیل میں مذکور شدہ سفوف تیار کر کے اس پانی میں کھرل کریں

## سفوف مبارک

کشتہ ابرک ۳ ماشہ ۔ کشتہ ہڑتال گئودنتی ۶ ماشہ ۔ عصارہ راز زند ۱ تولہ

طباشیر نقرہ تولہ۔ دانہ الائچی خورد تولہ۔ کونین سلفاس ۳ ماشہ۔ ست گلو تولہ تمام ادویہ را کوفتہ و بیختہ سفوف سازند۔ عصارہ نسخہ مذکور شدہ حل کر کے گولی بقدر نخود تیار کریں۔ خوراک برائے طبیب بدرقہ مناسب استعمال میں لا دیں۔

# مجربات

لالہ بدری ناتھ الی حکیم حاذق دلقمان الملک رجسٹرڈ قصبہ اللہ ضلع سیالکوٹ

## برائے سوزاک

پوست ریٹھا ۶ ماشہ۔ ست گلو اصلی ا تولہ۔ طباشیر نقرہ ا تولہ دانہ الائچی خورد تولہ۔ چاکسو تولہ۔ سرد چینی تولہ۔ تیل صندل ۹ ماشہ بروزہ مصفا ۹ ماشہ۔ مصری کوزہ ۴ تولہ کوفتہ بیختہ سفوف سازند۔ خوراک ۳ ماشہ صبح و شام بہ ہمراہ کچی لسی یا شربت بزوری استعمال کریں۔

## حب مدر حیض

ابوائے زرد ۲ تولہ۔ فیرائی سلفاس تولہ۔ زعفران ۶ ماشہ مرمکی تولہ

ہیرا سنگ ۴ ماشہ حب سازند۔ بقدر نخود ہمراہ عرق بادیاں صبح وشام استعمال کریں۔

## حب آتشک

قرنفل کلاں دار۔ مرچ سیاہ۔ رسکپور۔ کتھ سرخ سب کو باریک پیس کر گولی بقدر نخود تیار کرلیویں۔ روزانہ گولی آب باسی سے استعمال کریں۔ حلق میں نہ لگے۔ غذا نان گندم بہ ہمراہ روغن زرد۔

## برائے سل و نفث الدم

سنگ جراح ۳ تولہ۔ زہر مہرہ خطائی ۱۰ تولہ۔ کشتہ مرجان ۹ ماشہ گل ارمنی تولہ۔ طباشیر تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۶ ماشہ۔ کشتہ بارہ سنگا ۳ ماشہ۔ انگوین تولہ۔ رب السوس تولہ۔ گوند کیکر

## حب درد گردہ

ایکسٹریکٹ ہائیو ساسمش ۲ گرین۔ شورہ قلمی ۲ گرین دونوں کو ملا کر گوند کیکر کے حساب میں حب تیار کریں۔ گولی بقدر ۵ گرین

تیار کریں۔ خوراک ایک گولی آدھ گھنٹہ کے بعد نہار کریں۔
۹ حب سے زیادہ استعمال نہ کریں۔ بدرقہ مناسب

# حالات زندگی

مسیح الہند علی محمد ولد غلام الدین صاحب سکنہ مانک تحصیل ماڑدال ضلع سیالکوٹ

آپ ۲۹ دسمبر سنہ ۱۸۸۶ کو موضع مانک میں پیدا ہوئے۔ آپکے والد اور دادا صاحب حکیموں کے بہت دوست تھے۔ بھائی امر سنگھ ڈڈیاں اور سائیں بوٹے شاہ نماں والی متصل کنجروڑ خاص قابلِ ذکر ہیں۔ علاوہ ازیں حکیم خان محمد صاحب جو ہمارے علاقہ کے فن طب اور عربی فارسی کے ماہر اور کامل بزرگ تھے ان کا بھی یہاں مستقل ڈیرہ تھا۔ اور ہر وقت کی آمدورفت تھی۔ شروع سے ہی ان بزرگوں کی صحبت سے مجھے حکمت کا شوق ہوگیا تھا۔ جب کہ میری عمر ۱۵ سال کی تھی۔ اچانک تپ سے بیمار ہوگیا۔ اس وقت میں، طالب علمی کا زمانہ تھا۔ اور میں غوطہ فتح گڑھ میں تعلیم حاصل کرتا تھا۔ اس بیماری نے یہاں تک طول دیا۔ کہ مجھ کو تپ لازمی ہوگیا۔ اور ساتھ ہی سرسام ہوگیا۔ حکیم مذکورہ سے اس وقت سائیں بوٹے شاہ صاحب اور حکیم خانمحمد

صاحب زندہ تھے۔ حکیم خاں محمد صاحب جب علاج سے عاجز آ گئے۔ تو امداد کے لئے سائیں صاحب کو بلایا گیا۔ انہوں نے ایسے طریقے سے علاج کیا۔ جسکو دیکھکر دور دور تک ان کی شہرت ہو گئی۔ بعد صحت انہوں نے خوشنودی موقعہ پر فرمایا۔ کہ اس لڑکے کو میں اپنا بچہ بناتا ہوں۔ چنانچہ انہوں نے مجھ کو اپنی شاگردی میں قبول کیا۔ اور ہر سال کچھ نہ کچھ مجھے درس حکمت دیتے رہے۔ بعد انگریزی مڈل پاس کرنے کے میں امتحان نارمل سکول پاس کر کے میں نے معلمی کا پیشہ حاصل کیا۔ پھر تو حکمت کی خاص طور پر ضرورت پیدا ہوئی چنانچہ تین بیمار ایسے تھے۔ جن کے علاج سے حکماء عاجز آ گئے تھے۔ اور وہ بیمار زندگی سے مایوس ہو گئے تھے۔ ان کی خاطر سائیں صاحب بوٹے شاہ کو بلایا گیا۔ جو کامل ماہ میرے پاس رہے۔ خدا کے فضل سے ان جملہ بیماروں کو شفا ہو گئی۔ اسی زمانے میں انہوں نے بہت اچھے اچھے کشتے میرے ہاتھ سے بنوائے۔ اور بے شمار بیماروں پر عملی تجربہ کیا گیا۔ جب سے سکولوں میں دیہات سدھار کا رواج شروع ہوا۔ پھر تو میں خاص شوق سے اس کام میں لگ گیا۔ اس کے علاوہ حکیم صاحب حافظ محمد الدین پسر حکیم خان محمد صاحب مذکور جو میرے دوست تھے۔ ان سے ان میں یک

امداد لیتا رہا۔ میرے تجربات سے جو نسخے ذیل میں درج ہیں۔ بیشمار مریضوں پر آزمائے ہوئے ہیں۔ اور ہر ایک شخص ان کا ثنا گو ہے۔

# برائے مقوی معدہ

معدہ کی ہر قسم کی بیماریوں کے لئے مفید ہے

مرچاں۔ مغاں۔ سنڈھ۔ سوہاگہ۔ نوشادر۔ مصبرّ۔ سونچل نمک۔ پوست اک ہر ایک ادویات برابر وزن لیکر کوٹ چھان کر ایک تھال میں ڈال کر اوپر ٹاکی باندھ کر مٹی لگا دیویں۔ گلحکمت کر کے بھاڑ میں پکا لیویں۔ جب مٹی سوکھ جاوے۔ نکال کر کوٹ کر گولیاں برابر دانہ چنے کے بنا لیویں۔ ایک نمکین گولی گرم پانی سے کھلا دیویں۔ باد گولہ۔ ہیضہ۔ درد شکم۔ کھانسی۔ درد سر۔ درد پسلی۔ نمونیا کے لئے مفید ہے۔ بواسیر کے لئے ایک گولی گھی سے کھلایا کریں۔ بہت مفید اور مجرب ہے۔ اور دو ۲ گولی سے کھل کر پاخانہ آ کر بہت صاف ہو جاتا ہے۔ تین گولی سے کھل کر دست آ جاتے ہیں مقوی معدہ بھی ہے۔ اور غذا ہضم کر کے خوب بھوک لگ جاتی ہے۔ آواز بند ہو جاتی ہو۔ تو بھی ایک گولی کھلا لیا کریں۔

# باقی تجربات

(حکیم مسیح الہند خاص علے محمد ساکن مانک)

نمک لاہوری۔ نمک شیشہ۔ نمک سانبھر۔ نمک سیاہ۔ تل لون کھاری نون۔ نیم لون برابر وزن لیکر کوٹ کر ملاکر اس سے دس گنا گودہ گوار گندل کا پانی میں چولہے پر پکالیویں۔ جب کنوار گندل پانی کی طرح ہوجاوے۔ اور سب اشیاء مل جاویں۔ پھر نوشادر اس وزن برابر اسمیں ڈال دیں۔ جب کنوار گندل جل جاوے۔ پیس کر سنبھال رکھیں۔ امراض بادی اپھارا۔ معدہ کی کمزوری بادگولہ۔ بدہضمی۔ کمزوری معدہ کے لئے ۳ ماشہ پانی سے یا لسی سے یا گرم دودھ سے پھانک لیویں۔

بنفشہ ا تولہ۔ تربوری ا تولہ۔ رب السوس ا تولہ۔ سقمونیا ا تولہ۔ ست گلو ا تولہ۔ طباشیر ۸ ماشہ۔ الائچی سبز ۸ ماشہ۔ مغز کدو ۸ ماشہ۔ مغز خیارین ۱ ماشہ۔ گوند ببول ۲ ماشہ۔ مصری کوزہ ۸ تولہ ان کا سفوف بناکر گوند سے تین تین ماشہ کی گولیاں بنالیویں۔ قبض کشائی کے لئے ایک گولی رات کو گرم دودھ سے کھلادیں۔ اگر ۲ گولی استعمال کرادیں۔ تو خوب دست آویں گے۔ ایک گولی سے ۲ دست آویں گے۔

اک کی کیرکیاں سبز ۵ تولہ۔ مرچ سیاہ ۱ تولہ خوب گھوٹ کر گولیاں برابر نخود بنالیویں۔ ہر امراض معدہ کے لئے مفید ہے۔ اور درد دانتوں کے لئے بھی ایک گولی گرم پانی سے کھلاویں۔ دیگر معدہ کی امراض کے لئے بھی ایک گولی گرم پانی سے کھالیں۔ مجرب بعد بار تجربہ قدرہ۔

# جناب حکیم برکت علی صاحب حب مسیح افغان

## برائے مدر حیض

قولنج فالج۔ تمدد۔ وجع المفاصل۔ درد پیٹ۔ بدہضمی۔ ریح گردہ بارد وغیرہ وغیرہ۔

### نسخہ مبارک

تخم حرمل ۱ تولہ۔ مصبر سیاہ ۱ تولہ۔ گوند کیکر ۱ تولہ ہر سہ اشیاء کو علیحدہ گھوٹ کر گولیاں بمقدار چنا ہمراہ ماء العسل کے ساتھ درد گردہ والے کو گرم پانی سے اشیاء بادی۔ تیز گرم۔ گوشت گائے سے پرہیز چنے شورہ پھلکا۔ نہایت بے نظیر تحفہ ہے۔ فائدہ اٹھا کر بندہ کے حق میں دعا فرماتے۔

# مجرّبات

## برائے سل

از جناب حافظ محمد الدین بھیو والی

سنگ بھری سفید ۱ تولہ لیکر اور اصل السوس ۵ تولہ ایک کوزہ گلی میں ملٹھی کا سفوف نیچے اوپر رکھ درمیان سنگ گلی کر کے دس سیر بختہ کی آگ دیں۔ کشتہ ہو جاوے گا۔ نکال کر زہر مہرہ سبز ۱ تولہ۔ طباشیر نقرہ ۳ ماشہ ملا کر خوراک دو رتی صبح دو رتی شام

## نسخہ مبارک شربت

انجبار ۴ تولہ۔ صندل ۲ تولہ۔ خوفہ ۱ تولہ۔ اسگودوس ۲ تولہ حب الآس ۲ تولہ خشخاش ۱۰ تولہ۔ خشخاش علیحدہ بھگو کر سحق کریں۔ بعدہٗ عرق کاسنی عرق گلاب ہر ایک بوتل بھگوئیں ۲۴ گھنٹہ بعدہٗ جوش دیکر اور سحق خشخاش پر پانی پا کر جوش دیں۔ جب نصف رہ جاوے۔ یک سیر بختہ مصری ملا کر شربت تیار کریں۔ ۱ چھٹانک شربت پانی حسب ضرورت ملا کر دو رتی خوراک۔ سفوف جو کشتہ کا ہے۔ تین دن میں خون قطعی بند ہو جاوے گا۔

عرصہ دو تین ماہ تک استعمال کریں۔ پرہیز۔ گوشت گائے بیگن۔ مچھلی۔ لال مرچ۔ مسور کی دال۔ جو ماہ ہاڑھ ساون بھادرد چار ماہ تک قطعی گوشت وغیرہ استعمال نہ کریں۔ خاص طور ہدائت شفایابی کے بعد تا زندگی یہ اصول ہے۔

# دیگر نسخہ برائے سرعت انزال

تالمکھانہ ۲ تولہ۔ مغز بادام ۲ تولہ۔ چار مغز ۲ تولہ۔ چھلکا اسبغول مصری کوزہ ۷ تولہ سب کو باریک کر کے ایک تولہ خوراک ہمراہ دودھ گاؤ کے دیں۔

# حاملہ کے بخار کیلئے

(از حکیم برکت علی صاحب الہند رود افغان)

کنول ڈوڈہ ۱ تولہ۔ صندل سرخ ۱ تولہ۔ فلفل دراز ۳ ماشہ تخم سرسوں ۹ ماشہ پتے نکال کر جوش دیکر ملا دیں۔ تین پاؤ پختہ میں جوش دیکر مل چھان کر تین تولہ مصری ڈال نصف صبح وشام تین یوم کافور ہو جاتا ہے۔ نسخہ تیار کر کے قدرت الٰہی کا مشاہدہ کریں۔

# دیگر نسخہ یعنی ستو تک کے بخاروں کیلئے

عشر قرحا ۳ ماشہ - پیلا مول ۶ ماشہ - سونٹھ ۲ ماشہ - منقہ ۲ تولہ گل گاؤں زبان ۹ ماشہ الائچی سبز سیر پختہ پانی ڈال جب نصف رہ جاوے - مصری حسب ضرورت پلا دیں - یہی پانی صبح و شام سہ دن میں شفا ہوگی -

آزمودہ ہے

# کشتہ چاندی

درم چاندی لیکر سیالکوٹی کاغذ برابر پترہ کرلیں - پوست ریٹھہ ۱ تولہ گھونٹ اسکا ضماد کو پترے کے نیچے اوپر لگاکر نک جیکی خشک یا سبز لیکر نغدہ میں رکھ کر گلحکمت کرکے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں - اسی طرح تین آگ کشتہ ہوگا - سوزاک کیلئے جریان کیلئے قوت باہ کیلئے ۲ چاول سے چار چاول صبح کو مکھن کے ساتھ

# دیگر نزلہ حب

انیس ۱ تولہ - منقہ ۱ تولہ دونوں کو گھونٹ مونٹھ برابر گولی بنادیں - شربت خشخاش ساتھ یا شربت بنفشہ عرق سونف کے ایک گولی

صبح استعمال کریں۔ کھانسی نزلی کے علاوہ بخار کہنہ نزلہ زکام کے مریض کو ہدایت کی جاتی ہے۔ کہ تیل اور ترشی سے پرہیز کرے اور سرہانہ سر کے نیچے مت رکھیں۔

# حالات زندگی

## عالیجناب مولوی حکیم علاؤالدین راجپوت کھوکھر سکنہ بن باجوہ

آپ کی عمر اسوقت تقریباً ساٹھ سال کی ہے۔ اور علم عربی وفارسی کی تعلیم مولانا مولوی علاؤالدین مرحوم و رحیم بخش حکیم مرحوم اور اپنے والد بزرگوار صاحب سے ہوئی جوکہ علم طب میں کامل استاد اور ماہر طبیب اپنے علاقہ میں تصور کیے جاتے تھے۔ اور علم کشتجات کے خاص ماہر ہونے کے علاوہ عقاقیر میں بھی کاملیت رکھتے تھے۔

عرصہ تیس سال سے بندہ کامیاب مطب کر رہا ہے۔ عربی فارسی دینیات کے علاوہ طبی درس تدریس کے فرائض سرانجام کرتا رہتا ہے۔ میں اپنے مجربات معمولات مطب بغرض اشاعت تحفہ مقبول ارسال ہیں۔

# برائے قوت باہ

ایک عدد بیضہ مرغ کیان توڑ کر بمعہ زردی و سفیدی پی جائے۔ پھر وہی خول روغن زرد سے بھر کر پیا جاوے۔ بعد ازاں وہی خول خالص شہد مکھیوں کا بھر کر پی لیا جاوے۔ ایک ہفتہ روزانہ بلا ناغہ علی الصباح پلانے سے پرانی کمزوری اور سستی جو مشت زنی سے یا خون حیض کی شرارت سے یعنی جو لوگ بچپن عمر میں نادانی سے حائضہ مستورات سے مباشرت کرتے ہیں۔ اور سست ہو جاتے ہیں۔ اُن کے واسطے از حد مفید ہوگا۔ دودھ مادہ گاؤ نصف آثار پختہ روزانہ بوقت عشاء اشیاء تیز گرم سے اجتناب ضرور چاہیئے۔

# نسخہ مبارک

برائے نزلہ۔ سرفہ۔ دمہ کیلئے از بس مفید ہے

چوب کیلہ درخت چوب برگ آک۔ سوہلی بوٹی بمعہ دانہ و برگ بیٹھ کنڈا جملہ ہموزن ایک ایک سیر جلا کر راکھ کو تین یوم پانی میں بھگو کر نکھار لیں۔ پھر وہ پانی جلا کر کھار یعنے نمک جو حاصل ہو شیشی میں محفوظ رکھنا۔ خوراک ایک رتی چار جز قند سفید میں ملا کر دلویں

# حفظانِ صحت

از جناب پیر مقبول عالم پانی پتی مولف کتاب تحفہ مقبول

آج کل کے نوجوانوں کے بال کیوں سفید ہو رہے ہیں۔ یہ اسلئے کمزوری دماغ کے باعث کمزوری دماغ بوجہ نزلہ زکام کی شکایت سے رہتی ہے۔ اور عام پڑھے لکھے دفاتروں کے کلرک اور بابو صاحبان ان مرضوں میں عموماً گرفتار رہتے ہیں۔ کیونکہ اس تہذیب اور ظاہرداری کے زمانہ میں عام نوجوان گھی دودھ اور دہی وغیرہ کی بجائے تمباکو سگریٹ اور پان کا استعمال کرتے ہیں۔ جس سے ان نوجوانوں کی دماغی طاقت کمزور ہو رہی ہے۔ آج کل چھوٹے چھوٹے بچے سگریٹ اور تمباکو پان کا استعمال کرنے لگتے ہیں۔ مجھے ان بچوں کی حالت دیکھ کر ازحد افسوس ہوتا ہے۔ کیونکہ ان چیزوں کا استعمال کر کے خودکشی کا جرم کر رہے ہیں۔ قانون تشخیص میں میں نے ملاحظ کیا ہے۔ کہ تمباکو در حقہ کی ایجاد شیخ پر موسوم کی جاتی ہے۔ کاش کہ شیخ ایک ذمہ دار

طبیب اعظم ہوتے ہوئے ایک منشی اور زہریلی چیز انسانی مشینوں کے اندر تیل کا کام دینے والی کف غلیظ کو خشک کر دیتی ہے۔ اور سوداخشکی کے مادہ جسم میں پیدا کر دیتا ہے۔ جس سے نوجوانوں کے بال سفید اور بینائی کم ہو جاتی ہے سبحان اللہ جالینوس کی ایجادوں پر دنیا خوب لٹو بنی ہوئی ہے۔ آج کل کے عام پڑھے لکھے اور ظاہری نمائش کے دلدادہ نوجوانوں کو صبح کے وقت دہی لسی کی جگہ سوڈا واٹر میں نے نوش کرتے دیکھا ہے۔ جس سے بوجہ پیٹ کے خالی ہونے کے نقصان ہوتا ہے۔ یہ بار بار یاد رکھیں انسانی جسم کے لئے کف غلیظ کی کمی کو پورا کرنے کے لئے دودھ دہی کا استعمال نہایت مفید ہے۔ اسکے استعمال سے انسان زندہ وتندرست اور لمبی زندگی کا لطف اٹھا سکتا ہے۔ اور جو سگریٹ حقہ کش ہیں۔ ان جوانوں کے دماغ کمزور ہوتے ہیں۔ اور خضاب عینک دوائی کی ضرورت پڑ جاتی ہے۔ جن کو عام طور پر مجبوری کی حالت میں استعمال کرنا پڑھتا ہے۔ خضاب کی تو اسلئے ضرورت ہے کہ چہرہ جوان ہو جاتا ہے۔ لیکن بال بوڑھے ہو جاتے ہیں دن بدن استعمال کرنے سے۔ سوال تو یہ ہے۔ کہ

موجودہ نسل تو خضاب سے گذارہ کرلے گی۔ لیکن آئندہ نسل کو بہت دشواری آئے گی۔ کیونکہ بہت سے کم عمر لڑکے بال سفید لیئے پھرتے ہیں۔ لڑکپن میں تو یہ معاملہ رفع دفع ہو جاتا ہے لیکن جوانی میں بڑھاپے کے آثار ان کے خیالات کو کمزور کرتے ہیں۔ ہمیں خضاب سے سراسر نقصان ہے۔ اور اسکا تدارک کرنا ضروری ہے۔ خضاب کی ضروریات کو دور کیا جائے۔ اسلئے کہ آئندہ نسلوں میں بچوں کے لئے مندرجہ ذیل احتیاطیں جس سے بال قبل از وقت سفید نہیں ہوتے۔

(۱) بچوں کی پیدائش ہی سے دہی آملہ کے پانی اور کھلی سرسوں سے سر دھونے کی عادت ڈالنی چاہیئے۔ صابن خواہ دیسی ہو خواہ ولائتی قطعاً استعمال نہ کرنا چاہیئے۔

(۲) شروع سے خالص سرسوں کے تیل سے سر کی مالش کریں۔ خوشبودار تیل خواہ دیسی ہو خواہ انگریزی پرہیز کرنا چاہیئے

(۳) رات کو پڑھنا حتی المقدور کم از کم دس گھنٹہ بڑے سے بڑا دن میں کافی ہوتا ہے۔ رات کو مطالعہ کرنا نہیں چاہیئے

(۴) مطالعہ کے لئے مٹی کے تیل کی نسبت سرسوں کے تیل کا استعمال کریں۔ بہت مفید ہے۔ بشرطیکہ چند منٹ سیر تفریح کی خاص ضرورت ہے۔

(۵) معدہ کو بالکل خالی رکھنا جیساکہ سکولوں اور کالجوں کے جانے والے لڑکے کرتے ہیں۔ مضر ہے۔ اسی طرح پیٹ بھر کر بھی کھانا کھانا بالوں کو سفید کرنے میں مدد دیتا ہے۔ کیونکہ بہت کھایا ہوا کھانا بھی ہضم نہیں ہوتا۔

(۶) ورزش باقاعدہ کرنا نہایت مفید ہے۔ اس سے غفلت کرنا ورزش کی حدِ اعتدال سے زیادتی بھی بالوں کو سفید کرنے میں مدد دیتی ہے۔ اعتدال کے ساتھ زندگی بسر کرنا چاہیے۔

(۷) مفصلہ ذیل اشیاء سے سر دھونا نہایت مفید ہے۔ آملہ مقشر ۲ تولہ پان کی جڑ ۶ ماشہ۔ صندل سفید ۶ ماشہ بالچھڑ ۱ تولہ۔ مہندی کے پتے ۱ تولہ سب کو باریک کوٹ چھان یک سیر پانی میں شب کو بھگو دیں۔ پھر اس پانی کو سر میں ڈالیں۔

(۸) کھانا کھانے میں دھنیا خشک کا استعمال کم کریں۔ اور گرم مصالحہ استعمال کریں۔ اور مربہ گاجر کا استعمال کرنا نہایت مفید ہے۔

(۹) دودھ کی نسبت گھی کا استعمال کرنا زیادہ مفید ہے۔ بشرطیکہ گھی خالص ہونا چاہیئے۔

(۱۰) گرد غبار میں رہنا ٹھیک نہیں ہے۔

(۱۱) گیارہ جوانوں کی جسمانی صحت اور روحانی تربیت کا والدین کو زیادہ سے زیادہ ضرور خیال رکھنا چاہئے۔ اور اگر لڑکا ٹھیک چال چلن ہے۔ تو اس کی شادی بیس سال سے کم نہیں کرنا چاہئے۔

(۱۲) عام لوگوں کی عادت ہے۔ یا تو وہ باقاعدہ جلاب لیتے رہتے ہیں۔ یا فصد کراتے رہتے ہیں۔ یہ دونوں باتیں صحت کو نقصان دیتی ہیں۔ اور بالوں کو سفید کرنے میں مدد دیتی ہیں۔ بہتر یہ ہے کہ ورزش باقاعدہ کی جائے۔ اس طرح ان ہر دو عمل کی ضرورت نہ رہے گی۔

(۱۳) ہندوستان کے لئے ہندوستانی علاج زیادہ موزوں ہے۔ میگنشیا وغیرہ کا جلاب یا مختلف سوڈے بالوں کو سفید کرنے میں مدد دیتے ہیں۔

(۱۴) مٹھاس میں چینی اور مصری کا استعمال کم ہونا چاہئے اور گڑ شکر کا زیادہ کریں۔



# مربعہ گاجر مبارک

یہ مقوی دماغ اور مقوی جسم ہے۔ اسکے بنانے کی ترکیب تحریر کر دی ہے۔

نسخہ مبارک یہ ہے۔ تین سیر گاجر کو تراش کر ایک مناسب مقدار پانی میں پکا دیں۔ اور نیچے اتار کر ۱ دن لکڑی میں نرم کریں۔ اس کے بعد مغز پستہ ۵ تولہ مغز بادام ۵ تولہ۔ مغز اخروٹ ۴ تولہ۔ مغز فندق ۲ تولہ کالی مرچ ۱ تولہ۔ مغز ناریل ۵ تولہ یعنی کھوپا۔ خشخاش سفید ۲ تولہ کبابہ ۲ ماشہ۔ سونٹھ ۳ ماشہ۔ دارچینی ۳ ماشہ ثعلب مصری ۴ تولہ۔ جائفل ۳ ماشہ ان بارہ ادویات کو باریک کر کے دو ۲ سیر شہد اور نصف سیر چینی روغن گاؤ مغز بادام نیم سیر ملا کر آگ پر قوام پکائیں تاکہ قوام درست ہو جائے۔ ہر سال موسم سرما میں اس کا استعمال نہایت مفید ہے۔ دماغ اور معدہ اور جسم کو بے حد قوت بخشتی ہے۔

# برائے پیچش ڈبہ اطفال

دم الاخوین دو ۲ رتی سے لیکر ایک ماشہ تک صبح وشام پانی کے ساتھ جوشدہ بچہ پلائیں مجرب ہاتے ہے۔

# برائے بواسیر خونی

سنگجراحت ۵ تولہ۔ کیلہ کا آب ۵ تولہ جذب کر کے آگ دیں بعد ازیں ہمراہ جل نیم کے ۵ تولہ پانی میں کھرل کر کے آگ دیں۔ کوزہ میں بند کر کے تیار کریں مجرب المجرب ہے۔ خوراک دو ۲ رتی مسکہ میں گرم اشیاء سے پرہیز۔

# سرمہ مقبول مقوی دافع چشم

صد امراض چشم

سرمہ سیاہ ۳ تولہ۔ مرداریدہ ۲ تولہ سنگ بصری ۱ تولہ۔ ممیرہ ۶ ماشہ۔ مرجان ۱/۲ تولہ۔ ورق طلاء ۲ ماشہ پیسکر سرمہ تیار کریں۔ استعمال کر کے قدرت الٰہی کا مشاہدہ کریں۔

# شاہی سرمہ

سرمہ اصفہانی ۶ ماشہ ۔ اقلیمیائے فضہ ۶ ماشہ ۔ اقلیمیا طلا ۶ ماشہ سرد چینی ۶ ماشہ ۔ کف دریا ۳ ماشہ ملا کر سرمہ تیار کریں ۔ بہترین سرمہ ہوگا ۔

# عجیب سرمہ

جملہ امراض چشم کا حکمیہ علاج انشاء اللہ

سیماب ا تولہ ۔ کشتہ جست ا تولہ ۔ جس کو ہلدی کی چٹکی دیکر کشتہ کیا گیا ہو ۔ سرد چینی ۶ ماشہ ۔ قلمی شورہ ۶ ماشہ ۔ تخم نیل ۶ ماشہ سمندر جھاگ ۶ ماشہ ۔ نوشادر ۶ ماشہ ۔ شب یمانی ۶ ماشہ سنگ بصری ۶ ماشہ ۔ چینی خالص ۶ ماشہ ۔ زنگار ۳ ماشہ طوطیا سبز ۳ ماشہ ۔ اقلیمیائے فضہ ۳ ماشہ ۔ اقلیمیا ذہبی ۳ ماشہ سفیدہ کاشغری ۳ ماشہ ۔ برگ نیم ۳ ماشہ سائے میں خشک شدہ ۔ سرمہ سفید ا ماشہ ۔ فلفل گرد ا ماشہ ۔ فلفل دراز ا ماشہ سرمہ سیاہ ۲ تولہ تمام اشیاء کو علیحدہ علیحدہ پیس کر دو ۲ یوم آب برگ سرس میں کھرل کریں ۔ پھر ۶ ماشہ رسونت خالص کو ۴ تولہ پانی میں حل کر کے اس پانی میں ادویہ کو کھرل کریں

بعدہٗ ۲ روز خالص عرق گلاب میں دو آتشہ دیں۔ کھرل کر کے خشک ہونے پر پارچہ کر کے شیشی میں محفوظ رکھ چھوڑیں رات کو سوتے وقت چشموں میں لگائیں۔

## سرمہ عجیب

سرمہ سیاہ کی ڈلی لے کر کوئلہ کی آگ پر سرخ کر کے عرق سونف میں پندرہ بار سرد کریں۔ یہاں تک کہ کشتہ ہوجاوے۔ پھر بادیاں سبز کا پانی سرمہ سے دوگنا وزن میں ہو پیس کر آنکھوں میں لگائیں۔

## ٹھنڈا سرمہ

درخت کیلے کے تنے میں ۵ تولہ سرمہ کی ڈلی یا جسقدر ضرورت ہو چالیس یوم تک رکھیں۔ پھر نکال کر فی تولہ سرمہ میں سرد سرد چینی ۶ ماشہ سمندر جھگ ۴ ماشہ شامل کر کے خوب باریک کھرل کر کے استعمال کریں۔

## جریان کا سو فیصدی مجرب علاج

خرما کی گوند ۲۰ تولہ ایک سیر دودھ میں کھیر پکا کر ہر روز

میٹھا ڈال کر کھلا دیں۔ منی کو گاڑھا کرتا ہے۔ سرعت انزال کو رفع کرتا ہے۔ دو ہفتہ میں شفا ہو گی۔

# برائے جریان

برگد کے زرد پتے تین چار گھڑوں میں خوب ٹھونس کے بھر دیں۔ اور پانی ڈال دیں۔ تین روز کے بعد ایک بڑے کڑاہے میں الٹ کر جوش دیں۔ جب نصف پانی باقی رہجاوے نیچے اتار لیں خوب ملیں اور پھر پانی چولہے پر چڑھائیں۔ جب غلیظ مانند قوام افیون کے ہو جاوے۔ تو نیچے اتار لیں۔ اور مغز املی ۵ تولہ۔ بھوپھلی ۵ تولہ۔ تخم سردالی ۵ تولہ۔ سبوس اسبغول ۲ تولہ۔ ورق نقرہ ۳ تولہ باریک کر کے ملا لیں۔ اور گولی بقدر جنگلی بیر بنا دیں اور ایک گولی ہمراہ مسکہ یا ملائی ۵ تولہ میں کھائیں۔ اسیطرح شب کو ہمراہ دودھ کے۔ دودھ سے ۸۰ فیصدی کامیاب ہو گا۔ اگر قبض ہو تو ساتھ ساتھ اصلاح کرتے رہیں۔ جریان کا علاج کرنے وقت قبض کا ہونا بہت مضر ہے۔

# طبی صندوقچہ

عالیجناب سب مقبول عالم مہاراجہ آیوردیدک اینڈ یونانی طبیہ کالج لیسر در ضلع سیالکوٹ
میرے محترم ہم پیشہ بزرگو اور دوستو میں نے اپنی پریکٹس کے دوران میں عرصہ ۲۵ سال تک بخل سے کام لیتا رہا۔ اپنے مجربات کو شائع کرنے کے لئے رکھتا تھا۔ کہ میں اپنے ساتھ ہی گور میں لے جاؤں گا۔ پچھلے سال چند ایک مرتبہ میں بیمار ہوا۔ تو خیال آیا کہ کیوں نہ یہ قفل خاموشی توڑ دی جائے۔ تاکہ میری زندگی کے بعد میرے یہ چند اوراق بطور یادگار رہیں۔ اور میں کل اطبار مادرِ وطن سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ میری طرح ایثار کرکے فن طب کے لئے اپنے بیش وبہا مجربات کو طشت از بام کر دیں۔ تاکہ میرے مرنے کے بعد مادرِ وطن کے کام آویں۔

## سرمہ دافع بخار

گوگل بھنسیہ ایک تولہ۔ مکڑی کا جالا ایک تولہ۔ سانپ کی کینچلی

یک تولہ تمام اشیاء کو کوٹ کر گھی سے بتی بنا کر حسب ضرورت گھی چراغ میں ڈال کر روشن کریں۔ اور اس کے اوپر ایک چینی لٹکا دیں۔ جو کاجل لگے اسکو اتار کر شیشی میں محفوظ رکھیں بوقت ضرورت سلائی سے ایک طرف آنکھ میں لگائیں اور بارہ گھنٹے بعد دوسری جانب خواہ کیسا بخار کیوں نہ ہو۔ سرمہ لگانے کی دیر ہے۔ بخار فوراً کافور ہو جائیگا

## برائے نزلہ زکام

مغز بادام یک تولہ۔ چار مغز ۲ تولہ۔ الائچی سبز سات عدد اجوائن خراسانی ۳ ماشہ۔ گلقند ۳ تولہ۔ ادویات کو رگڑ کر بطور سرمہ دائمی استعمال کریں۔ موسم سرما میں قدرے گرم کر لیں۔

## دیگر

گل بنفشہ ۶ ماشہ۔ گل گاؤزبان ۶ ماشہ۔ ملٹھی ۶ ماشہ۔ سونف رومی ۶ ماشہ۔ مکو ۶ ماشہ۔ عناب ۶ ماشہ ان سب ادویات کو جوکوب کر کے نیم سیر پانی کھولتے میں ڈالدیں

اور فوراً چولہے سے اتار لیں۔ سرد ہونے پر تین تولہ شربت بنفشہ ڈال کر قدرے قدرے استعمال کریں۔ لیجئے تحفہ مقبول کی خریداری کے صلہ میں بیش و بہا طبی مجربات پیش کرتا ہوں۔ جو آپ نے کانوں کا سننا تو درکنار کبھی آپ نے خواب میں بھی نہ دیکھا ہو۔ وہ راز مخفی اظہار کرنے لگا ہوں۔ قدرت کا الٰہی کا مشاہدہ کر کے میرے حق میں دعائے خیر کریں۔

# پلوڈر بخار

گیرو یک تولہ لیکر سات عدد مرچ سیاہ دونو ادویات کو خوب باریک کر کے ہر دو شہادت کی انگلیوں پر خوب گاڑھا لیپ کر کے دھاگہ سے پیپل کے پتے باندھ دیں۔ روزانہ بخار ہو خواہ باری کا یا چوتھا غرضیکہ کسی قسم کا ہو۔ چڑھنے سے دو گھنٹہ پیشتر یہ عمل کرنا چاہیئے۔

نوٹ:۔ قبض کشا حسب ذیل ادویات سے کر لینی چاہیئے۔ یا جیسی آپ مناسب خیال کریں۔ میرا تو یہ دستور العمل ہے۔ سالٹ ۲.۰ تولہ۔ سونٹھ ۱ ماشہ۔ برگ سناء تین ماشہ ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش دے کر چھان کر نوش کرا دیں

اگر مریض کڑوی ادویات سے گھبرا دئے۔ تو اسکو املی چار تولہ سنار ۹ ماشہ آلو بخارا یک تولہ گلِ سرخ ۱ تولہ شب کو نیم سرد پانی میں بھگو کر مل کر چھن کر میٹھا ڈال کر نوش کرا دیں۔ اور اگلے دن پوڈر لگا دیں۔ کھانسی کی حالت میں املی آلو بخارا کا استعمال کرانا مناسب نہیں۔

# اکسیر ہیجیش

صمغ عربی ۵ تولہ۔ تخم ریحان ۵ تولہ۔ آیپکاک پوڈر ۳ ماشہ افیون ۲ ماشہ۔ پہلی دو نوں چیزوں کو ایک مٹی کے برتن میں بریاں کریں۔ بعدہٗ سب کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں خوراک چار رتی ہمراہ لعاب ریشہ خطمی ۱ تولہ ہیں تولہ پانی میں بھگو کر مل چھان کر صبح شام استعمال کریں۔ کمی بیشی طبیب کر سکتا ہے۔

# شربت تلخ برائے ملیریا بخار

کاسنی ۱ تولہ۔ افسنطین یک تولہ۔ گل بنفشہ ۱ تولہ۔ نیلوفر ۱ تولہ

بیخ کاسنی ۹ ماشہ۔ املی ۲ تولہ۔ زرشک ۲ تولہ۔ شکر سفید ۴ تولہ۔ اس وزن کے مطابق جسقدر چاہیں شربت تیار کریں۔ ادویات کو دگنا تگنا کرکے تیار کر سکتے ہیں۔ ہمراہ شربت عرق مکو ۳ تولہ۔ عرق بادیاں ۳ تولہ ملاکر ہمراہ شربت ۲ تولہ استعمال کریں۔

نوٹ:۔ اگر بخار کے ساتھ کھانسی ہو۔ تو شربت استعمال نہ کریں۔

# اکسیری روغن طحال

## تلی کا سو فیصدی کامیاب علاج

نوشادر ۰۲ر تولہ۔ سوہاگہ ۰۲ر تولہ۔ شورہ ۰۲ر تولہ۔ پھٹکڑی ۰۲ر تولہ۔ نمک لاہوری ۰۲ر تولہ باریک پیس کر ایک پیالہ مٹی کے میں ڈالیں۔ اسکے اوپر ایک بوتل جس کے پیندے میں سوراخ کرکے بوتل کے اوپر گارا لگاکر خشک کرلیں۔ اور اسکے منہ پر ڈاٹ لگادیں۔ اور بوتل میں بذریعہ بھاپ تیل جمع ہوگا۔ دو بوند سے پانچ بوند تک عمر کے لحاظ سے استعمال کریں۔ تپا نشہ بیں۔ دو ہفتہ ہیں بشرطیہ آرام

ہوگا۔ ہزاروں بیماروں کو اس روغن سے صحت یابی ہوتی ہے۔ اور درد دانت میں بھی اسکا لگانا مفید ہے

# جلاب لاجواب

غاریقون یک تولہ۔ سقمونیا ۶ ماشہ۔ ریوند عصارہ ۱ تولہ شحم حنظل ۶ ماشہ۔ تربد ا تولہ۔ ایلوا یک تولہ۔ گوند کتیرہ ۶ ماشہ۔ جلاپہ ا تولہ۔ مغز بادام یک تولہ۔ چار مغز ۲ تولہ سب ادویات کوٹ کر حبوب بنائیں۔ جسقدر یہی حب نوش کرادیں گے۔ اسی قدر اسہال آدیں گے۔ گھبراہٹ اور بے چینی نہیں ہوتی۔

# دیگر

مغز پستہ پانچ تولہ۔ مغز بادام پانچ تولہ۔ مغز جمال گوٹہ پانچ تولہ۔ تخم ریحان پانچ تولہ تمام ادویات کو کھرل کرکے تیل نکالیں۔ ۲ بوند سے پانچ بوند تک استعمال کریں۔ دست آدیں گے۔ دودھ یا بتاشے میں استعمال کرنا چاہئے۔

# بواسیر۔ دق و دمہ کیلئے مجرّب

دال چکنا ۳ ماشہ۔ ہڑتال ورقیہ ۳ ماشہ۔ رسکپور ۳ ماشہ۔ بکچور سوا پانچ تولہ لیکر آٹا بنالیں۔ مشک کافور ا تولہ۔ گائے کا پتہ یک عدد اوّل ہر سہ ادویات کو غبار کی مانند کر کے قدرے پتے کا پانی ڈالتے ہوئے جملہ ادویات سے حبوب بقدر مونگ تیار کریں۔ پانچ تولہ گھی اور آدھ سیر دودھ میں ملاکر اکیس ۲۱ یوم تک استعمال کریں۔

# اکسیر جریان

سنگ یہود بیس ۲۰ تولہ لیکر کوٹ لیں۔ ایک سیر مولیوں کے پانی میں کھرل کریں۔ بھٹکل کے نگدہ آدھ سیر میں بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ ۶ تولہ کشتہ میں ۶ ماشہ طباشیر اور ۶ ماشہ الائچی خورد ملا کیا کریں۔ سفوف صبح دوپہر شام ہمراہ دودھ استعمال کیا کریں۔

پرہیز:۔ گرم اور ترش اور تیل والی اشیاء وغیرہ سے پرہیز کریں۔

# روغن کافور

چوٹ لگنے سے اگر ورم ہو جاوے۔ یا گوشت پھٹ جاوے ایسی بیماری کے لئے ذیل کا نسخہ استعمال کرنا نہایت مفید اور موثر ہوتا ہے۔

مشک کافور ۵ تولہ۔ ست اجوائن ۱ تولہ۔ ست پودینہ ایک ماشہ تمام ادویہ کو شیشی میں ڈال کر ایک گھنٹہ تک دھوپ میں رکھیں۔ تیل بن جائے گا۔ بوقت ضرورت استعمال کریں ٹنکچر آیوڈینا سے بہتر ہے۔

# کشتہ چاندی اکسیر اعظم

گلگی سیاہ ۲ ۱/۲ چھٹانک۔ سنگ پیلی ۱۲ چھٹانک ۱ تولہ نقرہ کا ترہ سیالکوٹی کاغذ کے برابر بنا کر دو تھاپیوں کے درمیان رکھ کر جن کا وزن تین سیر کے قریب ہو۔ ہر دو اشیاء ۵ - ۵ تولہ کوٹ کر ترہ کے درمیان میں محفوظ کر کے آگ دیں۔ سولہ آگ میں نبات کے مانند پھولا ہوا برآمد ہوگا۔

## دیگر

پانی نگل گل برادہ سیم ۱ تولہ۔ سیماب ۱ تولہ کھرل کر کے گولی بنالیں اور قاضی دستار ۲۰ تولہ کے نگدہ میں رکھ کر دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سیماب ۷ بار جذب کر کے آگ دیں۔ پارہ نوش بھی ہے۔ اور جوانی کو دوبالا کرنے والا کشتہ یہی ہے

## کشتہ سنکھیا

یک تولہ سم الفار لیکر دس تولہ سندور میں رکھ کر کوزہ بند کر کے جسقدر جی چاہئے آگ دیں کشتہ تیار ہوگا۔ میرا امتحان شدہ جذام۔ آتشک۔ وجع المفاصل کے لئے بہترین ہوگا۔ مگر رتا نہیں۔

## دیگر کشتہ

کشتہ سم الفار سفید ۲۰ تولہ۔ اور آٹھ دس سیر راکھ بھٹکٹیا کی لیکر نصف نیچے رکھ کر اور اس راکھ پاؤ سیر گندھک آملہ سار

پیسی ہوئی بچھا دیں۔ اور سنکھیا رکھ کر گندھک آملہ سار ۲۰ تولہ ڈال دیں۔ اوپر اور نیچے راکھ ہیں بدستور ڈھانپ دیں۔ امید قوی ہے۔ کہ پہر آگ جلانے پر ٹھنڈا ہونے پر کشتہ برآمد ہوگا۔ نصف چاول یا کم مقدار کھلائیں کشتہ کرنے کا شوق ہے۔ موقع نہیں ملتا ہے۔ مکھن میں کھلا کر گھی) اور دودھ خوب کھلا دیں۔

## زحیر دق کیلئے مجرب علاج

ایک تولہ سمندر جھگ لیکر ۱۲ خوراک بنالیں۔ ایک خوراک دو چھٹانک دہی استعمال کریں۔ دن میں تین بار یہ عمل کرنا ہوگا۔ تین تین گھنٹہ کے بعد ایک خوراک پھر چار بجے دن کے تین تولہ گلقند ۴ ماشہ۔ بیدانہ گھونٹ کے پلا دیں۔ چند روز معمول کریں۔ امید ہے شفا ہوگی۔

## کشتہ ہڑتال ورقیہ

ہڑتال ورقیہ ا تولہ لیکر ۱۰ تولہ آب کیلہ میں کھرل کر کے کیلہ کے

نگدہ میں سوت پاؤ بھر کے ساتھ لپیٹ کر کے آگ دیں۔ کشتہ رنگ سفید ہوگا۔ بخار ملیریا مطبقہ مینق النفس کو اکسیر ہے۔ دوم چاول خوراک منقہ یا قند سفید استعمال کرادیں۔

## کشتہ شنگرف برنگ سفید

شنگرف رومی اتولہ لیکر اسمیں شراب یک سے کھرل کریں۔ خار خشک اتولہ۔ برگ قیب اتولہ ہر دو ملاکر ٹکیاں بناکر ایک سیر جنگلی اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ رنگ سفید ہوگا۔ برائے احتلام جریان مجرب ہے۔

## برائے طحال مجرب

افتیموں کا آب ۵ سیر۔ رس لیموں ۵ سیر یا جسقدر تیار کرنا چاہیں مساوی الوزن ہونا چاہئیے۔ اور دیل سبز کوٹ کر پانی نکال لیں۔ اور لیموں نچوڑ لیں۔ خیال رکھیں۔ کوئی مگس وغیرہ نہ گر پڑے۔ اور بوتلوں کو بھر لیں۔ اور عرصہ دو تین ماہ گندم کے ڈھیر میں دبا دیویں۔ امید قوی ہے پچاس یوم تک لیموں

کے ترشی دور ہو جاوے۔ بعد ازیں دیکھ لیں کہ لیموں میں ترشی نہ رہی ہو۔ تو ایک چمچہ ہر روز ۳ یوم پلا دیں۔ ۱۲ یوم بند کر دیں بعد ازیں ۳ یوم پلا دیں۔ دد تین دور کرنے سے آرام ہو جاتا ہے مجرب ہے۔

## لعوق خیار شنبر

عرق گلاب ۱۰ تولہ۔ عرق سونف ۱۰ تولہ۔ مغز گودہ املتاس ۵ تولہ رات کو ہر دو عرقوں میں بھگو دیں۔ ۱۰ مصری کا قوام کر لیں بنفشہ ۳ تولہ۔ سقمونیا ولائتی ۶ ماشہ ہر دو کا سفوف بنا کر ڈالیں روغن گاؤ ۵ تولہ۔ خوراک ۵ تولہ ہمراہ استعمال کریں۔

## مفرح مقبول

مروارید چار ماشہ۔ کہربا شمعی ۴ ماشہ۔ گل گاؤزبان ۲ مثقال۔ طباشیر ۲ مثقال۔ مغز کدو ۲ مثقال۔ تخم خرفہ ۲ مثقال۔ زعفران پانچ سرخ۔ ورق طلا پانچ سرخ۔ ورق نقرہ پانچ سرخ۔ رب سیب ۷ تولہ۔ رب بہی ۷ تولہ قند سفید آدھ سیر

عرق گلاب ۹ تولہ۔ عرق بید مشک ۹ تولہ۔ بدستور طریقہ معروف تیار کریں۔ خوراک ۲ رتی سے لیکر ۶ رتی تک ہمراہ عرق گاؤ زبان یا دودھ گاؤ مناسب برائے طبیب

# حالات زندگی

از سید حکیم جماعت علی شاہ شمس المحکما موضع اہل تحصیل نارووال ضلع سیالکوٹ

آپ کی عمر تقریباً ۵۵ سال کی ہے۔ قریباً ۳۲ سال سے کام مطب کرتے ہیں۔ برائے تحفہ مقبول نسخہ اکسیر خاندانی پیش خدمت ہے۔

برادہ دندان فیل ۱ تولہ۔ اجوائن دیسی ۱ تولہ۔ مرچ سیاہ ۲ تولہ۔ گیرو ۲ تولہ عرق گلاب میں ان ادویات کی گولیاں بناویں اور کیکر کی گوند ۲ تولہ ڈال لیں۔ حب بقدر کنار دشتی تیار کریں جب عورت خون حیض سے فارغ ہو شیر گرم سے دس یوم استعمال کریں۔ ہر سال میں دس یوم استعمال کرنے سے شرطیہ لڑکا پیدا ہوگا۔ تین سال تک استعمال لازم ہے۔

# اکسیر امراض چشم

نیلا تھوتھہ یک تولہ۔ گرہ ہلدی ۲ تولہ۔ نمک کوہاٹی ۳ تولہ۔ کشتہ جست ۲ تولہ۔ بورک ایسڈ ۲ تولہ سب ادویات کو باریک کرکے بیس تولہ عرق گلاب میں کھرل کرکے سرمہ تیار کریں۔ نہایت مفید ہے۔

# ڈاکٹر تیج رام

## مستند پنجاب یونیورسٹی طبیہ کالج لاہور

آپ خاندانی طبیب ہیں۔ اور موصوف کا آباؤ اجداد ہی نہیں۔ بلکہ خود قابل ہیں۔ افسوس کہ پیدائش ایسے وقتوں میں ہوئی۔ جبوقت یونانی طب پر آفتوں کا ابر چھا گیا۔ اور الیا برسا کہ چند ناموروں ہستیوں کے سوا باقی شہروں اور قصبوں میں طبیبوں کی حالت پر انقلاب چھا گیا تھا۔ ان کی ضد اسقدر رہتی۔ کہ کسی اعلےٰ جگہ پر قابض ہونے۔ اب حکیم صاحب موصوف کے خاندانی نسخہ برائے تحفہ مقبول عطا کئے جاتے ہیں۔ تاکہ ناظرین خرید کر مستفید ہوں۔

## حب مقوی قلب و دماغ خصوصاً قوت حافظہ کیلئے

مروارید ناسفتہ ۳ ماشہ۔ ست گلو تولہ۔ دانہ الائچی خورد تولہ۔ طباشیر نیلگوں تولہ عرق گلاب دکیوڑہ ڈال کر کھرل کریں۔ اور حب بقدر دانہ ماش کے تیار کر کے علی الصباح کھائیں۔ چند یوم میں فائدہ ہو جاویگا۔

## حب نافع دماغ اور اعصاب تقوۃ فالج کو مفید ہے

اور قوت باہ کو زیادہ کرنے میں لاثانی ہیں۔ بھوک کو زیادہ کرتی ہیں۔ غذا کو ہضم کرتی ہیں۔

سم الفار ۳ ماشہ۔ مشک ۲ ماشہ۔ جندبیدستر ۲ ماشہ۔ مصطگی ۳ ماشہ۔ جدوار ۳ ماشہ۔ افیون ۳ ماشہ۔ زہر مہرہ خطائی ۲ ماشہ۔ زعفران ۲ ماشہ۔ جوتری ۴ ماشہ۔ جوزبوہ ۳ ماشہ پہلے سم الفار کو پندراں تولہ عرق گلاب میں مسحق کریں جب جذب ہو جاوے۔ دوسری ادویہ ملا کر ۵ تولہ اور گلاب اضافہ کریں۔ اور حب موٹھہ کے مقدار بنالیویں۔ خوراک ایک حب غذا سے کچھ عرصہ بعد کھلادیں۔ بعد ازاں سات عدد بادام

کھلا دیں۔ عرق گلاب حرارت جگر کو بجھانے میں لاثانی ہے۔ اور یرقان کے لئے اپنی نظیر نہیں رکھتا۔ سینکڑوں مریض جن کو یرقان کی شکایت تھی۔ اور مایوس ہو چکے تھے۔ عرق مذکورہ استعمال کریں شفا ہو جائے گی۔

نسخہ مبارک

# عرق اکسیر جگر

برادہ آہن ۲۰ تولہ۔ انار دانہ ۱۲ تولہ۔ مغز کنول ۹ تولہ۔ ترپھلا ۹ تولہ۔ ناگر موتھا ۳ تولہ۔ زیرہ گلاب ۳ تولہ۔ بیخ مکو ۳ تولہ۔ تخم الائچی کلاں ۳ تولہ۔ پوست انار شیریں ۳ تولہ۔ مصطگی ۳ تولہ بیخ مہک ۳ تولہ۔ سونٹھ ۳ تولہ۔ کوکنار ۳ تولہ۔ کشنیز ۳ تولہ تخم کاسنی ۳ تولہ سب ادویات کوٹ لیویں۔ اور سات سیر پانی ڈال دیویں۔ برادہ آہن کی پوٹلی باندھ کر ڈالیں۔ قند سیاہ آدھ سیر شہد خالص پاؤ بھر دن کو دہوپ میں رات کو شبنم میں ایک ہفتہ تک ہلاتے رہیں۔ پھر نہ ہلائیں۔ اسکے بعد صاف کر کے رکھیں۔ خوراک ۳ تولہ ہمراہ شربت بزوری استعمال کریں

# مجرّبات

## برائے اسہال کہنہ اور پیچش کیلئے

بادیان ۔ زنجبیل ۔ ہلیلہ سیاہ ۔ پوست خشخاش ہموزن لے کر سب کو بریاں کریں ۔ خوراک ۲ تولہ آب سرد دو د. جو کہ گندھارس کے نام سے مشہور ہے ۔ تیار کریں

## زحیر اور اسہال کیلئے

افیون قدرے پانی میں حل کرلیویں ۔ پارہ یک ماشہ ۔ گندھک یک ماشہ ۔ آملہ سار کی کجلی بنالیویں ۔ مونتھا یک ماشہ ۔ اندرجو ۱ ماشہ ۔ بل گتھ ماشہ ۔ لودھ ماشہ ۔ گل دھاوا ماشہ ۔ موچرس ماشہ باہم یک کر کے کوٹ چھان لیویں ۔ کجلی اور افیون محلول ڈال کر سحق بلیغ بذریعہ کھرل کریں ۔ خوراک ۲ رتی چھاچھ کے ساتھ

# مجرّبات

ڈاکٹر تیج رام صاحب سند یافتہ پنجاب یونیورسٹی لاہور

مروارید ۴ رتی۔ زہر مہرہ خطائی ۶ ماشہ۔ حجر الیہود ۶ ماشہ نارجیل بحری ۶ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۶ ماشہ۔ مغز کنول ڈوڈے ۶ ماشہ۔ طباشیر ۶ ماشہ۔ تخم الائچی خورد ۶ ماشہ۔ الائچی کلاں ۶ ماشہ اول ہر سہ ادویہ کو سہ تولہ عرق گلاب میں کھرل کریں۔ پھر باقی ادویہ ملا کر گلاب ڈال کر ایک یوم کھرل کریں۔ گولیاں بقدر مونگ بنالیویں۔ یہ نسخہ یونانی میں تریاق الاطفال کے نام سے مشہور ہے۔ کئی دفعہ تیار کیا گیا۔ ہزار ہا تجربہ بچگاں کیلئے مفید ثابت ہوا۔

## دیگر

تخم الائچی خورد ۲ تولہ۔ مرچ سیاہ ۹ ماشہ۔ عود صلیب ۴ ماشہ زیرہ سفید ۴ ماشہ۔ زہر مہرہ خطائی ۴ ماشہ۔ پوستہ اندرانی سنگدانہ مرغ ۴ ماشہ۔ اندر جو مقشر ۴ ماشہ۔ صندل سرخ ۴ ماشہ۔ صندل سفید ۴ ماشہ۔ پیپل کی داڑھی ۴ ماشہ۔ سوہاگہ بریاں ۴ ماشہ

ازورد ۴ ماشہ۔ گل سرخ ۴ ماشہ۔ زعفران ماشہ سب ادویات کو باریک کوٹ لیویں۔ ایک روز عرق گلاب میں دوسرے روز عرق مکو۔ تیسرے روز آب کیلا میں کھرل کریں۔ اور حب بقدر مونگ کے باندھ لیویں۔ ایک حب صبح اور دوسری شام دودھ میں گھول کر اور دو ۲ حب مریضہ کو صبح و شام دودھ یا مکھن بچوں کے تمام امراض کیلئے مفید ہیں۔

# قضیب کو قوت دیتا ہے

موٹا اور دراز کرنے میں لاثانی ہے۔ نسخہ مبارکہ یہ ہے اپنے خاص مجربات سے ہے۔ ہڑتال یک تولہ۔ سنکھیا ا تولہ بچھناک یک تولہ۔ نوشادر ا تولہ۔ برابر کوٹ پیس کر گھی ۴ تولہ میں ملا کر اور پارہ ۶ ماشہ ڈالیں۔ تمام ادویات ملا کر کپڑے پر ملیں اور بتی بنا کر ایک طرف سے جلا دیں۔ جو گھی اس سے ٹپکے لیویں۔ تھوڑا سا لے کر آلہ تناسل پر ملیں۔ فوائد مذکورہ کے علاوہ ادبیجے نیچے کو بھی اچھا کرے گا۔ آزمائش کر کے میرے حق میں دعا خیر کریں۔

# حب برائے دیدان

تخم حنظل ۷ ماشہ۔ سقمونیا ۹ ماشہ۔ حب النیل ۱۰ ماشہ۔ اقیموں ۱۴ ماشہ۔ صبر سقوطری ۹ ماشہ۔ تربد ۱۰ درم حب سازند خوراک ۲ درم ہمراہ گرم دودھ

# برائے بول الدم

پھٹکڑی بریاں ۲۰ ماشہ۔ کشتہ پارہ سینگہ ۲۰ ماشہ۔ گوند کتیرا ۲۰ ماشہ۔ گیرو ۲۰ ماشہ۔ گل نار ۲۰ ماشہ۔ صمغ عربی ۲۱ ماشہ کوٹ چھان کر قرص بنائیں۔ خوراک ۴ ماشہ ہمراہ شربت انجبار ۲ تولہ

# برائے بہرہ پن

از مولف کتاب

برگ دہتورہ ۵ تولہ۔ سرکہ انگوری ۵ تولہ۔ افنتین ۳ تولہ۔ مغز بادام تلخ یک تولہ۔ برگ مدار ۷ عدد آب پیاز ۳ تولہ۔ روغن کنجد ۱۰ تولہ سب ادویات کو تیل میں جلا کر گوش میں ٹپکائیں۔

# کشتہ تانبا

پتر تانبا یک تولہ۔ پھٹکری پاؤ بھر۔ برگ ارنڈ لیکر آک کا دودھ ۲ تولہ بارہ عدد
۳۰ سیر کی آگ دیں۔ کشتہ برآمد ہوگا۔

# چند انگریزی نسخہ جات بدیہ ناظرین

**مسوڑہ کیلئے:۔** ٹنکچر آیوڈین۔ ریکٹی فائیڈ ڈرام ۲

| | | |
|---|---|---|
| ٹنکچر ایکونائٹ۔ | ڈرام | ۲ |
| لیکورہی | ڈرام | ۲ |
| کلوروفارم | ڈرام | ۱ |
| گلیسرین | اونس | ۱ |

**ہیضہ کیلئے مجرب:۔** ایسڈ سلفیورک ایروماٹیک ڈرام ۲

| | | |
|---|---|---|
| آئل کلوز | منم | ۱۰ |
| آئل کیجوپٹ | منم | ۱۰ |
| آئل جونی پر | منم | ۱۰ |
| سپرٹ کلوروفارم | ڈرام | ۲ |
| ایکیو | اونس | ۴ |

# برائے کھانسی سیاہ

موضع دہیر کے تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ حکیم فقیر اللہ

پھٹکڑی یک تولہ لیکر ۱۰ تولہ آب کیلہ میں پکائیں۔ خشک ہونے پر اتار لیں۔ شربت بنفشہ۔ یا شہد کے ساتھ استعمال کرائیں خوراک یک رتی۔

# برائے سوزش پیشاب

برگ گاؤزبان ۶ ماشہ۔ کشنیز ۳ ماشہ۔ گوکھرو یک تولہ۔ سب ادویہ کو رات کو بھگو دیں۔ صبح ہونے پر مل چھان کر میٹھا ملا کر نوش کریں۔

# برائے امساک

شیر برگد ۶ ماشہ۔ افیون ۱۰ ماشہ چھوہارے یک عدد گھٹلی نکالکر بھر دیں۔ اپر دھاگہ لپیٹ کر آرد گندم لگا کر پھسل میں پکائیں حبوب بقدر نخود بناویں۔ جماع سے پہلے ۲ گھنٹہ ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

# برائے ادرارِ حیض!

اور برائے دفعیہ اخلاط غیر طبعی ہر سہ اخلاط جو موجب رکاوٹ حمل کے ہوتی ہیں اور اِس مسہل عظیم سے مستورات کے تمام نقائص دور ہوکر طبعیت اپنا طبعی روپکڑ لیتی ہے۔ میرا بارہا کا ازمودہ نسخہ برائے مستورات تیر بہدف ہے۔ اسکا طریقہ استعمال یہ ہے۔ کہ ایک سیر پختہ پانی میں تمام ادویات رات کو بھگو کر صبح خوب جوش دیں آدھ رہنے پر نیچے اُتار لیں۔ مَل چھان کر آدھا پلا دیویں اور آدھا محفوظ رکھیں چار گھنٹے کے بعد! باقی پلا دیویں نسخہ مبارکہ یہ ہے تمر ہندی ۵ تولہ گُل سرخ مصطفی ۲ تولہ برگ سنا مکی ۲ تولہ برگ گاؤزبان ۱ تولہ پوست ہلیلہ زرد ۱ تولہ تخم خطمی ۱ تولہ اصل السوس ۱ تولہ سپستان ۵۰ دانہ نوٹ یاد! رہے کہ حیض کے ۱۸ دن گذرنے کے بعد پلانا مصری بقدر ضرورت ملا کر پلا دیویں مسہل ہونیکے بعد دودھ چاول کھلائیں:

# سوزشِ مثانہ

کشتہ ابرک سفید ۳ ماشہ کھتہ گلابی ۳ ماشہ کشتہ سنگ جراحت ۳ ماشہ۔ بقدر ایک ایک ماشہ کے پڑیہ بنا کر ہمراہ لسی کچی!

دودھ بکری سے ایک پوڑیہ صبح اور ایک پوڑیہ شام کھا لیا
جائے +

## اکسیر سوزاک

روغن صندل درجہ اوّل - صمغ عربی ایک تولہ - کباب چینی ایک تولہ
گوند اور کباب چینی کو باریک پیس کر خوب چھان لیں اور پھر
روغن صندل میں انکی گولیاں بقدر عناب کے بنا کر کچی لسّی
کے ہمراہ ایک صبح اور ایک شام کو دے دیا کریں تین یوم کے
بعد ترک کر کے پھر شروع کریں

## اکسیر صرع

کرن کھجورہ زندہ لیکر ہٹی کے ایک چھوٹے سے کوزہ میں بند کر کے
گل حکمت کریں - اور بقدر چھ سیر پختہ جا بکدستی سے آگ
دیکر جلا لیں پھر باریک پیس کر محفوظ رکھیں جب دورہ
صرع کا ہو تو ایک ہی دفعہ ناک میں سڑکنے سے تمام عمر کیواسطے
نجات رہیگی شرط ہے کہ وہ دو سال تک لسی دودھ ہرگز
ہرگز نہ استعمال فرمائیں اور نہ چھترے کا گوشت کھاوے
دو برس تک + ———

## برائے جریان

پوست بیخ بھنڈی توری خشک ۲ تولہ۔ طباشیر ۲ تولہ شیر برگد ۲ تولہ۔ ترکیب۔ بیخ بھنڈی اور طباشیر کا سفوف کرکے شیر برگد ملا کر حب بقدر دانہ مٹر کے تیار کریں۔ ایک حب صبح و ایک حب شام ہمراہ شیر تازہ نوش کریں۔ لطف یہ ہے کہ دوائی شروع کرنے سے پہلے کوئی اندری جھاڑ مسہل ضرور لیا جاوے۔

## برائے چیچک

بیر بہوٹی ۲ تولہ۔ چاول ۱ تولہ۔ ہر دو اشیا کسی شیشی میں محفوظ کریں۔ جوں جوں بیر بہوٹیاں خشک ہوں گی۔ چاول سرخ ہوتے جائیں گے۔ پھر یہ چاول جب بیمار کی چیچک اندر چلی جاوے۔ تو دو دانہ مویز منقہ میں شامل کرکے کھلا دیں ایک گھنٹہ میں گم شدہ چیچک ظاہر ہو جاوے گی۔

# حالاتِ زندگی

فخر الحکماء حکیم شیخ محمد حسین صاحب (منور) حکیم حاذق مستند طبیب درجہ اوّل طبیہ کالج لاہور

آپ کی ولدیت باسعادت ۱۹۱۴ء میں ضلع سیالکوٹ کے ایک مختصر سے قصبہ دسنکھترہ میں ہوئی۔ آپ اوائل عمر ہی سے ذہین اور دلی دماغ واقع ہوئے ہیں۔ آپ کی سکول لائف سنہری حروف میں لکھے جانے کے قابل ہے۔ مشہور ہے کہ (ہونہار بروا کے چکنے چکنے پات) آپ نے دورانِ تعلیم میں گورنمنٹ سے چار سال چار روپے ماہوار وظیفہ حاصل کیا۔ اور چونکہ آپ کو شروع ہی سے علم طبابت کا از حد شوق پیدا ہو گیا تھا۔ آپ نے ایک مضمون (چیچک اور اس کا انسداد) لکھا۔ جس میں آپ تمام ضلع میں اوّل نمبر رہے۔ اور جناب ڈپٹی کمشنر این۔ سی۔ پارکھے صاحب بہادر اور ڈسٹرکٹ انسپکٹر سوڈھی جگت سنگھ صاحب بہادر کی زیر صدارت جلسہ عام میں پندرہ روپے نقد انعام اور ایک سنہری سرٹیفکیٹ بطور انعام حاصل کیا۔ سکول لائف سے نکل کر آپ نے بہت سے علوم فنون کتابت۔ پینٹری وغیرہ میں قابلیت حاصل

کی۔ اور بعدہٗ طبیہ کالج لاہور میں داخل ہوئے۔ اور وہاں پر بہت محنت کے ساتھ تعلیم حاصل کرتے رہے۔ آپ نے دورانِ تعلیم میں بھی بڑے بڑے مجدّدانِ طب سے فیض حاصل کئے۔ اور ۱۹۳۸ء میں آپ نے طبیہ کالج لاہور سے حکیم حاذق فسٹ ڈویژن میں پاس کیا۔ اور وہاں سے فارغ ہوکر بھی آپ نے بڑے بڑے مشہور اطباء سے پریکٹس حاصل کی۔ ان دنوں آپ نے اپنے ہی وطن مالوف قصبہ سنکھترہ میں ایک شفاخانہ الموسومہ بہ (دواخانہ حبیبیہ انگریزی اینڈ یونانی) کھول رکھا ہے اور ارد گرد کے تمام قصبات میں اپنی خداداد طاقت اور دستِ شفا سے شہرہ حاصل کر چکے ہیں۔ آپ نے ہماری پُر زور اپیل اور کئی دفعہ کی سفارش پر دو تین ذاتی تجربات عنایت فرمائے جوکہ ناظرین کے فائدہ کی خاطر درج کئے جاتے ہیں۔

# سیلان الرحم

یعنی (لیکوریا) کیلئے سو فیصدی مجرب دوا

چکنی سپاری۔ سپاری خشک۔ مازوئے سبز۔ رسونت۔ گل دھاوا۔ موچرس۔ بیخ بیلائی۔ گیرو۔ کشتہ صدف مروارید ی

ہموزن سفوف تیار کریں۔ مقدار خوراک ایک تا سہ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ۔ یا تازہ پانی یا شربت بنفشہ استعمال کریں۔

# نسخہ مبارک

برائے قولنج۔ دردِ گردہ۔ دردِ شکم۔ دردِ جگر غرضیکہ اندرونی اعضاء کی تمام بخار۔ دردوں اور بخاروں کے لئے اکسیر صفت دوائی۔ درد گردہ شدید کو ایک خوراک میں فائدہ دیتی ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| کونا سلفاس | ۱۲ | گرین |
| میگنیشیا سلفاس | ۱۲ | ڈرام |
| پوٹاس سائٹراس | ۲۰ | گرین |
| انٹی فیبرین | ۸ | گرین |
| کلورل ہائیڈریٹس | ۱۶ | گرین |
| سلفیورک ایسڈ ڈل | ۵ | منم |
| ڈسٹل واٹر | ۶ | اونس |

ایسی ایک خوراک تیار کر کے چار دفعہ تین تین گھنٹہ بعد دیں۔

اور ہر خوراک کے نصف گھنٹہ بعد نصف سیر یا پاؤ سیر دودھ پلاتے رہیں۔ دوسرے دن میگنیشیا ہٹا کر سپرٹ امونیا ایرومیٹک شامل کریں۔ یہ نسخہ تین دن ۵۰ منم ملاتے رہیں۔

# جریان کیلئے مجرّب بے خطا دوائی

ورق نقرہ کلاں ۵۰ عدد۔ طباشیر نقرہ ۹ ماشہ۔ آرد ملٹھی ۲۱ ماشہ۔ کشتہ مرجان ۶ ماشہ۔ کشتہ قلعی ۶ ماشہ۔ ثعلب مصری ۲۱ ماشہ۔ الائچی دانہ خورد یک تولہ۔ سرد چینی ۸ تولہ کوٹ کر سفوف بنائیں۔ مقدار خوراک سہ سہ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ تازہ مجرب ہے۔

# ہیضہ کیلئے اکسیر اعظم

افیون خالص ½ گرین مرچ سرخ ۱ گرین بمعہ تخم ہینگ ۱ گرین بمد دلعاب صمغ عربی ایک گولی بنائیں۔ تھوڑے تھوڑے وقفہ بعد تین گولی ہمراہ عرق الائچی استعمال کرائیں۔ انشاء اللہ فائدہ ہو جائے گا۔

**مجرّبات**

ازلالہ جمشید رائے دلبگی تحصیل نارووال

# کثرتِ حیض کیلئے مجرّب نسخہ

گوندڈھاک ۔ مائیں خورد ۔ دانہ الائچی خورد ۔ سنگجراحت ۔ مصری کوزہ ہر ایک ایک تولہ برادہ ہاتھی دانت ۲½ تولہ حسب طریق سفوف تیار کریں ۔ خوراک ۴ یا پانچ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ یا تازہ شربت پوست جامن ابال کر استنجہ کریں (ایک پاؤ پوست) (دسیر پانی) ، منافع حیض خواہ کتنی زیادتی سے آتا ہو ۔ صحت بخشتا ہے ۔

# لیپ چشم دکھنے کا

رس ۶ ماشہ ۔ پھٹکڑی ۳ ماشہ ۔ چاکسو ۶ ماشہ ۔ کچور ۳ ماشہ برگ نیم ۳ ماشہ ۔ پوست ہلیلہ کابلی ۶ ماشہ افیون ۶ رتی ۔

ترکیب تیاری چاکسو ۔ کچور دپوست ہلیلہ پھٹکڑی کو علیحدہ علیحدہ باریک کرکے بعد برگ نیم وافیون کے مٹی یا قلعی شدہ برتن میں ۱۵ تولہ پانی ڈالکر بھگو چھوڑیں ۔ صبح مل کر اور کھدر کے کپڑے سے چھان کر آگ پر اتنا پکادیں کہ قوام میں جا دے ۔ ٹھنڈا ہونے پر کسی ڈبیہ میں بند کر چھوڑیں ۔

استعمال۔ بوقت ضرورت ۲ رتی لیکر ۲ ماشہ عرق گلاب میں حل کرکے دو قطرے آنکھوں میں ٹپکا دیں۔ پلکوں کو اٹھا کر اوپر بھی لگا دیں۔ تو بہتر ہے۔

فوائد۔ سرخی دھند کو فائدہ کرتا ہے۔

## سرمہ

سرمہ سیاہ ½ ۱ تولہ۔ سمندر جھاگ ۶ رتی۔ سرد چینی ۶ رتی۔ کافور ۶ رتی۔ شورہ ۶ رتی۔ ہلدی گنڈھی ½ ۴ ماشہ۔ ست پودینہ ½ ۱ رتی۔ شادنہ مغسول ۶ رتی۔ ترکیب شادنہ کو آٹھ دس منٹ کھرل کریں۔ باریک ہونے پر پانی ۲ تولہ ڈالکر رکھ چھوڑیں۔ جب پانی نکھر جائے تو پانی کو اتار دیویں۔ پھر دوبارہ پانی ڈالکر کھرل کریں۔ اور رکھ دیویں۔ پانی پھر اتار لیویں۔ یہ سلسلہ تین دفعہ کرکے شادنہ کو خشک کر لیویں۔

سرمہ کو درخت سرس میں چھپا کر ۴۰ یوم دفن کریں۔ ڈھکنا اسی لکڑی کا ہو۔ بعد ازاں نکال کر مہندی کے پانی میں کھرل کریں۔ ہلدی رات کو بھگو کر صبح چھیل کر سرمہ میں کھرل کریں۔ خشک ہونے پر باقی اشیاء ڈالکر باریک پیس لو۔ سرمہ تیار ہے۔

از ڈیرہ بابا نانک ۲۹/۹/۲۹

مکرم و معظم محسن و سردار الحکماء پیر مقبول عالم صاحب پرنسپل مہاراجہ آیورویدک اینڈ یونانی طبیہ کالج پسرور شمس الحکماء

از طرف عاصی خادم حکمت ڈاکٹر خوشحال سنگھ بیدی ایل۔ ایم۔ ایس۔ ایچ

اسجگہ خیریت اور آنحضرت کی خیریت از درگاہ الٰہی ہمیشہ منتظر ہوں حضور والا کا نوازش نامہ غریب خانہ پر پہنچا۔ جناب کا بندہ تہ دل سے مشکور ممنون احسان ہے۔ یہ امر اظہر من الشمس ہے۔ کہ جناب کی کوشش افادۂ عام کے لئے ہمیشہ سے وقف رہی ہے۔ آپ کی عمر کا بہت سا حصہ ہمیشہ لوگوں کی بھلائی میں ہی گزر رہا ہے۔ کیوں نہ ہو جب کہ آپ کا پوتر جنم ہی خانہ پیر عالی جاہ میں ہوا ہو۔ میں بخوبی آشنا ہوں۔ کہ آپ کی جسمانی و روحانی قوائے عالی دوسروں کی بھلائی کے لئے ہی خدا نے عطا کر رکھی ہیں۔ سب سے بڑا احسان آپ کا حکمائے ہند پر مبنی ہے۔ کہ جناب نے سعی بلیغ سے خود گاؤں گاؤں شہر شہر گھوم کر حکمائے عالی کے بکھرے ہوئے شیرازے کو از سر نو طبی اتحاد میں منسلک فرما دیا ہے۔ یہ محض آپ کی ہی کوشش کا نتیجہ ہے۔ کہ اب بروز اتوار یکم اکتوبر ۱۹۳۱ء طبیہ بورڈ پسرور کا تیسرا اجلاس منعقد ہو رہا

ہے۔ میں اس تقریب عالی کے موقعہ پر جناب کو مبارک باد دینے سے نہیں رُک سکتا۔ اور دعا گو ہوں۔ کہ جناب کا بمعہ ان اصحاب عالی کے جنہوں نے اس نیک کام میں آپکا ہاتھ بٹایا ہے۔ آپ کا اور ان کا اقبال ہمیشہ مانندِ مہر و ماہ کے منوّر و درخشاں رہے۔ تاکہ آنے والے لوگ ہمیشہ آپکے کالج سے تعلیم حاصل کر کے خدا کی خلق کو فائدہ پہنچا سکیں۔

بموجب حکم پیشتر ازیں دو ۲ صدری نسخہ جات جناب کی خدمت میں پیش کر چکا ہوں۔ شائد گر قبول افتد زہے عز و شرف اب دوبارہ بموجب حکم جناب والاشان عالیہ کے اپنے صدری و مجرب نسخہ جات ارسال خدمت کر رہا ہوں۔ تاکہ جناب کی بدولت عام پبلک بھی ان سے فائدہ اٹھائے اور ہمیشہ رب آخرت سے دعا گو رہے۔

نوشتہ بماند سیاہ بر سفید۔ نویسندہ را نیست فردا امید

نویسم من بریں کاغذ نشانی کہ مارا نیست دریم زندگانی

در شان تحفہ مقبول

## سفوف باہ

خولنجاں ۶ ماشہ۔ نوشادر ۶ ماشہ۔ تالمکھانہ ۶ ماشہ۔ موصلی سفید ۶ ماشہ۔ موصلی سیاہ ۶ ماشہ۔ ست گلو ۶ ماشہ۔ اسگند ناگوری ۶ ماشہ

گوند ڈھاک ۶ ماشہ۔ گوند سوہانجنہ ۶ ماشہ۔ موچرس ۶ ماشہ
سمندر سوکھ ۶ ماشہ۔ مصطگی رومی ۶ ماشہ۔ بہمن سفید ۶ ماشہ
شقاقل ۶ ماشہ۔ ثعلب مصری ۶ ماشہ۔ الائچی خورد یک تولہ
ست اسبغول ۲ تولہ۔ مغز تخم املی ۲ تولہ۔ مغز تخم جامن
۲ تولہ۔ موصلی سنبل ۱ تولہ۔ تخم لاجونتی ۱ تولہ۔ بیخ پیاز ۲ تولہ
بیخ شلغم ۲ تولہ۔ کھانڈ مساوی خوراک ۶ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ
صبح و شام بنوشند۔ آفادہ داد صاف۔ تسلسل بول۔ جریان
ذیابیطس۔ کمزوری۔ سیلان الرحم کیلئے قریباً پانچسو مریضوں پر
استعمال کر چکا ہوں۔

## سرمہ چشم

جست پھولا ہوا (کشتہ جست ۲ تولہ) زنگار ۳ ماشہ۔ سرمہ
سیاہ ۲ تولہ۔ سرمہ سفید ۴ ماشہ۔ افیون ۳ ماشہ۔
ایک ہزار مریضوں پر استعمال کر چکا ہوں۔ ایک مریض کے
ڈیلے نہایت سرعت سے ابھر گئے تھے۔ بہیترا انواع و
اقسام کا علاج کرایا۔ مگر بے سود اس سے پندرہ یوم میں
بالکل آرام ہو گیا۔ امراض چشم کیلئے اکسیر سے کم نہیں آزمائش شرط ہے

بلا بخل پیش خدمت ہے۔

# اکسیر ابتدائی سل و دق

کشتہ سرطان ۶ ماشہ۔ کشتہ مونگا۔ کشتہ ابرک سفید۔ کشتہ ابرک سیاہ۔ مغز خطمی۔ زہر مہرہ خطائی۔ کشتہ صدف مرواریدی ہر دو واحد ۶ ماشہ الائچی خورد ۳ ماشہ۔ طباشیر ۶ ماشہ۔ کشتہ سنگ یشب ۶ ماشہ۔ گل انار ۶ ماشہ۔ ورق نقرہ ۳ ماشہ۔ رب السوس ۶ ماشہ۔ شکر تیغال ۶ ماشہ۔ گل نیلوفر ۶ ماشہ۔ گل بنفشہ ۶ ماشہ۔ تخم خبازی ۶ ماشہ۔ مغز کشنیز ۶ ماشہ۔ تیس ۶ ماشہ۔ تخم خرفہ ۶ ماشہ۔ خوب کلاں مصفٰے ۹ ماشہ۔ باقلا ۹ ماشہ چھاکر ۴ ماشہ۔ عرق شیر ۸ تولہ سے اگر کھانسی ہو۔ تو گوند کیکر۔ گوند کتیرا ہر ایک سہ ماشہ ملا لیں۔ انشاء اللہ تعالےٰ ایک ماہ میں آرام ہوگا۔

# اکسیر سل و دق درجہ دوم سوم تک

سپ موتیوں والا سمندری (مرواریدی صدف بحری)

سنگ پشت اتولہ۔ مرجان اتولہ۔ ابرک سفید اتولہ۔ ابرک سیاہ
اتولہ۔ عقیق سرخ اتولہ۔ زہر مہرہ خطائی اتولہ۔ سنکھ اتولہ
سنگجراحت اتولہ۔ سرطان سوختہ اتولہ۔ کوڈکلاں دخرمہرہ کلاں
اتولہ۔ اجوائن دیسی ۵ تولہ کوٹ کر بھگو دیں۔ چھان کر تمام اشیار
باریک شدہ کھرل کریں۔ پانچ یا دس سیر گوبتے کی آگ دو
اسطرح ہر بار برگ بانسہ کے پانی۔ مکوکے۔ نیم۔ کرنجوہ۔
گھی کنوار۔ کاسنی۔ زرشک۔ گلو۔ دودھ بکری۔ دودھ گدہی
ہر یک پانچ پانچ تولہ لیکر علیحدہ علیحدہ کھرل کر کے آگ دیں
پھر مغز بادام چار عدد۔ الائچی خورد پانچ عدد۔ تخم خرفہ اتولہ
کشتہ مذکور ایک تولہ ملا کر رکھیں۔ خوراک پانچ رتی مکھن یا
عرق ماہرا بھرا کے ساتھ استعمال کریں۔

# برائے وجع معدہ درد شکم

دار فلفل تولہ۔ ترپھلا ۵ تولہ۔ سوہاگہ سفید ۳ ماشہ۔ جوکھار ۲
ماشہ۔ نوشادر ۲ تولہ۔ فلفل سیاہ تولہ۔ زنجبیل تولہ۔ زرشک
ترش ۹ ماشہ۔ پوست بیخ مدار تولہ۔ دانہ سماق ۶ ماشہ۔
انار دانہ ۵ ماشہ۔ زیرہ سیاہ ۳ ماشہ۔ بزرالبنج ۲ ماشہ۔

برگ پودینہ ۲ ماشہ ۔ نمک چار ماشہ سب کو چھان کر رس لیموں میں گولدیں ۔ ہمراہ آب گرم امراض شکم کیلئے مجرب ہے ۔ غذا ہلکی ۔

## سفوف برائے بخار بچگاں

تیس کوڑی (یعنی تیس تلخ) ا تولہ سفوف کپڑ چھان کرلیں ۔ قند سفید دانہ بارہ تولہ ڈال کر کھرل کر کے سفوف تیار کریں خوراک جوان ۲ ماشہ ۔ خوراک بچگاں ۲ رتی تا ایک رتی ۔

## اکسیر سوکھا مسان

موتی ناصفتہ ۴ رتی ۔ زہر مہرہ خطائی ۶ ماشہ ۔ سنگ یہود ۳ ماشہ ۔ نارجیل دریائی ۶ ماشہ ۔ چھلکا ہڑ زرد ۶ ماشہ ۔ مغز کنول گٹھ ۶ ماشہ ۔ طباشیر ۶ ماشہ ۔ سر دچینی ۶ ماشہ ۔ الائچی خورد ۶ ماشہ ۔ زیرہ گلاب ۶ ماشہ ۔ عرق گلاب میں کھرل کر کے حب مونگ برابر ایک صبح اور شام استعمال کریں ۔

# اکسیر نورکی

کشتہ ابرک شورہ دالا ½ رتی۔ کشتہ سنکھ ۱ رتی۔ کشتہ سنگ پشت یعنی کچھوا ایک رتی ملاکر عرق گاؤزبان سے استعمال کرائیں۔

نسخہ مبارکہ

# آرسنک پوڈر

سنکھیا سفید ۱ رتی۔ کھانڈ دانہ دار ۹۹ رتی ڈالکر ۶ گھنٹہ متواتر کھرل کریں۔ جسقدر سحق بلیغ کرو گے۔ عمدہ دوائی تیار ہوگی یہ نمبر ۱ تیار شدہ ہے۔

تیاری نمبر ۲۔ نمبر ۱ ایک تولہ لیکر تازہ نئی دانہ دار کھنڈ ۹ تولہ ڈالکر خوب کھرل کریں۔ یہ نمبر ۲ ہوا تیار۔

تیاری نمبر ۳۔ نمبر ۲ سے ایک تولہ لیکر نئی کھانڈ ۹ تولہ میں کھرل کریں۔ یہ ہے تیار نمبر ۳۔

نمبر ۱ نمبر ۲ آتشک۔ جذام وغیرہ میں کام آتے ہیں۔ نمبر ۳ بچوں پیر مردوں کو آبحیات کا کام دیتا ہے۔ درد شکم ورم معدہ مالیخولیا مراقی کو نافع ہے۔

# حالاتِ زندگی

از جناب ڈاکٹر حکیم خواجہ محمد اشرف کامل طب و جراحت مستند دہلی مسیح الہند

آپ کی تاریخ پیدائش پانچ جولائی ۱۹۰۵ء والد بزرگوار کا نام نامی خواجہ محمد رمضان صاحب مرحوم بی۔ اے۔ بی۔ ٹی۔ حکیم صاحب موصوف آپ میٹرک پاس کرنے کے بعد ۱۹۲۴ء میں آیورویدک اینڈ یونانی طبیہ کالج دہلی میں داخل ہوئے۔ دوران تعلیم میں آپ ہر سال اپنی جماعت سے اوّل رہے۔

## ٹائیفائیڈ کیلئے مجرب ہے

سپرٹ ایمونیا ایرومیٹک ۱۵ منم۔ ٹنکچر ڈیجی ٹیلس ۵ منم لائیکوار اسٹرکنیا۔ ۳ منم ایکوا ایک اونس

## سردرد مالیخولیا کیلئے

پوست ہلیلہ کابلی ۱۰ تولہ۔ پوست ہلیلہ ۱۰ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ ۱۰ تولہ بسفائج ۱۰ تولہ۔ اسطخودوس ۱۰ تولہ۔ تربد ۱۰ تولہ۔ رفائج۔

پٹاسیم برومائیڈ ۱۰ تولہ - سوڈیم برومائیڈ ہر کوکوٹ چھانکر تین ماشہ ہمراہ دودھ گاؤ کے استعمال کریں۔

## ڈاکٹر و حکیم محمد شفیع قریشی حکیم حاذق مالکے

ایچ - ایم - بی کلکتہ طبیب فاضل درجہ اول جیلانی طبیہ کالج لاہور

## برائے قوت باہ

### ٹانک

کونین سلف ۲۵ گرین - فیری سلف ۲۵ گرین - اکسٹریکٹ نکس وامیکا ۲۵ گرین - اکسٹریکٹ ڈمیانہ ۱۰۰ گرین - اکسٹریکٹ کینابس انڈیکا ۳۰ گرین - اکسٹریکٹ کوکا ۳۰ گرین پل فاسفورس ۲۰ گرین - ایری ایٹ سوڈا کلورس ۱۰ گرین - سلاجیت ۱۰۰ گرین - زعفران ۱۰۰ گرین - مشک ۱۰۰ گرین صمغ عربی بقدر ضرورت جملہ ادویہ کو کھرل کر کے گوند لیکر اسقدر ملالیں - جس سے حب اچھی طرح بن سکے تمام دوائی کی ۱۰۰ گولیاں بنالیں - ہر روز غذا کھانے کے بعد ایک گولی پانی سے روزانہ استعمال کریں۔

# اختناق الرحم

نوجوان لڑکیوں کو جنہیں شروع ہی سے بندش حیض کا عارضہ ہو جاتا ہے۔ ان کے لئے ہومیوپیتھک دوائی پلسیٹیلا مدر ٹنکچر بے خطا ثابت ہوئی ہے۔ ایک گھونٹ تازہ پانی لیکر اسمیں دوائی ہذا سے چار قطرے ڈال کر تین تین گھنٹہ کے بعد استعمال فرمادیں۔ بندش حیض کے۔ علاوہ اختناق الرحم ہسٹریا۔ کھانسی۔ زکام۔ سردرد۔ قوائے ہاضمہ غرضیکہ امراض زنانہ میں۔ خواہ کیسا ہی کیس کیوں نہ ہو۔ شرطیہ کامیابی ہے۔

# سرکہ انگوری

۲ سیر فی گیلن۔ پرانا میوہ۔ گڑ صہ یا راب آدھ سیر۔ سرکہ ½ نصف بوتل ۹ دن تک دو دفعہ صبح و شام ہلاتے رہنا۔ دسویں دن کلونجی ۳ ماشہ۔ کاسنی سبز ۳ ماشہ۔ شورہ ۶ ماشہ فی گیلن ڈالکر بند کر دو۔ ۱۸ یوم کے بعد نمک ۶ ماشہ چھڑک دیں۔ پھر ۴ دن کے بعد سرکہ تیار ہے۔

برائے بواسیر خونی۔ عطیہ ماسٹر محمد لطیف قریشی ماڑی کلاں تحصیل شیخوپورہ

گائے کا پتہ۔ بروزہ تولہ۔ بیٹ کبوتر۔ خون کبوتر مرہم تیار کرکے مسوں پر لگائیں

# جناب حکیم سادھو سنگھ

ویدبھوشن رجسٹرڈ موضع داہگراں ضلع سیالکوٹ

## برائے طحال و ورم جگر

رسوت ۹ چھٹانک۔ گوداکنوار گندل اپاڈ۔

نمک طعام ۲ تولہ۔ جفرات اسیر۔ خردل ۲ تولہ۔ ترکیب نمک۔ جفرات۔ اور گوداکنوار گندل کو ایک جگہ حل کریں۔ دوسری ادویات کو علیحدہ رکھیں۔ بعدازاں حل شدہ ادویات کو کسی لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر چولہے پر چڑھا دیں۔ اور باقی ماندہ کو بھی اس میں ڈالیں۔ اور بیخ بسکھپرہ سے ان کو ہلاتے جائیں۔ جسوقت جفرات اور گوداگھیکوار جذب ہو جاوے اور معجون کی شکل بن جائے۔ اتار لیں۔ دوائی تیار ہے۔

فوائد عظم جگر و ورم جگر کی حالت میں دو ماشہ ہمراہ عرق پودینہ عرق بادیاں۔ عرق اجوائن۔ عرق کاسنی یا آب گرم سے بوقت صبح و شام

عظم طحال کی حالت میں ہمراہ نیم گرم مقام جگر پر مندرجہ ذیل ادویات کے ضماد کریں۔ خاکستر چوب پھلگواڑہ ا تولہ۔ خاکستر چوب انگور ا تولہ۔ برگ جھاڑ ۲ تولہ۔ برگ بھرواں ۲ تولہ

برگ مولی ۹ ماشہ۔ بیٹ کبوتر ا تولہ۔ آرد باجرہ ۳ تولہ۔
میتھی ۹ ماشہ۔ بابونہ ا تولہ۔ سرکہ حسب ضرورت
نوٹ۔ اگر وقت پر سرکہ دستیاب نہ ہو۔ تو بول گاؤ استعمال
کر سکتے ہیں۔

## خاندانی حکیم ڈاکٹر نرنجان سنگھ مضطرؔ واہگراں

### ہر قسم کے بخاروں کو نافع ہے

کشتہ ہڑتال بغیر آگ۔ ہڑتال ورقی ۲ تولہ۔ فلفل دراز
۲ تولہ۔ فلفل سیاہ ۲ تولہ پہلے ہڑتال کو کسی پوٹلی میں باندھ
کر پانی کے گھڑے میں کم از کم پندرہ یوم رکھیں۔ اس
کے بعد باقی ادویہ سمیت آب لیموں میں سات روز
تک کھرل کریں۔ پھر کسی نمدار زمین میں دس روز تک
دفن کریں۔ کشتہ بغیر آگ کے تیار ہو جائے گا۔
مقدار خوراک نصف رتی ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۰ تولہ یا
ملائی ا چمچہ بھر۔ ہر ایک بخار کو دور کرنے میں بے نظیر
ہے۔

# برائے مرہم منوگری پھوڑا

(کوویراج ہنسراج چوپڑہ بھنگا پارچہ دہنوتری سندیافتہ طبیہ کالج دہلی)

موم ۸ تولہ۔ تیل ۴ تولہ۔ پارہ یک تولہ۔ گندھک ا تولہ مردہ سنگ ا تولہ۔ کمیلا ۲ تولہ۔ نیلا تھوتھہ ۳ ماشہ۔ مرہم بناکر استعمال کریں۔

# مقوّی مشتہی

(ڈاکٹر محمد امین ڈی ــ آئی ــ ایم سمبڑیال)

مشک ۳ ماشہ۔ عنبر ۱۰ ماشہ۔ کہربا شمعی ۳۰ ماشہ۔ جدوار ۳۰ ماشہ۔ زعفران ۲۰ ماشہ۔ دارچینی ۳۰ ماشہ۔ جوز بوا ۳۰ ماشہ۔ مصطگی ۳۰ ماشہ۔ گوہر لیکر ۳۰ ماشہ۔ عود ہندی ۳۰ ماشہ۔ ابریشم خام مقرض ۳۰ ماشہ۔ رب السوس ۳۰ ماشہ۔ مایۂ شتر اعرابی ۵ ماشہ۔ جڑھ پان ۷ ماشہ۔ خصیۃ لعلب ۷ ماشہ۔ مغز بادام ۷ ماشہ۔ تخم کاہو ۷ ماشہ۔ مغز کدو ۷ ماشہ۔ تخم خشخاش ۷ ماشہ۔ افیون ا تولہ۔ جملہ ادویات کو باریک کرکے

بادام روغن سے چرب کر کے مونگ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

## سانپ کے کاٹے کا علاج

(از جناب مولوی حکیم فضل الدین کوٹلی بابا فقیر چند تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ)

تیل سرسوں ۲ تولہ۔ عرق پیاز ۲ تولہ۔ ایسی ایک خوراک گھنٹہ گھنٹہ کے استعمال کریں۔ تین خوراک دینے سے آرام ہو جاتا ہے۔

## کشتہ تانبا

تانبہ یک تولہ لیکر ۲۰ تولہ جمال گوٹہ کوٹ کے پاؤ سیر کھدر کے کپڑے لپیٹ کر کے آگ دیں۔ نکالنے پر کشتہ برآمد ہوگا۔

## دیگر

ایک پیسہ کو بول بکری میں ۱۰ بار بجھائیں۔ پھر بکری کے دودھ میں۔ پھر حرمل کے پانی میں۔ پھر تھوہر کے شیر میں

پھر برگ کریر ۲۰ تولہ ۔ بکرے ہڈی ۲۰ تولہ کے نگدہ میں رکھ کر آگ دیں ۔

## اکسیر موتیا

سرکہ اصلی ۲ تولہ ۔ نوشادر یک تولہ ۔ چونہ قلعی ۱ تولہ ۔ سیاہ سر والا سانپ ایک عدد بشرطیکہ سری ثابت ہو ۔ سری کی طرف سے دو ۲ بالشت کاٹ لیں ۔ اور اس کے منہ میں ادویہ بالا کی گولی بنا کر رکھ دیں ۔ اور ۱۶ سیر کی آگ دیں ۔ سرمہ تیار ہے ۔ رات کو سوتے وقت یک یک سلائی لگا لیا کریں ۔ انشاء اللہ ایک دو دفعہ لگانے سے آرام کے آثار نظر آویں گے ۔

## برائے رحیر

(حکیم فقیر اللہ موضع دہیر کے تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ)

مصطگی رومی ۴ ماشہ ۔ روغن الائچی خورد ۲ ماشہ ۔ ہر دو اشیار کو ملا کر رکھ لیں ۔ ہمراہ شیر گاؤ یا عرق گلاب میں قدرے ضرورت کھنڈ ملا کر استعمال کریں ۔

# وجع المفاصل

(شمس الحکماء حکیم سید صفدر شاہ زنجانی ملتان)

**جوشاندہ** ۔ لسوڑیاں ۔ پرسیاؤشاں ۔ گل سرخ نیلوفر ۔ سنا مکی ۔ سونف ۔ تربد سفید ۔ کاسنی ۔ سورنجاں شیریں ۔ ہر ایک سات ماشہ غاریقون ۳ ماشہ سقمونیا دلائتی ۲ ماشے ۔ مغز خیار شنبر ۵ تولے

**ترکیب**) سوائے آخری ہر سہ ادویات کے جملہ ادویہ رات کو بھگو دیویں ۔ علی الصبح حسب دستور جوش دیکر غاریقون ۔ سقمونیا دلائتی اور مغز خیار شنبر ملا کر ترنجبین بجائے سرس ۵ تولہ آمیختہ ۔ نیمگرم پلادیں ۔

**غذا** ۔ دال منگی و روٹی

# حبوب

بلادا ۔ بچھناک فلفل دراز ۔ فلفل گرد ۔ زنجبیل ۔ پوست ہلیلہ زرد ۔ پوست بلیلہ ۔ پوست آملہ ۔ ورتج ۔ تخم کوبخ بابزنگ ۔ ہمہ ادویہ را ذرلول گاؤ مسحوق کردہ ۔ حب بقدر دانہ نخود سازند ۔ خوراک ۲ حب ہمراہ بدرقہ مناسبہ مثلاً آب زنجبیل باآب ادرک وغیرہ ۔

# روغن بواسیر

**افراد ترکیب** ۔ موچرس دکبریت ہر واحدہ ۵ تولہ باہم آمیختہ بذریعہ پیتال جنتر روغن کشید کنند۔ بر مسہ ہائے بواسیر با احتیاط کامل طلا رکنند۔ در ہفتہ۔ عشرہ مسہ ہائے بواسیر را ساقط خواہد کرد۔ د دراں عرصہ ایں کشتہ طوطیا در پوست بندق کردہ خوراک یک رتی ہمراہ علی الصبح از بس لازم است۔

# مرہم بواسیر مسے والی

(حکیم عبدالغنی چوہان موضع مالگا تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ)

اب گندنا سبز یک پاؤ پختہ۔ تیل کنجد نصف پاؤ پختہ۔ گل بھلاوہ ۔ ہر دو میں سے ایک جز پانچ تولہ تیل میں اب گندنا میں جلادیں۔ جسوقت اب گندنا اور ادویات بالا سڑ جائے ۔ مرہم بنا لیویں۔ اور تنا کے اصول پر لیپ کریں۔ لنگوٹ کس لیویں۔ انشاء اللہ بہت فائدہ ہوگا۔ مسے بالکل گرتے نہیں لیکن خشک ضرور ہو جاتے ہیں۔ کئی بار کے تجربے سے ثابت ہوا ہے۔

# اکسیر مدرحیض

(مجربات فقیر قریشی۔ سکنہ بوڑے کے ضلع شیخوپورہ)

اسگند ناگوری ایک حصہ۔ آب اکسن کھرل کریں۔ خوراک ۲ ماشہ ہمراہ جول گھی اور شیر آمیز کرکے۔ اور آدھ سیر دودھ ایک چھٹانک گھی۔ موافق طبیعت سرد پانی پینا منع ہے۔ ننگے پاؤں نہیں چلنا چاہیئے۔

# اکسیر ملیریا

ضلع شیخوپورہ دیسی کونین

حسب الحکم ولد رہا مدین سکنہ بوڑے

مغز تخم کرنجوا تین ماشہ۔ تخم پوست فندق ۱ماشہ۔ آب گو سبز دو تولہ۔ جو نم کے درخت کی خوراک سے پروردہ ہو۔ کھرل کریں۔ خوراک بمقدار جوان نیم ۱/۲ رتی سرخ آب تازہ صبح اور شام نوش کریں۔

تریاق ڈوڈے کی۔ سنکھیہ دو تولہ۔ مغز کنول ڈوڈے خشک یا سبز ہ تولہ۔ برگ کرنجوا ۱۰ تولہ ہمہ ادویہ کا نگدہ تیار کریں۔ سنکھیہ درمیان رکھکر آگ دیں۔ خوراک ۱/۲ رتی سرخ عرق مکو گاؤ زبان بصبح شام گیارہ بجے انشاء اللہ نہایت اچھا نسخہ ہے۔

# برائے تپ اور کھانسی سل دق

(حکیم محمد الدین شمس المحکما ء بھگی سندھ ہوالا)

ہڑتال ورقیہ زرد ایک تولہ لے کر ایک ہانڈی میں برگ مدار کوٹ کر اسقدر بھر دیں۔ نصف نیچے اور نصف اوپر درمیان ہڑتال اوپر چار پہر آگ دیویں۔ جب سرد ہو جائے۔ تو سیاہ رنگ کا کشتہ برآمد ہوگا۔ کشتہ کے وزن نگھاں ڈالکر چار پہر کھرل کریں۔ دودھ میں ڈالکر خوب کھرل کریں نسخہ تیار ہے۔ خوراک ۲ رتی ایک ماشہ کھانڈ دونو وقت نوش کراویں۔ مریض دمہ کو منقہ میں جملہ امراض کے مریضوں کو کھانڈ اور صفرادی طبیعت زیادہ ہوں تو صبح مکھن سے کھلادیں۔

# دیگر برائے جریان

پنبہ کنڈہ کے چاول نکال کر ایک تولہ شام کو ہمراہ دودھ گاؤ کے نوش کریں۔ انشاء اللہ پندرہ یوم تک صحت ہوگی۔

پرہیز:۔ ترش اشیاء اور بادی اشیاء سے کریں۔

# انڈکس کتاب تحفہ مقبول


| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| نسخہ برائے بخار صفراوی و مرہم برائے چنبل وغیرہ | ۲ |
| برائے مار گزیدہ | ۳ |
| نسخہ بخار | ۵ |
| نسخہ صرع و دق اطفال | ۶ |
| اکسیر چھپاکی و اکسیر تپ ربع و درد شقیقہ و لکنت زبان | ۸ |
| نسخہ قنجنوس | [illegible] |
| احتباس طمث و سرکہ انگوری | ۱۲ |
| ادرار حیض | ۱۳ |
| جریان و خارش و بواسیر | ۱۴ |
| کرم و خارش مقعد | ۱۵ |
| صرع | ۱۶ |
| نسخہ مبارک درد پسلی | ۱۷ |
| احتباس طمث و امراض بچگان و بخار مبارکہ | ۱۸ |
| نسخہ آتشک و بواسیر خونی و بادی | ۱۹ |
| یرقان و سیلان الرحم و ماسخورہ | ۲۰ |
| مخلوق و ضعیف جگر | ۲۱ |
| ادرار حیض و چھپاکی | ۲۲ |
| مقوی معدہ و درد گردہ و اختناق الرحم | ۲۳ |
| نسوار مرگی و درد شکم ضعیف جگر سرعت انزال وغیرہ | ۲۴ |

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| نسخہ ڈبہ و چنبل | ۲۵ |
| شربت مصفٰے خون و کھُس | ۲۶ |
| فالج | ۲۷ |
| سوزاک و دھدر | ۲۸ |
| " مروڑ و اتھرا | ۲۹ |
| " نکسیر | ۳۰ |
| " نامردی و کشتہ بنگ | ۳۱ |
| کشتہ شنگرف | ۳۲ |
| نسخہ یرقان | ۳۴ |
| تریاق نزلہ و سفوف مبارک | ۳۵ |
| درد عینک ابرو خرافیدن۔ نمک تمباکو | ۳۶ |
| امراضِ بچگان | ۳۹ |
| قبض کشا۔ و بخار و مفرح رحمانی | ۴۰ |
| دافع بخار و ہیضہ | ۴۱ |
| ذات الجنب | ۴۲ |
| نسخہ مبارک | ۴۳ |
| ڈبہ | ۴۴ |
| سوزاک | ۴۵ |
| علے نفاسیہ | ۴۶ |
| زیابیطس و سستے و داد | ۴۷ |
| بواسیر خونی۔ قوت باہ | ۴۸ |
| ہیضہ و درد گردہ | ۴۹ |
| مدہومیہ و دافع بخار | ۵۰ |

| مضمون | صفحہ |
| --- | --- |
| نامردی | ۵۱ |
| سرمہ مقوی البصر | ۵۲ |
| درد حیض و وجع الفواد و ورم معدہ | ۵۳ |
| تپ دق۔ و ضعف معدہ۔ و نامردی | ۵۴ |
| قوت ہاضمہ | ۵۵ |
| کرنگ۔ کھانسی تپ و سیلان الرحم | ۵۶ |
| بچوں کے اسہال کیلئے | ۵۸ |
| ضعف جگر۔ عرق مبارک کھانسی | ۵۹ |
| مقوی باہ | ۶۰ |
| باہ و ممسک۔ و مسہل مبارک | ۶۱ |
| بلریا بخار۔ ریح البواسیر | ۶۲ |
| پڑوال و پھولا | ۶۳ |
| تپ بلغمی | ۶۴ |
| حبس البول تپ کہنہ۔ خفقان | ۶۵ |
| ادرار حیض۔ و مرہم زخم۔ بواسیر خونی و بادی | ۶۶ |
| قوت باہ | ۶۷ |
| نسخہ باسخورہ | ۶۸ |
| ضعف خون۔ سرمہ سلیمانی | ۶۹ |
| برائے تپ۔ و مقوی باہ۔ جریان | ۷۰ |
| قوت باہ | ۷۱ |
| وجع المفاصل۔ دانش اکسیر دردان و دورہ مرگی | ۷۲ |
| سفوف ابنہ۔ حب مسہل جمال | ۷۳ |
| چوہدری الف خاں۔ کھانسی دمہ | ۷۴ |


مرزا حکیم ملک احمد
بازار دہلی دروازہ
مسجد بورڈ والی

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| دلیپ ہار گول ۔ داد چنبل | ۷۵ |
| جریان ۔ ماسخورہ | ۷۶ |
| سنگ یشب | ۷۷ |
| کشتہ ابرق سیاہ عرق مبارک | ۷۸ |
| چٹنی مبارک | ۷۹ |
| درد گردہ و ہیضہ | ۸۰ |
| درد سر ۔ و بیہوشی و بخار کھانسی ۔ پھولہ چشم | ۸۱ |
| سیلان چشم و درد گردہ و کھانسی | ۸۲ |
| درد گردہ کھانسی | ۸۳ |
| کشتہ تانبہ و معجون مقوی باہ | ۸۴ |
| عرق حمیات | ۸۶ |
| اکسیر مقوی باہ اور خمیرہ صندل | ۸۷ |
| حبّ ممسک ۔ و روغن بہرپن | ۸۸ |
| اکسیر الوجہ و اکسیر بن | ۸۹ |
| بخار | ۹۱ |
| نشٹ روگ | ۹۲ |
| سوزاک حبّ مدر حیض | ۹۳ |
| حب آتشک و نفس الدم و درد گردہ | ۹۴ |
| حفظان صحت | ۹۵ |
| طریقہ مربع گاجر | ۱۱۰ |
| ذبہ و بواسیر و سرمہ مقبول | ۱۱۱ |
| شاہی سرمہ و سرمہ عجیب سرمہ غریب و سرمہ ٹھنڈا جریان | ۱۱۲ |
| جریان | ۱۱۳ |

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| جریان | ۱۱۴ |
| طبی صندوقچہ و سرمہ دافع بخار | ۱۱۵ |
| نزلہ زکام | ۱۱۶ |
| پوڈر بخار | ۱۱۷ |
| اکسیر پیچش و شربت تلخ برائے تپ | ۱۱۸ |
| " " روغن طحال | ۱۱۹ |
| جلاب لاجواب | ۱۲۰ |
| بواسیر و دق و دمہ و جریان | ۱۲۱ |
| روغن کافور و کشتہ چاندی و اکسیر اعظم | ۱۲۲ |
| کشتہ پارہ و کشتہ سنکھیا | ۱۲۳ |
| زہر صادق و کشتہ ہڑتال ورقیہ | ۱۲۴ |
| کشتہ شنجرف و طحال | ۱۲۵ |
| لعوق جبار شنبر و مفرح مقبول | ۱۲۶ |
| نسخہ اطرا | ۱۲۷ |
| اکسیر امراض چشم | ۱۲۸ |
| حب مقوی دماغ و حب نافع فالج | ۱۲۹ |
| اکسیر جگر | ۱۳۰ |
| اسہال و پیچش | ۱۳۱ |
| دو مجربات | ۱۳۲ |
| طلاء قضیب فربہی | ۱۳۳ |
| دیدان - بہرہ پن - بول الدم | ۱۳۴ |
| کشتہ تانبہ و ناسورہ و ہیضہ | ۱۳۵ |
| کھانسی کالی سوزش بول | ۱۳۶ |
| جریان و چیچک | ۱۳۹ |

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| سیلان الرحم | ۱۴۱ |
| درد گردہ | ۱۴۲ |
| بیریان وہیضہ | ۱۴۳ |
| کثرت حیض وضماد چشم | ۱۴۴ |
| سرمہ | ۱۴۵ |
| سفوف باہ | ۱۴۷ |
| سرمہ چشم | ۱۴۸ |
| اکسیر ابتداسِل ودق | ۱۴۹ |
| درد معدہ ودرد شکم | ۱۵۰ |
| بخار بچگان و اکسیر تورکی ۱۵۱ و | ۱۵۲ |
| ارسنگ پوڈر، ٹائیفائڈ سر درد و مالیخولیا | ۱۵۳ |
| اختناق الرحم و سرکہ انگوری | ۱۵۵ |
| طحال و ورم جگر | ۱۵۶ |
| بخاروں کا علاج | ۱۵۷ |
| حب نشتی و مرہم مونگری کچھوٹا | ۱۵۸ |
| سانپ کاٹے کا علاج | ۱۵۹ |
| کشتہ تانبہ | ۱۵۹ |
| اکسیر موتیا برائے زحیر | ۱۶۰ |
| وجع المفاصل و حبوب | ۱۶۱ |
| روغن بواسیر و مرہم بواسیر | ۱۶۲ |
| اکسیر مدر حیض و اکسیر ملیریا | ۱۶۳ |
| تپ و کھانسی سِل دق دیگر برائے جریان | ۱۶۴ |


نمبر ۱: کتابت کی غلطیاں اگر کوئی صاحب ملاحظہ فرمائے تو معاف کرنا ہوگا

# عرس

خواجہ حضرت مولوی بدر دین صاحب چشتی صابری موضع دھگانہ تحصیل شاہدرہ بدو ملی سے ایک میل کے فاصلہ جانب مغرب پر ۲۸ ماہ چیت کو ہر سال ہوا کرتا ہے شائقین حق یاد رکھیں

# تصدیق و سفارش

جملہ مرضائے ہند سے اپیل کی جاتی ہے اور حکمائے ہند کو مشورت دی جاتی ہے!

کہ آپ ڈاکٹر مولوی عبدالحکیم طبیب حاذق و لقمان الملک دھگانہ ضلع سیالکوٹ پورہ میں تشریف لائیے۔ آپ کی تشخیص خداداد اور فن بنارضی کی کرشمہ سازی ملاحظہ فرمایئے۔ میں نے چند اضلاع مثلاً سیالکوٹ گورداسپور۔ امرتسر۔ لاہور۔ شیخوپورہ۔ گوجرانوالہ۔ گجرات وغیرہ وغیرہ علاقہ جات میں ، میں نے دورہ کر کے معلوم کیا ہے۔ کہ آپ کی دست شفا کی دھوم ہے۔ میرے دو سو پچاس ممبران طبیہ بورڈ میں سے آپ ماہرین طبابت ہیں۔ مریضوں کی صحت کیلئے آپ آب بقا ہیں۔ فن طب کی قربانی کرنیکا جذبہ آپ کے دل میں کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا ہے خدا عزوجل سے میں دعا کرتا ہوں کہ اُسنے ہمارے بیچ دوسرا مسیح الملک زمانہ کی موجودہ ضرورت کیلئے پیدا کر دیا ہے تاقیامت زندہ رہے

| | | | |
|---|---|---|---|
| طبی کورس حصہ اوّل مقبول | قیمت | رسالہ استسقا | قیمت ۲ر |
| " " جلد دوم " | عہ | رہنمائے شباب | ۳ر |
| " " جلد سوم " | عہ۴ر | فزیالوجی مقبول | ۸ر |
| مجربات مقبول | ۸ر | تحفہ مقبول جلد اوّل | عہ۸ر |
| آنا ہتمی " | عہ۸ر | تحفہ مقبول جلد دوم | مے |
| رسالہ بخار | ۲ر | " " سوم | للعہ |
| رموز الحکمت ۲ر طبی مقبول عالم جنتری ۲ر | | " چہارم | صہ |

پیر مقبول عالم اولاد حضرت مخدوم جلال الدین کبیر الاولیا پرنسپل طبی بورڈ
پسرور

# خوشخبری

مثنوی مولانا روم قیمت عـہ۸ر
شرح مثنوی مولانا روم صـہ
کیمیائے سعادت عـہ۱۲
تفسیر موضح القرآن اردو ترجمہ ـــہ
سیرت خالد بن ولید عـہ۸ر
تاریخ اسلام ـــہ
خطبات دین محمدی عـہ۴ر
کشف المحجوب عـہ۴ر
حقوق و فرائض اسلام عـہ۸ر
چراغ دین محمد کتاب واعظ عـہ۴ر
تجرید البخاری صـہ
شاہنامہ اسلام ـــہ
" " " دوم ـــہ
نغمہ زار عـہ۴ر
سوز و ساز عـہ
ارمغان حجاز عـہ۸ر

ضرب کلیم قیمت عـہ
بانگ درا ـــہ
بال جبریل کلام اردو ـــہ
رموز بیخودی و اسرار خودی عـہ
مثنوی پس چہ باید کرد عـہ
پیغام حق اس میں بیت اللہ شریف اور آنحضرت صلعم کی پیدائش اور کی زندگی کے حالات لکھے ہیں قیمت ۴ر
دور صداقت۔ اس آنحضرت صلعم کی مدنی زندگی کے حالات ہیں آخری باب میں خلافت راشدہ کا مختصر بیان ہے قیمت ۵ر ........
شام کا آخری شہر اس میں فتوحات شام کا بیان ہے قیمت ......۶ر
شاہی خزانے اس میں تسخیر ایران کے واقعات بیان کئے گئے ہیں قیمت ۸ر
خون شہیداں جس میں شہادت کے تمام واقعات درج ہیں قیمت ۴ر
نیز ہر قسم کی کتابیں عربی۔ فارسی اردو۔ علم طب۔ تفسیر و ہر ایک قسم کے قرآن مجید بارعایت ملنے کا پتہ

## شیخ حیدر بخش اینڈ سنز تاجر کتب کشمیری بازار لاہور

مسملقار سرخ و زرد [illegible] ہرتال [illegible] سار

[illegible] رسکپور [illegible] لال گھنٹی [illegible] ایک

۲ تولہ [illegible] الگ الگ [illegible] روغن [illegible] بنا

دس تولہ [illegible]

[illegible]

[illegible] ۲ [illegible]

[illegible]

[illegible]



# بیاض مقبول

**بیاض مقبول** قدیم اور ایک انتہائی نایاب طبی کتاب ہے جو کہ آپ کو نہ تو کسی بُک اسٹال سے ملے گی اور نہ ہی اس سے قبل پی ڈی ایف میں موجود ہے۔ مجھے یہ نایاب طبیّ کتاب اپنے ایک بہت ہی پیارے دوست حکیم مختار احمد بھٹی کے مطب سے ہاتھ لگی۔ میں حال ہی میں اُن سے ملنے گاؤں کوٹ بدر دین اُن کے مطب پہ گیا تو وہاں یہ کتاب میری نظر سے گزری، چنانچہ پی ڈی ایف بنانے کی غرض سے میں نے چند روز کیلئے اُن سے یہ کتاب مستعار لی اور پھر بڑی ہی محنت سے اسکین و صفائی کرکے اِستفادۂ عام کی کیلئے ایک خوبصورت سی پی ڈی ایف بنادی۔ اِس کتاب کی جلد بندی میں جو اخبار استعمال ہُوا وہ مورخہ ۲۹ ستمبر ۱۹۶۴ء کا ہے۔ امید ہے کہ میری یہ کاوش دوستوں کو پسند آئیگی۔

حکیم ایم ارشد شاہین لاہور کینٹ: 0323-4422244